روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

ماہنامہ

خزینہ روحانیات

لاہور

February
2022

جلد نمبر 12

شمارہ نمبر 10

قیمت 70 روپے

مجرب روحانی ٹوٹکے

لوحِ امدادِ غیبی

تسخیر ہمزاد

رزق میں برکت کے اعمال

عمل قؔ اور عمل نؔ

جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج

زوجین کی اصلاح کرنے کے روحانی اعمال

خراب صحبت کی سات علامتیں

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

مندرہ شاہ علی جادو اور جنات کے اثرات کے علاج کا سرتاج عمل

تعارف: "مندرہ شاہ علی" نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات وشیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔ اس کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، وہ جادو، جنات اور دشمنوں کے خلاف بہت تیز کام کرتی ہے اور ضرورت پڑنے پر مخالف کو خوب سبق بھی سکھاتی ہے۔ مندرے کے عامل پر جادو اور جنات آسانی سے حملہ آور نہیں ہو سکتے۔

عمل کے فائدے درج ذیل ہیں

جگہ کی جناتی، آسیبی یا سحری اثرات سے حفاظت	تلوار، نیزہ، بندوق، پستول سے حفاظت	بجلی یا کرنٹ سے حفاظت
مریض کی سحر جادو، آسیب اور شیاطین سے حفاظت	رات یا ویرانے کے سفر میں حفاظت	جانوروں کی بیماریوں سے حفاظت
گھر اور جگہ کا مضبوط حصار	خبیث ارواح کی چوکی کا علاج	جادو کے عمل والی ہانڈی کو واپس کرنا
جنات یا سحر جادو، مرگی کے لئے خاص گنڈا	دماغ خراب، مجنون و دیوانہ پن کا علاج	بے اولادی کا خاص عمل
مکانوں کی بنیاد کے لیے حفاظت کا خاص عمل	جسم میں دردوں کا علاج	زہریلا کیڑا کاٹے کا علاج
بداثرات کی وجہ سے جسمانی و ذہنی تکالیف کا علاج	اٹھرا کا علاج	ہر مرض کے لئے
دشمن زیر اور ذلیل وخوار کرنا	ڈھول، بینڈ باجے کو باندھنا	ہر جائز مقصد کے لئے

اجازت کے لیے اھلیت: ایسے تمام افراد جنہوں نے جادو جنات کے بنیادی عمل کیے ہوں۔

اجازت لینے کا طریقہ: مندرہ کا عامل بننے کے لیے عمل کا ھدیہ ادا کر کے چلہ کشی کرنی ہوتی ہے۔

ھدیہ 9100 روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر "آگے سکھانے کی خاص اجازت" حاصل کر کے سکھائیں یا ادارے سے اجازت دلوائیں۔ ہر شاگرد چھوٹے درجے تو کر لیتا ہے لیکن بڑے درجے کی ریاضت کے لئے وقت نہیں ہوتا یا وسائل بھی نہیں ہوتے کہ وہ بڑے درجے کی ریاضتیں کر کے آگے اعمال سکھا سکے۔ لہٰذا شاگردوں کے بار بار اسرار کرنے پر روحانی درسگاہ کی مجلس مشاورت نے یہ فیصلہ کیا کہ ایسے تمام شاگرد اپنے مریضوں اور شاگردوں کو اب روحانی درسگاہ کے تمام اعمال چند شرائط کے ساتھ آگے سکھا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے روحانی درسگاہ سے رابطہ فرمائیں

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 12 رجب المرجب ۱۴۴۳ھ / فروری 2022ء شمارہ 10

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

قیمت 70 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ بھیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔
- UBL Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- Upaisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:
بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:
بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

فروری 2022ء

رجب المرجب ۱۴۴۳ھ

حمد

وہ سنتا ہے سب کی دعا کر تو دیکھو
تم اپنے نصیب آزما کر تو دیکھو
سیاہی گناہوں کی ڈھل جائے دل سے
تم آنکھوں سے آنسو بہا کر تو دیکھو
وہ ہے حی قیوم شہ رگ سے نزدیک
مصیبت میں اس کو بلا کر تو دیکھو
وہ اللہ تم سے محبت کرے گا
نبی ﷺ سے وفا تم نبھا کر تو دیکھو
زمیں کی تمہیں پادشاہی ملے گی
علَم لا الہ کا اٹھا کر تو دیکھو
خدا خود خریدار ہو گا تمہارا
شہادت کے بازار جا کر تو دیکھو
مہکنے لگے روح دل شاد ہو گا
کلی ذکرِ رب کی کھلا کر تو دیکھو
تیار آؤ شعروں کا گلشن ہے شاہد
بھرو جھولیاں مسکرا کر تو دیکھو

(شاہد لال)

حضور کے در پہ جان دیدوں

یہی تمنا ہے میں بھی کچھ دن درِ نبی پر گزار آؤں
جو لے کے جاؤں اثاثہ جاں وہ ان کے قدموں پہ وار آؤں
ہوں میں بھی اک منتظر مسافر، سکون قلب و نظر کی خاطر
یہاں سے میں بے قرار جاؤں، وہاں سے لے کر قرار آؤں
میں آپ کی خاک در کے صدقے، میں آپ کی اک نظر کے صدقے
کبھی درِ فیض وا ہو مجھ پر، کہ عاقبت کو سنوار آؤں
بساؤں نس نس میں اس طرح میں تبسم مصطفی ﷺ کی نکہت
میں اپنی دنیا سنوار آؤں، میں اپنی ہستی نکھار آؤں
نظر ہو مجھ پر طبیب میرے کہ جاگ اٹھیں نصیب میرے
مجھے بھی اے میرے بندہ پرور، عطا ہو یہ اختیار آؤں
میں چوموں کعبہ کو ہر طرف سے، پھروں مدینے کی ہر گلی میں
میں بار بار اس دیارِ اقدس میں جاؤں اور بار بار آؤں
حضور ﷺ کے در پہ جان دیدوں، مری یہی آرزو ہے جعفر
جو بوجھ سر ہے زندگی کا، وہ بوجھ سر سے اتار آؤں

(جعفر شیرازی)

اہم گزارش

بہت سے کسٹمرز ادارے کے بینک/موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کے بعد اطلاع نہیں دیتے جس کی وجہ سے وہ رقم امانت رکھی رہتی ہے اور ادارے کے مطلوبہ شعبوں میں نہیں جاتی۔ نیز کسٹمر کا سامان روانہ کرنا ہوتا ہے۔ جس کیلئے نام مکمل پتہ اور فون نمبر بھی نہیں بھیجا جاتا۔ اس لئے رقم جمع کروانے کے فوری بعد **0302-8401977** پر مکمل تفصیل ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کیجئے۔ آپ کو رقم وصولی کا تصدیقی ایس ایم ایس کیا جائے گا۔ اس کے بعد ہی سامان روانہ کیا جائے گا۔

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ مارچ **2022** سے اپریل **2023** تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے **1130** روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے **1550** روپے اور **TCS** ممبر شپ کیلئے صفحہ نمبر **2** ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ رابطہ: **0322-4773786**

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

اداریہ

مدیر: ماہنامہ خزینہ روحانیات
مولانا علی آفاق

محترم قارئین کرام!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اس اداریہ میں ہم اپنے روحانی درسگاہ کے طلباء سے خصوصاً اور تمام قارئین خزینہ روحانیات سے عموماً چند اہم اور کام کی باتیں کریں گے۔

ان باتوں کی اجمالی فہرست آپ کی خدمت میں پیش کر کے باری باری تمام امور پر تفصیلی بات چیت کریں گے۔ ہمارے ادارے اور خصوصاً روحانی درسگاہ کا مقصد عوام الناس کو روحانی علوم کی گہرائی تک روشناس کروانا ہے، ساتھ ہی لوگوں کو اپنے گھر، کاروبار، بال بچوں کو روحانی علاج معالجے کے حوالے سے خودمختاری دینا اور روحانی اعتبار سے پیروں پر کھڑا کرنا ہے۔ آئندہ مختلف آستانوں کے چکر لگانے، جوتے گھسانے سے محفوظ بنانے، بہن، بیٹیوں کی عزت وعصمت کو محفوظ بنانا اور جس بہن بھائی میں جس کام کی اہلیت ہے یا وہ ضرورت مند ہے اس کو احسن انداز سے اس کام، مقصد کو ادا کرنے اور گھر بسانے، بچانے، کاروبار، ملازمت، ازدواجی رشتوں کو روحانی پیچیدگیوں سے پاک بنا کر نبھانے کا گُر اور ہنر سکھانے کا فن ایک عرصے سے منتقل کر رہے ہیں۔ اس خدمت میں کم وبیش 25 سال گذارنے کے بعد ادارہ دارالعمل چشتیہ خصوصاً حضرت سیدی مرشدی خالد مقبول صاحب دامت فیوضھم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جب روحانی معالجین اپنی خدمت کے دائرے کو پوری دنیا تک وسیع کرتے ہوئے ہر فرد، عورت، مرد کو اس قابل بنا سکے کہ وہ چلتا پھرتا اشتہار بن کر ہزاروں افراد کے روحانی معالج کے رابطے میں آنے اور شفاء مل جانے کا ذریعہ نہ بن جائے اس وقت تک اس معالج کا روحانی فیض ناقص اور ادھورا ہے۔ اس کے لئے مریض کو نا صرف سمجھنا، اس کی نفسیات سمجھ کر علاج دینا، مریض کی فون پر یا آمنے سامنے بیٹھ کر بات اور قصہ سن کر مسئلہ کی تہہ تک پہنچنے کی صلاحیت کو اجاگر، مضبوط اور باقاعدہ سبق کے ذریعے انہام وتفہیم کی استعداد پیدا کرنا ہوگی۔ مثلاً ایک مریضہ کی والدہ کہتی ہے کہ میری بیٹی کی شادی میں رکاوٹیں ہیں۔

❶ رشتہ نہیں آتا ❷ رشتہ آتا ہی نہیں ❸ رشتہ آتا ہے مگر واپس رابطہ نہیں ہوتا ❹ رشتہ طے ہو کر منگنی ہو کر بلاوجہ ٹوٹ جاتی ہے ❺ منگنی کے بعد رخصتی کی نوبت نہیں آتی، کوئی رکاوٹ، بندش، حادثہ ہوتا ہے اور شادی پھر 4 سے 6 ماہ لیٹ ہو جاتی ہے ❻ شادی ہو گئی تھی مگر پہلے یا تیسرے ماہ بلاوجہ طلاق ہو گئی۔ اب رشتہ نہیں ہو رہا۔ اب معالج سمجھ جائے کہ مسئلہ اس بیٹی کا ہے۔ طلاق دینے والے یا سسرال میں طلاق دلوانے والے صرف پُتلی تماشے کا کردار ہیں۔ اصل دشمن آپ کے عزیز رشتہ دار ہیں۔ اب اس مسئلے کو حل کرنا ہے اور سکھنا ہے کہ آئندہ یہ گھر بس سکے، بچ سکے اور اسے طلاق کی زحمت دوبارہ نہ اٹھانی پڑے۔ رشتہ ہوا، رخصتی ہوئی مگر ایک ہی ماہ میں سسرال سے ماں کے گھر بھیج دیا۔ اب سال ہو چکا ہے کہ واپسی کی کوئی شکل صورت نظر نہیں آ رہی، لوگ مذاق کرتے ہیں، طعنے دیتے ہیں۔ تفصیل میں گئے تو پتہ چلا کہ شادی ہونے سے پہلے رشتہ ہونے یا طے ہونے میں رکاوٹ تھی۔ اب اس بندش، جادو اور رکاوٹ کو ماں کے گھر ہی حل کر لیں۔ شوہر آ کر لے جائے گا۔ گھر بس جائے گا۔ الغرض حالات سن کر اور چند سوالات کر کے مسئلے کی تہہ تک پہنچنا سیکھیں اور دائمی حل دیں عارضی نہیں۔

روحانیات و تصوف

از قلم: قیصر احمد بی اے (کراچی)

ترک دنیا

ایک دفعہ بغداد کے ایک بازار نخاس میں آگ لگ گئی۔ مال و اسباب اور جانوروں کا سخت نقصان ہوا۔ ایک دولت مند کے دو حسین غلام بھی آگ میں گھر گئے۔ اس نے اعلان کیا کہ اگر کوئی شخص ان کو آگ سے نکال لائے تو دو ہزار اشرفیاں دوں گا۔ لیکن کسی شخص کو جرأت نہیں ہوئی۔ شیخ ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ بسم اللہ پڑھ کر آگ کے شعلوں میں کود پڑے اور ان دونوں غلاموں کو صحیح و سالم اٹھا لائے۔

غلاموں کے مالک نے حسب وعدہ دو ہزار اشرفیاں پیش کیں لیکن آپ نے ان کے لینے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ: ''میں نے یہ مرتبہ ''ترک دنیا'' سے حاصل کیا ہے پھر یہ اشرفیاں میں کیوں قبول کر سکتا ہوں۔''

(ماہنامہ آستانہ دہلی، ص ۵۹، ماہ جولائی ۱۹۵۵ء)

شیفتہ و فریفتہ ہوائے نفسانی

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کے ابتدائی حالات زندگی میں مذکور ہے کہ آپ ایک عورت پر اس درجہ شیفتہ و فریفتہ تھے کہ کسی پہلو چین نہ آتا تھا۔

شاید اسی کا نام محبت ہے شیفتہ
اک آگ سی ہے سینہ کے اندر لگی ہوئی

سردی کا موسم تھا۔ ایک رات محبوبہ کے مکان کی دیوار کے ساتھ صبح تک لگے کھڑے رہے۔ جب صبح کی اذان ہوئی تو آپ نے خیال کیا کہ عشاء کی اذان ہوئی ہے لیکن فوراً ہی آدمیوں کی آمد و رفت اور روشنی نمودار ہونے پر معلوم ہوا کہ میں ساری رات محبوب کی دیوار سے لگا کھڑا رہا ہوں اور مفت میں ایک مخلوق کا اس قدر انتظار کرتا رہا۔ پھر اپنے آپ سے کہنے لگے: ''مبارک کے بیٹے! شرم کر! ہوائے نفسانی کی خاطر تو نے ساری رات گزار دی۔ اگر نماز میں ساری رات کھڑا رہتا تو کیا نہ ہوتا۔'' فوراً توبہ واستغفار کی اور عبادت الٰہی میں مشغول ہو گئے اور بزرگ میں بہت بڑا مرتبہ حاصل کیا۔

(ماہنامہ آستانہ دہلی، ص ۶۴، ماہ ستمبر ۱۹۶۳ء)

ایک رات کی نماز کا صلہ

حضرت احمد خضرویہ رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ایک شب چور آیا۔ اس نے سارا گھر ڈھونڈا لیکن کوئی چیز ہاتھ نہ آئی۔ جب مایوس ہو کر جانے لگا تو حضرتؒ نے اُسے پکار کر کہا: ''میاں ٹھہرو! وضو کر کے نماز پڑھو۔ دیکھو! صبح تک میرے پاس کچھ آ گیا تو میں تمہاری نذر کر دوں گا۔''

چور نے حکم کی تعمیل کی۔ علی الصباح ایک امیر نے حاضر ہو کر سو (100) اشرفیاں حضرت کی خدمت میں پیش کیں۔ آپ نے وہ اشرفیاں چور کو دے دیں اور فرمایا کہ: ''یہ تمہاری ایک رات کی نماز کا صلہ ہے۔''

اس بات سے چور اس قدر متاثر ہوا کہ اسی وقت تائب ہو گیا۔

(ماہنامہ آستانہ دہلی، ص ۴۹، ماہ ستمبر ۱۹۵۳ء)

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ (قسط:1)

سید ارشاد احمد عارف

بات کچھ بھی نہ تھی مگر جوگی بات کا بتنگڑ بنانے پر تلا نظر آتا تھا۔ آخر انہیں بھی غصہ آ گیا۔ ہوا یوں کہ جوگی نے شعبدہ بازی کے زور پر بستی کے لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ باری باری سارا دودھ اس کے پاس لایا کریں ورنہ گائے بھینسیں دودھ کی بجائے خون دیا کریں گی۔ لوگ ضعیف الاعتقاد تھے، انکار نہ کر سکے۔ ویسے بھی ہندوستان کی سرزمین جادوگری اور شعبدہ بازی کا مرکز رہی ہے۔

بستی والے باری باری اپنے گھر کا سب دودھ جوگی کو دے آتے اور سمجھتے کہ بستی زمینی وبا اور آسمانی آفت سے محفوظ ہو گئی ہے۔

یہ سلسلہ نہ معلوم کب تک جاری رہتا مگر ایک دن ایک بڑھیا دودھ لئے جا رہی تھی کہ درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے اللہ اللہ کرنے والے ایک درویش نے اسے روکا اور دودھ پینے کی خواہش ظاہر کی۔

''بیٹا! اگر دودھ جوگی کے پاس نہ لے گئی تو میری گائے بھینسیں کسی آفت کا شکار ہو جائیں گی۔'' بڑھیا نے بڑے مظلومانہ اور سہمے سہمے لہجے میں کہا۔ درویش نے دودھ لے لیا اور اسے تسلی دی اور کہا ''بستی والوں سے کہو، وہ دودھ جوگی کے پاس نہ لے جائیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں، جوگی انہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔'' بڑھیا مطمئن ہو کر چلی آئی۔

جوگی دو تین دن تک انتظار کرتا رہا لیکن کوئی شخص بھی اس کے پاس دودھ لے کر نہ آیا۔ مارے غصے کے وہ کھول اٹھا۔ کھوج لگایا کہ معاملہ کیا ہے؟ پتہ چلا کہ ایک درویش کے کہنے پر لوگوں نے دودھ بھیجنا بند کر دیا ہے۔ جوگی یہ سن کر آگ بگولا ہو گیا۔ اسی وقت درویش کے پاس آیا اور اُول فول بکنے لگا۔ درویش اسے سمجھاتا رہا کہ تم انہیں اپنا تابع مہمل کیوں بنانا چاہتے ہو؟ لیکن جوگی غصے میں تھا۔ اس لئے درویش کی نرم مزاجی کو کمزوری پر محمول کیا اور کہنے لگا ''تمہیں کس نے اختیار دیا ہے کہ میرے معاملات میں دخل دو۔'' درویش نے کوئی جواب نہ دیا۔ جوگی نے کہا ''اگر تم اپنے آپ کو اتنا ہی صاحب کمال سمجھتے ہو تو آؤ میرا مقابلہ کرو۔ میں علم و کمال کا مظاہرہ کرتا ہوں، تمہارے اندر بھی کچھ ہے تو ظاہر کرو۔''

''میاں! ہم اللہ تعالیٰ کے عاجز بندے ہیں۔ کمال اور کبریائی تو اُسی کو زیبا ہے۔ شعبدہ گری ہمیں نہیں آتی۔ تم اپنے کمالات دکھاؤ۔'' درویش نے جواب دیا۔

جوگی نے اپنی جسمانی ریاضت کے بل پر حاصل کی ہوئی قوت کے ذریعے شعبدہ دکھانا شروع کیا۔ درویش نے فرمایا ''یہ تو بازاروں میں پھرنے والے بازی گر بھی دکھاتے ہیں۔ اپنا وہ کمال دکھاؤ جس پر تم نازاں ہو۔''

جوگی نے چھلانگ لگائی اور ہوا میں اڑنے لگا۔ درویش نے اپنا جوتا اٹھا کر پھینکا۔ جوتا جوگی کے سر پر پڑا اور کفش کاری شروع ہو گئی۔

جوگی نے زمین پر قدم رکھے تو جوتے اس کے سر پر پڑ رہے تھے۔ پشیمان ہو کر درویش کی خدمت میں عرض کی مجھے مسلمان کر لیجئے۔

یہی درویش بعد میں گنج بخشؒ کے لقب سے مشہور ہوئے اور جوگی نے شیخ ہندیؒ بن کر زندگی اللہ کی عبادت میں گزار دی۔

غزنی اسلامی سلطنت کے امیر ناصر الدین سبکتگین کی وفات پر اس کا بیٹا سلطان محمود غزنوی سر پر آرائے سلطنت ہوا تو ہندوستان کے راجے مہاراجے غزنی کی سلطنت کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنے لگے۔ راجہ جے پال نے تو باقاعدہ لشکر کشی کر دی۔ محمود غزنوی مقابلے میں نکلا اور زبردست معرکوں کے بعد اٹک کے مقام پر اسے شکست فاش دی۔ جے پال اس شکست سے اس قدر دل شکستہ ہوا کہ آگ میں جل مرا۔

جے پال کے بیٹے آنند پال نے باپ کی شکست کا بدلہ لینے کی کوشش کی اور شکست کھا کر کشمیر کی طرف بھاگ نکلا۔ اب اس نے قنوج، گوالیار اور اجمیر کے راجاؤں سے مدد طلب کی، انہیں مذہبی عصبیت پر اکسایا اور محمود غزنوی کے خلاف معرکے کو مقدس مذہبی جنگ قرار دیا۔ چنانچہ پورے ہندوستان کے مرد و زن اس جنگ میں حصہ لینے کیلئے تیاریاں کرنے لگے۔ عورتوں نے زیور اتار کر دئیے۔ بوڑھے جوانوں میں جنگ کا جذبہ ابھارنے لگے اور جوان لشکر میں بھرتی ہونے لگے۔ پھر زبردست ساز و سامان اور ہتھیاروں سے آراستہ ایک بھاری فوج محمود غزنوی کا مقابلہ کرنے کیلئے

روانہ ہوئی۔ پشاور کے قریب زور کا رن پڑا۔ لیکن شکست ہوئی۔ ہزاروں آدمی لڑائی میں مارے گئے۔ آنند پال فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا، مگر اسے دوبارہ مقابلے کی جرأت نہ ہوئی۔

ایک اور معرکہ جے پال ثانی سے لاہور کے قریب ہوا۔ جس کے نتیجے میں لاہور تک کا علاقہ محمود کی سلطنت میں شامل ہوگیا۔

۴۲۱ھ میں سلطان محمود غزنوی نے وفات پائی اور اس کا بیٹا مسعود تخت نشین ہوا۔ ۴۳۱ھ میں مسعود ہندوستان آیا تو اس کے ساتھ داتا گنج بخشؒ تشریف لائے۔ آپ کا نام علی، کنیت ابوالحسن، لقب گنج بخش اور سکونت غزنی کا محلہ ہجویر ہے۔ حضرت عثمان ہجویریؒ کے ہاں ۴۰۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ کا خاندان علم و فضل میں یکتائے زمانہ تھا۔ چنانچہ ابتدائی تعلیم کسی مکتب اور مدرسہ کی بجائے گھر ہی پر حاصل کی اور اپنے خاندان کے بزرگوں سے اکتساب فیض کیا۔ آپ نے جس ماحول میں آنکھ کھولی وہ علم اور روحانیت سے معمور تھا۔ ہر طرف علم کے چرچے اور معرفت کی باتیں سننے کو ملتیں۔ والدین خدا ترس اور پاکباز بزرگ تھے۔ اس لئے ابتدائے عمر ہی میں صاف ستھری زندگی گزارنے کی عادت پڑگئی۔ والدین کی تربیت نے آپ کے اخلاق کو پاکیزگی کے سانچے میں ڈھال دیا۔

ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ نے منطق، فلسفہ، فقہ، تفسیر، حدیث اور مختلف علوم متداولہ کی تکمیل کے لئے نامور اساتذہ اور شیوخ کے سامنے زانوئے تملذ تہہ کیا۔ یہ غزنی کے شباب کا دور تھا۔

سلاطین غزنی نے جہاں فتوحات کے ذریعے خزانوں کے خزانے تخت غزنوی کے سامنے لاکر ڈھیر کئے تھے۔ وہاں علم و فضل سے بھی غزنی کو مالا مال کردیا تھا۔ ہر طرف سے علماء و فضلاء، غزنی کا رخ کرتے اور یہاں آکر داد کمال پاتے۔

داتا صاحبؒ نے ان اصحاب علم و کمال سے بحسن و خوبی استفادہ کیا اور پھر اپنے عہد کے دوسرے بزرگوں سے علمی و روحانی فیض پانے نکل کھڑے ہوئے۔ آپ کے اساتذہ میں اس دور کے عدیم النظیر امام، علم و فضل میں یگانہ، اصول و فروغ کے علم میں یکتا، طریقت و معرفت سے آشنا، کشف و کرامت، زہد و تقویٰ، صحت فراست کے اوصاف سے متصف بزرگ تھے۔

ان ممتاز علماء اور مشائخ سے علوم متداولہ حاصل کرچکے تو سیر و سیاحت کی زندگی اختیار کرلی۔ ویسے بھی صوفیا، آیت ''سیروا فی الارض'' کو حرز جاں بنا کہ گلی گلی، نگر نگر گھومنا اور کرشمہ ہائے قدرت کے مشاہدے کو ضروری خیال کرتے ہیں۔ اس طرح انہیں مختلف عادات واطوار اور مزاج و طبیعت کے لوگوں سے مل کر مردم شناسی کا ملکہ حاصل ہوتا ہے۔ وہ کارخانۂ قدرت کی بوقلمونیوں سے حظ اٹھاتے ہیں، زندگی کی رنگارنگیوں سے لطف اندوز ہوتے اور علم و عمل کی دولت سے لوگوں کو فیض یاب بھی کرتے ہیں۔ یہی سیر و سیاحت ان کے تبلیغی مشن میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ اس طرح اس میدان میں نئے داخل ہونے والے سیر و سیاحت کے طفیل روحانیت کے ان سرچشموں تک پہنچنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں جو ان کی روحانی تشنگی دور کرنے کا باعث بنتے ہیں۔

یہی بادیہ پیمائی رنگ لاتی ہے تو اجمیر، پاک پٹن اور اوچ کی خانقاہیں آباد ہوتی ہیں۔ ان خانقاہوں کی علم و عرفان سے معمور فضائیں ضرب الا اللہ سے گونجتی تھیں تو ایک دنیا اسلام کے دامن عافیت سے لپٹ جایا کرتی تھی۔

حضرت علی ہجویریؒ مختلف شہروں میں جاتے۔ وہاں کے اساتذہ فن سے استفادہ کرتے، روحانی مراکز سے رجوع کرتے اور آگے چل کھڑے ہوتے۔

شام کے بزرگ شیخ ابوالفضل محمد بن ختلیؒ سے ملاقات ہوئی تو قدم رک گئے۔ یہ بزرگ جید عالم اور سلسلہ جنیدیہؒ کے نمایاں فرد تھے۔ سلوک و معرفت میں ظاہر پرستی کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے اور ان فقراء سے جو شرعی تکلفات کو بالائے طاق رکھتے، نہایت سختی سے پیش آتے تھے۔ بہت کم غذا کھاتے اور عقیدت مندوں کو بھی اس کی تلقین کرتے۔ معمولی مگر صاف ستھرا لباس پہنتے۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے پسند کرتے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی پسندیدہ عادت مبارکہ تھی۔ حضرت علی ہجویریؒ ان کے علم و فضل، زہد و تقویٰ سے اس قدر متاثر ہوئے کہ بیعت کرلی اور ان کی خدمت میں رہنے لگے۔

ان صحبتوں میں علی ہجویریؒ نے بہت کچھ حاصل کیا۔ معرفت و سلوک کے وہ مراحل طے ہوئے جنہوں نے ان کو گنج بخشؒ کے مقام اور مرتبے پر پہنچا دیا۔

مرشد سے آپ کی محبت کا اندازہ اس بات سے ہوسکتا ہے کہ بیعت ہونے کے بعد مرشد کی وفات تک ان کے ساتھ رہے۔ بس ایک مختصر عرصے

کے لئے مرشد ہی کے حکم سے لاہور آئے اور تبلیغ اسلام کا فریضہ انجام دیا۔ شیخ محمد بن ختلیؒ کا انتقال ہوا تو ان کا سر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی گود میں تھا۔

مرشد نے نصیحت فرمائی، ''علی ہجویریؒ! میں تمہیں اعتقاد کا مسئلہ سمجھاتا ہوں۔ ذہن نشین کرلو، ذہنی پریشانیوں سے نجات پالو گے۔ یاد رکھو! لوگ دنیا میں جو کام بھی کرتے ہیں اور جو واقعات بھی پیش آتے ہیں، ان سب کا حقیقی فاعل اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ اپنی مصلحت اور پسند کے مطابق ان واقعات کو معرض ظہور میں لاتا ہے، اس لئے ان پر ناگواری کا اظہار نہیں کرنا چاہئے اور جو واقعہ بھی رونما ہو، راضی برضا رہنا چاہیے۔'' اتنا کہہ کر ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔

مرشد کی وفات کے بعد آپ دوبارہ لاہور تشریف لائے اور یہاں شمع توحید روشن کی۔ ان سے پہلے بھی علماء ومشائخ صنم کدۂ ہند میں اذانِ حق بلند کررہے تھے، مگر ان کی آواز اس قدر دھیمی تھی کہ ایک محدود حلقے کے علاوہ کوئی اور نہ سن رہا تھا۔ یہ آئے تو گویا فضا مرتعش ہوگئی۔ حق کی صدا ان گوشوں میں بھی پہنچ گئی جو ابھی تک حق نا آشنا تھے۔ حقیقت یہ ہے جب تک کان حق کی آواز سے بے بہرہ ہوں، ان سے قبول حق کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

حضرت علی ہجویریؒ یہاں پہنچے تو بُت پرستی کے خوگرپستی کا شکار تھے۔ باپ بیٹے کی بیوہ اور بیٹا باپ کی بیوہ سے عقد کرلیتا تھا۔ بت پرستی کی کئی قسمیں رائج تھیں جن میں ایک طریقہ شولنگ تھا جس میں جنسی اعضاء کی پرستش ہوتی تھی۔ ان بتوں کو غذا فراہم کرنے کے بجائے بکریوں اور بعض اوقات انسانوں کو ذبح کرکے ان کا خون بتوں پر اُنڈیلا جاتا۔ ستی کی رسم زوروں پر تھی جس کے مطابق مُردے کو جلانے کے لئے چتا روشن کی جاتی تو اس کی بیوہ بھی اس میں کود کر اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیتی۔ ذات پات کی تفریق کا یہ عالم تھا کہ شودر وید نہیں پڑھ سکتے تھے اور انہیں مالا جپنے کی اجازت نہ تھی۔ اگر کوئی شودر وید پڑھتے پایا جاتا تو اس کی زبان کاٹ لی جاتی۔

اعلیٰ ذات والے اپنے علاوہ دوسری قوموں کے افراد کو ''ملیچھ'' یعنی ناپاک سمجھتے تھے۔ ان کے ساتھ گفتگو تک سے پرہیز کرتے۔ سمندری سفر سے ان کے دھرم بھرشٹ ہوجاتا تھا۔ گائے اور پیپل کو تقدس حاصل تھا۔ گوشت کھانا ان کے نزدیک مہاپاپ تھا، جس کا کفارہ ممکن نہ تھا۔ یہ اور اس طرح کی دوسری باتیں ان کی قومی زندگی کا خاصہ بن چکی تھیں۔

اس قسم کے ماحول میں اسلام کا توہم شکن پیغام پیش کرنا کتنا مشکل تھا، اس کا اندازہ بخوبی کیا جاسکتا ہے۔ ایسے ماحول میں تبلیغ کے لئے ایسے شخص کی ضرورت تھی جو عالم وعارف ہو، جس کا یقین اور ایمان پہاڑ کی طرح محکم ہو، جس کا صدق وصفا، للّٰہیت، بے غرضی اور فقر کامل ہو۔ جس کے اندر بے پناہ جذب اور کشش ہو، جس کی روحانی قوت دشمن کو دوست بنا سکے۔ جو آہنی عزم کا مالک ہو، حالات کا غلام نہیں ہو، جسے اپنے بلند مقصد سے جنون کی حد تک عشق ہو اور جو اپنے آرام وآسائش کی پروہ نہ کرتا ہو، ناقصاں را پیر کامل اور کاملاں را راہنما...... اس ماحول میں تبلیغ حق کے کام کے لئے موزوں ترین شخصیت تھے۔

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور تشریف لائے تو رنگِ گلشن نکھرنے لگا۔ صدیوں کی توہم پرستی، ضعیف الاعتقادی، ذہنی غلامی، بندے پر بندے کی حکومت نے انسانیت پر جو تاریکی مسلط کررکھی تھی، وہ آہستہ آہستہ چھٹنے لگی۔ غلغلۂ توحید بلند ہوا تو جھوٹی خدائیاں خود بخود سر کے بل گرنے لگیں۔ وہ لوگ جو غربت اور افلاس کے ناطے برہمنیت کے استبداد کا شکار تھے، جاگ اٹھے اور حریت وآزادی کے پرچم تلے جمع ہونے لگے جو سید علی ہجویریؒ بلند کررہے تھے۔

لاہور میں آپ نے جہاں غیر مسلموں کو دعوت اسلام دی، وہاں مسلمانوں کی دینی تربیت اور علمی اور عملی رہنمائی بھی کی۔ دن کا ایک حصہ وعظ وارشاد اور دوسرا حصہ تعلیم وتربیت میں گزارتے۔ رات کا کچھ حصہ تلقین وتبلیغ اور باقی حصہ عبادت الٰہی میں گزارتے۔ آپ کا اندازِ تبلیغ اس قدر موثر اور دلنشین تھا کہ لاہور کا حاکم جو خود بھی غیر مسلم تھا، آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوگیا۔ آپ صرف تسبیح بدست درویش نہ تھے بلکہ متبر عالم اور حکمت شناس فلسفی بھی تھے۔

یہی وجہ ہے کہ آپ کے پیغام کو آپ کے پیشروؤں سے زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ آپ نے سیر وسیاحت کے ذریعے ایک زمانہ دیکھا تھا۔ اس لئے ہر سطح کے لوگوں سے ان کی زبان میں بات کرتے۔ جاری ہے

روحانی امراض سے نجات بذریعہ اسمائے حسنیٰ

عزیر احمد مفتاحی قاسمی

طمع ولالچ دور کرنے کے لئے

الغنی المغنی (بے نیاز)

خاصیت: جو طمع کی بلا میں گرفتار ہو اپنے بدن کے ہر جوڑ پر یعنی منہ، کان، آنکھ، ناک اور ہاتھ پاؤں پر ہاتھ رکھ کر پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس بلا کو دور کردے۔

ظاہر وباطن کی غنا کے لئے

یا مغنی (اے بے نیاز)

خاصیت: یا مغنی گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا ظاہر وباطن کے غنا کے لئے نہایت مفید ہے۔

نیک بننے کے لئے

الحمید (ستودہ، قابل تعریف)

خاصیت: کثرت سے پڑھتا رہے تو نیک بن جائے اور اس سے اچھے افعال صادر ہو۔

اسرار الٰہی کی جانکاری کے لئے

الباطن (چھپا ہوا)

خاصیت: روزانہ تینتیس (33) بار پڑھے تو اسرار الٰہی کے جاننے والوں میں ہو جائے۔

دل پر انوار ظاہر ہونے کے لئے

الماجد (بزرگ)

خاصیت: تنہائی میں اس کی اتنی کثرت کرے کہ بے خود ہو جائے تو دل پر انوار ظاہر ہو۔

غفلت کو دور کرنے کے لئے

المقتدر (قدرت والا)

خاصیت: اس نام کو ہمیشہ پڑھتا رہے تو غفلت احساس ذمہ داری سے بدل جائے۔

نفس کے فرمابردار ہونے کے لئے

المقدم (آگے کرنے والا)

خاصیت: اگر اس کی کثرت کرے تو نفس طاعت الٰہی میں فرمابردار ہو۔

نفسانی خواهشات کی آفتوں کے وقت

البر (نیکی کرنے والا)

خاصیت: جس کو ہوا وہوس کی آفتوں کا خوف ہو وہ اس کو پڑھے، امن میں رہے۔

شراب خوری اور زنا کاری کی عادت چھڑانے کیلئے

البر (نیکی کرنے والا)۔

خاصیت: جو شراب خوری اور زنا میں مبتلا ہو روزانہ سات (7) بار پڑھے تو اس کا دل ان چیزوں سے سرد ہو جائے۔

دل کی سیاهی دور کرنے کے لئے

الغفور (بہت بخشنے والے)

خاصیت: اس کو کثرت سے پڑھتا رہے تو دل سے سیاہی دور ہو جائے۔ صحیح حدیث میں آیا ہوا ہے کہ سجدے میں "یَا رَبِّ اغْفِرْلِی" تین (3) بار پڑھے تو اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کردے۔

بسم اللہ کے چند مجرب اعمال

پیر صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

نظرِ بد ختم کرنا

نظر بد کے اثر کو ختم کرنے کیلئے انتہائی آسان اور کامیاب عمل ہے۔ جس مرد وزن کو نظر بد کا اثر ہو، ایک مٹی کا پیالہ لے کر مریض کے پاؤں کی ایڑی کے نیچے رکھوائیں اور خود یہ عمل اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر مریض کے سینے پر دم کریں اور مریض کو پہلے ہی تاکید کردیں کہ جونہی میں دم کروں، زور سے پاؤں مار کر پیالہ توڑ دے۔ ان شاء اللہ اس عمل کے کرتے ہی نظرِ بد ٹوٹ جائے گی۔ عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَاشَافِی شفادے۔ نظر بد ہٹادے۔ بِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

مراد برآوری کیلئے

یہ عمل قضائے حاجت کیلئے قوی الاثر ہے۔ ہر جائز مراد کے حصول کے لئے اور ہر مطلب کی برآوری کیلئے تیر بے خطا ہے۔ اعتقاد شرط اول ہے۔ آزمودہ عمل ہے۔ طریقہ اس عمل کا اس طرح ہے کہ نوچندی شبِ جمعہ کو رات قریب بارہ بجے زیر آسمان برہنہ غسل کریں۔ پھر لباس پاکیزہ زیب تن کر کے کوئی اچھی سی خوشبو لگائیں اور ٹھیک بارہ بجے عمل شروع کریں۔ وقت کی پابندی اشد ضروری ہے۔ کسی تنہا مکان میں دو رکعت نمازِ حاجت ادا کریں۔ بعد سلام سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیں۔ پھر سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر حاجت طلب کریں یعنی اپنے مقصد کے پورا ہونے کی رب کریم سے نہایت عاجزی سے دعا مانگیں اور اسی مصلے پر ہی سو جائیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاجت پوری نہ ہو تو دوسری شبِ جمعہ کو پھر حسبِ سابق عمل کریں اور آئندہ آنے والی شب جمعہ تک حاجت و مراد پوری ہونے کا انتظار کریں۔ اگر پھر بھی مقصد پورا نہ ہو تو شبِ جمعہ سوم میں بھی یہی عمل حسبِ سابق کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطلب پورا ہوگا۔ اکثر پہلے ہفتہ میں ہی مطلب پورا ہو جاتا ہے۔ حد تین شبِ جمعہ عمل کی میعاد ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جو کبھی خطا نہیں کرتا بشرطیکہ مقصد نیک ہو، مراد جائز ہو، ضرور پوری ہوگی۔

مراد برآئے

جو شخص بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے اعداد کے مطابق یعنی سات سو چھیاسی (786) مرتبہ سات (7) روز برابر پڑھے اس کے دل کی مراد آئے گی۔

محبت کیلئے

جس شخص کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سات سو چھیاسی (786) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں وہ دوست بن جائے گا۔

ظالم مہربان ہو

جب کسی ظالم کے سامنے پچاس (50) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دم کردی جائے۔ تو ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سال بھر میں امیر وکبیر ہو جانا

اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے سامنے ہو کر تین سو (300) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اور اسی قدر درود شریف پڑھے تو خداوند کریم اس کو بے گمان رزق عطا فرمائے۔ اور اگر سال بھر اس وظیفہ کو جاری رکھے تو ایک سال گزرنے نہ پائے گا کہ پڑھنے والا رزق کے معاملہ میں بے فکر ہو کر امیر کبیر ہو جائے گا۔

ہر چیز کے وقوع کا مشاہدہ خود بخود ہونے لگے

ہر فرض نماز کے بعد اگر کوئی شخص دو ہزار پانچ سو (2500) بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھے تو ایک وقت ایسا آئے گا کہ پڑھنے والے کو ہر چیز کے وقوع کا مشاہدہ خود بخود ہونے لگے گا۔

باباجارج مسیح کی عملیات کے موضوع پر 3 نئی لاجواب کتب جن کا عاملین کو انتظار تھا

(1) اعمال شرو دشمنان

صفحات: 52 | قیمت: 2000 روپے

اس کتاب میں تباہی و بربادی دشمنان کے شر سے محفوظ رہنے اور اپنے بچاؤ کے مجرب المجرب عملیات دستیاب ہیں۔

ازمجربات: باباسلطان قادری قلندری باباجارج مسیح

دشمن کیلیئے ☆ دشمن کو علاقے سے بھگانا ☆ ہلاکت دشمن ☆ لڑائی جھگڑا فساد ☆ ہلاکت دشمن ☆ تباہی دشمن ہانڈی چلانا ☆ دشمن پر جن لگانا ☆ خاتمہ دشمن ☆ دشمن کو دفع کرنا ☆ دشمن سے بچاؤ ☆ دشمن کو پاگل کرنا ☆ تباہی دشمن ☆ دشمن کو بیمار کرنا ☆ ہلاکت دشمن ☆ دب دشمن ☆ ہلاکت جانی دشمن ☆ عمل دب جدائی فساد ☆ بندش دشمن ☆ جھگڑا کروانا ☆ جدائی وفساد دشمن ☆ دب بنگالی ☆ جدائی فریقین ☆ ہلاکت دشمن ☆ دشمن ذلیل وخوار ☆ دشمن کو مار پڑوانا ☆ دشمن ہلاکت (پتلے والا عمل) ☆ تباہی دشمن ☆ دشمن سے جگہ خالی کروانا ☆ دشمنوں کے درمیان نفرت ☆ دشمن پر جن لگانا ☆ دشمن کو علاقے سے بھگانا ☆ دشمن کا منہ سجانا ☆ بربادی دشمن ☆ دشمن کو پاگل کرنا ☆ تباہی دشمن ☆ دشمن کو جوتا مارنا ☆ ناجائز تعلقات ختم کرنا ☆ دشمنوں میں آپسی نفرت ☆ دشمن پر جن لگانا ☆ دشمن سے قبضہ چھڑوانا ☆ نکاح باندھنا ☆ دشمن کے گھر فساد مچانا ☆ دفع دشمن ☆ دشمن وناش ☆

(2) نقوش مجربہ

صفحات: 59 | قیمت: 2000 روپے

ازمجربات: باباسلطان قادری قلندری باباجارج مسیح

یہ نقوش ہمارے بڑوں کے مجربات میں سے ہیں اور کسی نقش کی افادیت میں ذرہ بھر شک وشبہ نہیں ہے۔

نقش بلقیس تسخیر خلق ☆ بخت کشائی اولاد ☆ نقش محبت بین فردین ☆ محبت وعشق ☆ قضائے حاجات ☆ زبان بندی ☆ حاضری مطلوب ☆ تفریق وعداوت ☆ 36 گھنٹے میں مطلوب حاضر ☆ 24 گھنٹے میں مطلوب حاضر ☆ خاتمہ آسیب بھوت ☆ سحر جادو کا خاتمہ ☆ زبان بندی دشمن ☆ نقش سورۂ مزمل برائے محبت ☆ بندش ہمہ قسم ☆ نقش محبت مجرب ☆ نقش محبت پیالے والا ☆ نقش محبت ☆ نقش عداوت ونفرت ☆ نقش جدائی وطلاق ☆ نقش ہرکاریہ ☆ خاتمہ ناجائز تعلقات ☆ اعمال کی روحانی اجازت ☆ نقش تباہی دشمن ☆ قبضہ چھڑوانا ☆ نقش حب ودب ☆ نقش صلح وصفائی ☆ نیند بندی مطلوب ☆ حاضری مطلوب ☆ زبان بندی، ہر قسم کی بندش ☆ حب وتسخیر ☆ حصول اولاد ☆ نظر بد ☆ سحر جادو جنات ☆ مفرور بھاگے ہوئے کیلیئے ☆ سفر باندھنا ☆ حاضری مطلوب ☆ محبت اُلفت ☆ تسھیل الاعمال ☆ فتح عزت سرداری ☆ حاضری محبوب ☆ بندش مردمی ☆ حاضری مطلوب ☆ فتح نامہ ☆ جو کہو وہ مانے ☆ عداوت نفرت جدائی ☆ تسخیر خلق ☆ نقش حفاظت ☆ نکاح باندھنا ☆ نقش طلاق جدائی ☆ نقش محبت ☆ نقش ابلیس برائے محبت۔

(3) علوی وسفلی اعمال محبت مجربہ

صفحات: 59 | قیمت: 2000 روپے

ازمجربات: باباسلطان قادری قلندری باباجارج مسیح

اس کتاب میں تمام کے تمام عملیات ہمارے روزمرہ کے مجرب اور آزمودہ ہیں۔

عمل اسرار التسخیرات ☆ تسخیر مال ودولت ☆ نقوش تسخیرات ☆ عمل تسخیر عقد المحبت ☆ تسخیر سفلی ☆ عزیمت عمل ☆ حاضری مطلوب ☆ حب سفلی ☆ تسخیر وحاضری سفلی ☆ موہنی حب ☆ عورت کو راضی کرنا ☆ عورت کو گرم کرنا ☆ محبت سفلی ☆ تسخیر وحاضری مطلوب ☆ عمل سفلی برائے شہوت ☆ عمل حب تصویر والا ☆

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

+92309-7772274
+9242-35410586

+maktabatulaarif

+92334-7772774 | +maktabatulaarif

تالیف: فیصل حمید نقشبندی

سفلی ڈھائیے

صفحات: 65
قیمت: 2500 روپے

خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ 5000 روپے

صدیوں پرانے عملیات جنتر منتر اور سریانی، عبرانی اور ہندی اعمال جو برسوں سے آزمودہ ہیں۔ ان عملیات میں چلہ کشی کی ضرورت نہیں۔ سو فیصد سدھ عملیات کا نادر خزانہ ہے

عمل حفاظت اٹھرا و آسیبی اثرات ☆ بیماری کو باندھنا ☆ سفلی حاضرات ☆ نظر بندی مجرب ☆ حاضری مطلوب باموکل ☆ حب سفلی ☆ تسخیر ہمزاد ☆ تباہی و بربادی بغض وتفریق ☆ حاضری جنات (آسان ترین عمل) ☆ نظر بندی سفلی ☆ سورۃ الکوثر برائے حب ☆ زبردست حصار سلیمانی ☆ ایک جن کی حاضری (وقتی فوری حاضری) ☆ کھیتر پال کی حاضری ☆ کٹوئے کی حاضری ☆ وشوشہ ضربط ☆ موہنی برائے تسخیر خلائق ☆ حاضری ابلیس شیطان ☆ تسخیر ومحبت بذریعہ کال بھیرو ☆ دشمن کو برباد کرنا ☆ حب وددو ☆ حب نار سنگھ ☆ گورکھ منتر برائے محبت ☆ حب شیطان ☆ حب شیطان (ایک اور عمل) ☆ محبت سفلی ☆ کھیتر پال کی حاضری ☆ کالا کلوئے کا عمل محبت ☆ حب سفلی (کالا جادو) ☆ فلیتہ محبت (ایک دن کا عمل) ☆ حاضری مطلوب ☆ زبان بندی کا عمل ☆ حاضری موہنی دیوی ☆ وسعت رزق ☆ محبت کا خاص عمل ☆ جو کہو گے وہی مانے گا ☆ خاتمہ دشمن ☆ عمل ڈھائیہ حب ودب ☆ تسخیر کال بھیرو ☆ دشمن کو جوتے مارنا ☆ ہلاکت دشمن ☆ کسی بھی عمل کا چلانے کیلئے ☆ صرف عورتوں کیلئے ☆ دشمن کو جوتے مارنا ☆ تسخیر چندا جوگنی ☆ حاضری شیطان ☆ دلوں کے راز معلوم کرنا ☆ حب سفلی ☆ ڈھائیہ حب ودب ☆ حاضری مطلوب ☆ جن مسلط کرنا ☆ علم وعمل کھولنا ☆ مطلوب کے ہوش وحواس باندھنا ☆ دشمن کیلئے ☆ محبت کا عمل۔

سحر الھنود والیہود

(صفحات: 72)

مصنف: فیصل حمید نقشبندی

(قیمت: 1500 روپے) (خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ 3000 روپے)

اصراف عام سفلی مکمل ☆ برھتیہ سفلی ☆ زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ ☆ قسم ابلیس کامل ☆ قسم سلیمانی اصل ☆ زجر میطاطرون ☆ عزیمت میطاطرون ☆ شیطان جن کی حاضری ☆ تسخیر وحاضری شمانی ☆ حاضری موہنی دیوی ☆ خیر وشر ہر کام کیلئے ☆ محبت کا حاضری والا عمل ☆ طلسم خاص حاضری مطلوب ☆ طلسم خاص حب ☆ طلسم محبت ☆ محبت خاص ☆ اندھا کرنا (نظر بند کرنا) ☆ عمل چندو رام ☆ حب مجرب ☆ جنات کی حاضری (صدری عمل) ☆ دعوت مکسلیمنا ویمیلیخا ☆ تسخیر ہمزاد ☆ بندش ہر چیز ☆ جلب السحر (تعویذ جادو نکالنے کا عمل) ☆ نظر بندی مجرب ☆ قضائے حاجات ☆ سورۃ المزمل باموکل ☆ محبت زوجین ☆ منتر خاص محبت ☆ سفلی عمل محبت ☆ جدائی وطلاق ☆ حب سفلی ☆ وقتی حاضری جن ☆ کالی دیوی ایک رات کا عمل ☆ محبت کا مسان ☆ پھول والا موہنی منتر ☆ حب وددو ☆ شیطانی عمل حب ☆ دشمن مارن عمل (صرف جائز جگہ) ☆ دعائے بشمخ کامل ☆ حاضری اللہ بخش بھیر سفلی ☆ حاضری بھیرو ☆ غیب سے مال ودولت ☆ بندش حب ☆ عمل موہنی ☆ موہنی برائے حب ☆ ہمزاد قلندری ☆ منتر خاص محبت ☆ حب بنگالی منتر

عملیات تسخیرات محبت

(صفحات: 72)

مصنف: فیصل حمید نقشبندی

(قیمت: 3500 روپے) (خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ 6000 روپے)

حب وتسخیر کے ایسے موہنی عملیات جو نہ آپ نے دیکھے ہوں گے، نہ پڑھے ہوں گے۔ تمام کے تمام عملیات سدھ ہیں اور طریقہ وترکیب سے کرنے پر فوری اثر کرتے ہیں۔ حب کے متلاشی حاضرات کے لیے ایک تحفہ نایاب۔

عورتیں مرد کو قابو کریں ☆ محبت کا عمل ☆ محبوب محبت مانگے ☆ منتر برائے حب ☆ موہنی حب وتسخیر ☆ حاضری موہنی ☆ محبوب کو قابو کرنا ☆ تسخیر دنیا ☆ خاص عمل موہنی دیوی ☆ تسخیر موہنی دیوی ☆ حب لونگ ☆ حب موہنی ☆ ڈھائیہ موہنی ☆ موہنی حب بنگالی ☆ سفلی موہنی ☆ سفلی حب موہنی ☆ موہنی وشی کرن ☆ مطلوب کو مطیع کرنا ☆ موہنی منتر محبت ☆ موہنی تسخیر حکام ☆ موہنی وشی کرن ☆ موہنی بنگالہ منتر ☆ حاضری مطلوب شامی موہنی ☆ موہنی تسخیر ☆ موہنی خاوند کو دیوانہ بنانا ☆ موہنی تسخیر مطلوب ☆ موہنی حب ☆ گرامیہ موہنی ☆ ہنومنت موہنی ☆ موہنی پان ☆ الائچی موہنی ☆ تیل موہنی ☆ لونگ متی موہنی ☆ موہنی مجرب ☆ جلب موہنی ☆ محبت کا مجرب عمل ☆ عزیمت حب ☆ حب سفلی ☆ محبت کیلئے ☆ جلب ومحبت سفلی ☆ جلب ابلیس ☆ طلسم حب ☆ عمل وطلسم حب ☆ محبت سفلی ☆ حب مجرب بالوں والا عمل ☆ تسخیر ومحبت ☆ حب شمع ☆ محبت وشادی ☆ حب زوجین ☆ حب انکوش ☆ عمل حب بھدرع ☆ طلسم حب ☆ حاضری مطلوب ☆ حب عطر۔

درودِ ناریہ

مرتب: محمد عارف

السید محمد اقبال غوث گیلانی نقشبندی سیفی (راجن پور) لکھتے ہیں کہ درود ناریہ پڑھنے کا طریقہ ہے کہ کسی تنہائی والی جگہ پر چالیس (40) یوم کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرے اور دن کے وقت روزہ رکھے اور چلہ کے دوران رات دن یہی درود پاک پڑھے۔ پھر دیکھیے پردۂ غیب سے اس پر عجیب وغریب اسرار ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران بھی اگر یہی درود پاک پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ اسے بے شمار روحانی اسراروں سے نوازے گا۔ اس درود پاک کے پڑھنے والا ہمیشہ رنج وغم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ لہٰذا جب کسی پر مصیبت آئے تو فوراً اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیے۔ ان شاء اللہ، اس کی مصیبت ختم فرمائیں گئے یعنی زحمت، رحمت میں بدل جائے گی۔ درودِ ناریہ یہ ہے:

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ! تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام بھیج

ایسا سلام ہو جو کُھل کے ہو اور ہمارے سردار ہمارے آقا

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ

محمد ﷺ کے جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں

اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور

الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ

ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور مقاصد حاصل ہوتے ہیں

اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے اور بادل

بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ م

آپ ﷺ کے معزز چہرہ کو دیکھ کر سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ ﷺ کی اولاد پر آپ ﷺ کے اصحاب پر ہر لحہ اور ہر سانس میں

بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

مطابق اپنی معلومات کے شمار کے۔ اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ

ماسٹر شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ بہت اچھے اور کامل عامل تھے۔ انہوں نے درودِ ناریہ کے یہ فوائد تحریر فرمائیں ہیں:

1. بعد نماز عشاء، اکتالیس (۴۱) بار روزانہ پڑھنے والا نہ صرف دینی اور دنیاوی آفات سے محفوظ رہتا ہے، بلکہ حضور ﷺ کے دیدار سے بھی مشرف ہوتا ہے۔
2. کسی مشکل کے حل کیلئے تین (3) روز تک تین سو تیرہ (313) بار روزانہ قبل از خواب توجہ کاملہ سے پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔
3. باپرہیز جلالی و جمالی و جملہ لذات دنیوی سے دست کش ہو کر پانچ سو (500) بار روزانہ کامل توجہ سے پڑھنے والے کو قوتِ طیرانی حاصل ہوتی ہے۔ اور حضور ﷺ کے دربار میں باریابی کا شرف حاصل ہوتا ہے۔
4. نقش قصیدہ بردہ شریف کے درمیانی دائرے میں لکھے گئے آنحضرت ﷺ کے اسم مبارک پر نظر قائم کر کے ستر (70) بار درودِ ناریہ پڑھنے والا بہت جلد جملہ دینی و دنیاوی مشکلات سے نجات پالیتا ہے۔ اور اسے جلد ہی منزل عرفان و آگہی حاصل ہو جاتی ہے۔
5. کسی بزرگ کے مزار پر سامنے کھڑے ہو کر تین سو تیرہ (313) بار درودِ ناریہ پڑھا جائے تو اکثر سوال کا جواب فوراً مل جاتا ہے۔ ورنہ رات کو صحیح اور مکمل جواب خواب میں مل جائے گا۔
6. کمزور حافظہ والے بچے کو پانی پر یہ درود شریف گیارہ (11) بار دم کر کے متواتر اکیس (21) روز پلائیں۔ ان شاء اللہ حافظہ تیز ہو جائے گا۔
7. میری شاگرد ایک بچی کو دسویں جماعت کے سالانہ امتحان میں خواب میں گیس پیپر ملتا رہا تھا۔ وہ بچی اسی تصور سے ایک سو ایک (101) بار درودِ ناریہ روزانہ پڑھتی تھی۔

نوٹ درودِ ناریہ کا عمل کرنا ہو تو کسی کامل کی نگرانی میں کریں۔ ع

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے عملیات

تقریر میں زبان کھلنے کے لئے

تقریر میں زبان کُھلنے کے متعلق حضرت مدنی رحمہ اللہ کا مکتوب درج ذیل ہے: ''چھوٹے مجمعوں میں خود کھڑے ہو جایا کیجئے۔ تقریر سے پہلے سات یا پانچ یا تین دفعہ ''سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ'' اور ''رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِی وَیَسِّرْ لِی أَمْرِی وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِی'' پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کیجئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اعانت خداوندی شاملِ حال ہوگی۔ نیز خالی کمرہ بند کر کے یہ تصور کرتے ہوئے کہ مجمع حاضر ہے، تقریر کرنے کی مشق کچھ دنوں کیجئے۔ نواب مہدی علی خان مرحوم نے اسی طرح مشق کی تھی اور اپنے زمانہ میں اعلیٰ درجہ کے مقرر شمار کیے جانے لگے تھے۔ کسی سے اثنائے تقریر میں مرعوب نہ ہوا کیجئے، خواہ کتنا ہی بڑا ہو۔ البتہ مضامین کا غور سے مطالعہ کیا کیجئے اور جس مضمون پر تقریر کرنی ہو، اگر ممکن ہو تو اولاً تنہائی میں اُس پر دو تین مرتبہ یا کم از کم ایک دفعہ تقریر کر لیا کیجئے۔ چر چل آج تک ایسا ہی کرتا رہا۔ زبان جہاں تک ہو عام فہم اختیار کیجئے۔ جو لوگ الفاظ کی چمک دمک کی طرف جاتے ہیں، میرے خیال میں غلطی میں مبتلا ہیں۔ ہاں نیت کی درستی ضروری ہے۔''

فراخی رزق کے لئے خاص نماز

تہجد کے وقت دو رکعت نماز بہ نیت وسعت رزق پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد از سورۂ فاتحہ، سورۂ قریش پچیس (25) مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد از فاتحہ سورۂ نصر پچیس (25) مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درود شریف ایک سو (100) مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر ''یَا وَهَّابُ'' چودہ سو (1400) مرتبہ نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ پڑھا کریں۔ اگر نماز کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو تو بیٹھ کر پڑھیں۔ اس نماز پر مداومت کریں اور مسواک کرنے میں سستی نہ کیا کریں۔ ہر وضو کے ساتھ مسواک کیا کریں۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صُبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے۔ بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد للہ کی لام سے ملا کر یعنی بوصلِ میم یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے اس طرح کہ:

اتوار کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر (70) مرتبہ
پیر کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ساٹھ (60) مرتبہ
منگل کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پچاس (50) مرتبہ
بدھ کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان چالیس (40) مرتبہ
جمعرات کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان تیس (30) مرتبہ
جمعہ کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بیس (20) مرتبہ
ہفتہ کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان دس (10) مرتبہ
اوّل اور آخر سات سات مرتبہ درود شریف۔

جادو (سحر) کا علاج

دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل اکتالیس (41) نقش باوضو لکھئے۔ نقوش کی خانہ پُری ترتیب دار ہوگی۔ یعنی خانوں کے خطوط کھینچنے کے بعد بسم اللہ کا عدد (۷۸۶) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (۲۱۵۶۲) اس کے خانہ میں، سب سے پہلے لکھیں۔ اس کے بعد اس کے بعد والا عدد (۲۱۵۶۳) اور پھر اسی ترتیب سے خانوں میں ہندسے لکھ دیں۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیجئے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھو کر پلا دیا کیجئے۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

لوحِ امدادِ غیبی

حضرت صوفی غلام سرور شاب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

اللہ تعالیٰ کی ذات اپنی مخلوق پر عنایات وعطایات کرتی رہتی ہے۔ قرآنِ پاک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ ''وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا''، یعنی مجھے اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کے لئے میرے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے سے پکارو۔

لوح امدادِ غیبی میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے اپنی درخواست پیش کریں اور اسماء کی روحانیت سے مدد حاصل کریں۔ ''رحمٰن''''رزاق'' اسمائے الٰہی میں سے رحمٰن اس قوت کا نام ہے جو مخلوق پر رحم وکرم اور لطف وعنایت کرتی ہے اور رزاق اس قوت کا نام ہے جو معیشت کی مختار ہے اور یہ سارا نظام اللہ پاک کے ہاتھ میں ہے۔ جس شخص کی آمدنی کم ہو اور اخراجات پورے نہ ہوتے ہوں یا آمدن معقول ہے اور قرض سر پر ہو یا زمین، مکان، جائیداد نہ ہو اور اس کے لئے روپیہ کی ضرورت ہو یا ملازمت نہ ملتی ہو اور ملازمت ہو تو مرضی کے مطابق اور وسائل کے موافق نہ ہو۔ یا ایک کی بجائے زائد کاموں میں روپیہ لگایا ہو یا انعامی اسکیموں میں حصہ لیتا ہو۔ مگر قسمت کبھی نہ کھلی ہو۔ یا زمیندار ہو مگر مقروض ہو اور فصلوں سے نقصان رہتا ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ اسمائے حسنیٰ کی رُوحانیت سے مدد حاصل کرے۔

اس مقصد کے لئے جو لوح امدادِ غیبی پیش کر رہا ہوں وہ جسمانی ہے جس کے اندر رُوح پوشیدہ ہے۔ اس رُوح کو اہلِ علم بخوبی پہچان لیں گے۔ اسم یارحمٰن یا رزاق کی روحانیت اس لوح میں مخفی ہے۔ ان اسماء کے اعداد 606 بنتے ہیں۔ لہٰذا نقش انہی اعداد کا پُر کرنا ہوگا۔ جوذوالکتابت ہوگا اور اس میں اعداد کی بجائے اسمائے حسنیٰ تحریر کرنے ہوں گے۔ نقش پُر کرنے کے بعد اس کے نیچے مقصد کی عزیمت تحریر کریں۔ عزیمت تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ رحمٰن، رزاق کے اعداد 606 میں سے 41 عدد تفریق کریں، باقی 565 عدد ہوں گے۔ ان کو نطق کر کے نام مؤکل لوح استخراج کریں۔

مثال یہ ہے۔ 606-41=565 نطق کیا

تو (ہ، س، ث) برآمد ہوئے۔

ان کے ساتھ لفظ (ائیل) کا اضافہ کیا تو نام مؤکل (هستائیل) ہوا۔

اور عزیمت یہ تیار ہوئی۔ اَجِبْ یَا هستائیل اَطْلُبُکُمْ (مقصد تحریر کریں) بِحَقِّ یَارَحْمٰنُ یَارَزَّاقُ اَلْعَجَل الساعۃ الوحا

جس فرد کے لئے آپ لوحِ امدادِ غیبی تیار کرنا چاہیں اس کے نام معہ والدہ کے اعداد میں اسم رحمٰن، رزاق کے اعداد 606 ملا کر ایک نقش مثلث مندرجہ ذیل رفتار کے مطابق پُر کریں۔ اسمائے حسنیٰ والے نقش کی رفتار بھی یہی ہوگی۔ اور دونوں نقوش کے نیچے مقصد کی عزیمت بھی مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق ایک ہی ہوگی۔

مثال کے طور پر پیر سرفراز احمد کے لئے لوحِ امدادِ غیبی تیار کرنا ہے۔ تو پیر سرفراز احمد کے نام کے اعداد

469=1407÷3=12-1419=606+813

اس لئے 469 کو پہلے خانہ میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے نقش پُر کریں۔ میزان 1419 ہونا چاہیے۔ یعنی دو نقش ایک دوسرے کے آمنے سامنے تحریر کرنا ہوں گے۔ اور دونوں کے نیچے مقصد کی عزیمت تحریر کرنا ہوگی۔ ہم دونوں نقوش سمجھا دیتے ہیں تا کہ ہر ضرورت مند اپنے لئے تیار کر کے فیض حاصل کر سکے۔ رفتار یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

نقش ذوالکتابت اسمائے الحسنیٰ 198 سے شروع ہو کر 206 عدد تک پُر ہوگا مگر اس میں اعداد کی بجائے اسمائے حسنیٰ تحریر ہوں گے۔

مثلاً پہلے خانہ میں عدد 198 کا اسماء (محمود، ملیک)

دوسرے خانہ میں عدد 199 کا اسم (معطف)

اسی طرح تیسرے خانہ میں عدد 200 کا اسم مبارک (منعم) تحریر کریں گے۔ اسی طریقہ کے مطابق تمام نقش پُر کرنا ہوگا۔

آخری خانہ کے اعداد 206 ہیں، اس لئے اس خانہ میں ان اعداد کے اسماء (طبیب، جمیل، ق) آئیں گے۔ اور نقش کا میزان 606 ہوگا۔

نقش ذوالکتابت اسمائے الحسنیٰ یہ ہے۔

یَارَحْمٰنُ یَارَزَّاق

مُعْطِفُ	طَبِیْبُ جَمِیْلُ ق	نَافِعُ
مُقَدِّسُ	رَبُّ	مُنْعِمُ
بَارُ	مَحْمُوْدُ مَلِیْكُ	دَائِمُ اللُّطْفُ

اَجِبْ یَا هستائیل اُطْلُبُکُمْ (مقصد تحریر کریں)

بِحَقِّ یَارَحْمٰنُ یَارَزَّاقُ اَلْعجل الساعۃ الوحا

مثلاً روزانہ مزدوری پانے والا مطلب میں یہ لکھ سکتا ہے کہ اُطْلُبُکُمْ ایک سو روپیہ روزانہ۔ اسی طرح تنخواہ والے شخص کو بھی اپنا صحیح مطالبہ لکھنا چاہیے۔ اگر کسی نے انعامی بانڈ لیا ہے تو اس کا ذکر کرے۔ اگر زمیندار ہے تو اچھی فصل کے انداز سے لکھے۔ اگر کوئی دُرویش یا تبلیغ یا دینی کام میں مصروف ہے یا وظائف میں مشغول ہے تو دستِ غیب کے لئے اپنا روزینہ لکھ سکتا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ مشتری کی ساعت میں کاغذ پر نقش حرفی اور عددی آمنے سامنے لکھے اور نیچے اپنے مقصد کی عزیمت تحریر کرے مشک وزعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے اور لکھتے وقت بخور عود، لوبان، زعفران کا جلائے اور اسم یارحمٰن یارزاق کو چھ سو چھ (606) مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگ کر لوح امدادِ غیبی پر دم کرے اور اپنے پاس رکھے۔ اب یہاں پھر توجہ سے کام لیں اور اپنی ہمت کے مطابق اس ورد کو اختیار کرلیں۔

مثلاً ان اسموں کو کھلا ورد کریں۔ اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھا کریں یا روزانہ کسی وقت (606) بار پڑھا کریں۔ گو کام تو صرف لوح بھی کرے گی اور ایسے اسباب پیدا ہو جائیں گے کہ مالی لحاظ سے مقصد پورا ہوجائے گا۔ تاہم اگر قسمت بہت زیادہ کمزور ہو یا دیر ہوجانے کا اندیشہ ہو تو وظیفہ کو لازمی اختیار کرنا چاہیے۔ ہاں وہ شخص جو دستِ غائب سے روزینہ کا خواہشمند ہو تو اس کو چاہیئے کہ سوا لاکھ کا چلہ اسی نیت سے نکالے۔ روزانہ پڑھائی کے دوران لوح کو جائے نماز کے نیچے رکھ لیا کرے اور پڑھنے کے بعد پھر بازو پر باندھ لیا کرے۔

کوئی شخص بھی جو ان اسموں کی برکت حاصل کرے گا وہ محروم نہ رہے گا۔ جتنے بھی ضرورت منداس عمل کو کریں گے۔ ان شاء اللہ سو فیصد مُراد کو پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ رزاق بھی ہے، اپنی درخواست پیش کریں۔ اسماء باقوت ہیں۔ درخواست دینا اور فائدہ اُٹھانا آپ کا کام ہے، ہمارا کام تو آپ کو روحانی خزانوں کا اشارہ کرنا ہے۔

عمل قٓ اور عمل نٓ

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ (دیوبند)

عمل قٓ

یہ حرف چھٹے سپارے میں سورۂ ''قٓ'' کے شروع میں آیا ہے۔ اس کے اعداد ایک سو (۱۰۰) ہیں۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک تختی پر ''قٓ'' لکھ لیں اور لگا تار ایک سو (100) دن تک اس تختی کی طرف دیکھ کر ''قٓ'' ایک سو (100) مرتبہ پڑھیں۔

دوسرا چلہ بھی ایک سو (100) دن کا ہے۔ اس چلے میں حرف ''قٓ'' ایک سو (100) بار بغیر تختی کی طرف دیکھے پڑھیں۔ تیسرا چلہ ایک سو (100) دن کا ہوگا۔ اس چلے میں ایک سو (100) مرتبہ دائیں طرف، ایک سو (100) مرتبہ بائیں طرف، ایک سو (100) مرتبہ اوپر کی طرف اور ایک سو (100) مرتبہ سامنے کی طرف دیکھ کر پڑھیں۔ اب عمل مکمل ہوا۔ اس عمل کے بعد عامل کسی بھی مقصد کے لئے ایک سو (100) مرتبہ قاف پڑھ کر دعا مانگے گا تو دعا قبول ہوگی اور کسی بھی مقصد کے لئے کسی کو مندرجہ ذیل نقش دے گا تو اس میں کامیابی ملے گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

قٓ	
قٓ	قٓ
قٓ	قٓ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے (90) روپے تک وصول کرسکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

عمل نٓ

اعمالِ ناسوتی کا 15واں عمل ''نٓ'' ہے۔ یہ حرف ۲۹ ویں سپارے میں سورۂ قلم کے شروع میں آیا ہے۔ اس کے اعداد پچاس (50) ہیں۔ اس کے بھی تین (3) چلّے کرنے ہوں گے۔ اس کا چلّہ پچاس (50) دن کا ہوگا۔ پہلا چلّہ تختی کی طرف دیکھ کر کرنا ہوگا۔ دوسرا چلّہ بغیر تختی کی طرف دیکھتے ہوئے پچاس (50) مرتبہ ''نٓ'' پڑھنے سے پورا ہوجائے گا۔

تیسرے چلّے میں ''نٓ'' پچاس (50) مرتبہ دائیں طرف دیکھ کر، پچاس (50) مرتبہ بائیں طرف دیکھ کر، پچاس (50) مرتبہ آسمان کی طرف دیکھ کر اور پچاس (50) مرتبہ سامنے کی طرف دیکھ کر پورا کریں۔

اس عمل کی تکمیل کے بعد اگر عامل کسی بھی مقصد کے لئے اگر یہ تعویذ دے گا تو ان شاء اللہ اس مقصد میں طالب کو کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

نٓ	
نٓ	نٓ
نٓ	نٓ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے (90) روپے تک وصول کرسکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

ان اعمال میں دوسرے اعمال کے مقابلے میں یہ خصوصیت ہے کہ اس کا عامل ہدیہ لینے میں پابند ہوتا ہے۔ اسے من مانے پیسے وصول کرنے کا اختیار نہیں ہوتا۔ اگر وہ من مانی کرتا ہے تو اس کا عمل بے اثر ہوجاتا ہے۔

دوسری خصوصیت ان اعمال کی یہ ہے کہ ان کا اثر تیر کی طرح ہوتا ہے اور حیرت انگیز طور پر مریض کو فائدہ ہوتا ہے۔

ان اعمال کی زکوٰۃ نکال کر عامل نہ صرف یہ کہ خدمت خلق میں نمایاں ہوجاتا ہے بلکہ اس کی شہرت دور دور ہوجاتی ہے۔ کیونکہ چشتی بزرگوں سے اس کا روحانی رشتہ قائم ہوجاتا ہے۔ بشرطیکہ وہ خدمت کے دوران حد بندیوں کا پابند رہے اور من مانی سے گریز کرے۔

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

محبوب کو اپنے پاس بلانا

اگر کسی کا محبوب اس سے روٹھ کر چلا گیا ہو اور کسی طرح منانے پر بھی واپس نہ آتا ہو یا رابطہ نہ کرتا ہو تو تین دن کے چراغ والے عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ صرف جائز مقاصد کے لیے یہ روحانی علاج دیا جائے گا۔

تسخیرِ خلائق کا خاص وظیفہ

جو افراد یہ چاہتے ہیں کہ ان کو تسخیر خلائق حاصل ہو، ان کے پاس لوگوں کا ہجوم رہے جیسے وکیل، حکیم، ڈاکٹر، عامل، دکاندار وغیرہ، تو وہ چالیس دن کا یہ وظیفہ کریں۔ ان شاء اللہ، ان کے پاس لوگوں کا ہجوم شروع ہوجائے گا۔

شادی کا خاص تعویذ

جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان کی من پسند جگہ شادی ہو تو یہ خاص تعویذ منگوا سکتے ہیں۔ تعویذ کو کنگھی میں باندھ کر کنگھی کرنی ہوتی ہے۔

محبت کے لیے

محبت کا کوئی بھی جائز معاملہ ہو تو اکیس یوم کا خاص وظیفہ حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، مقصد پورا ہوگا۔

شوہر بیوی میں محبت کے لیے

اگر زوجین میں محبت میں کمی ہوتی جارہی ہو، کسی ایک طرف سے یا دونوں طرف سے تو خاص پلانے والے تعویذات منگوائیں۔ ان شاء اللہ، دو سے تین ہفتہ میں محبت میں اضافہ نظر آئے گا۔

دو افراد میں جدائی

اگر دو افراد کے درمیان جدائی مطلوب ہو تو جدائی کا یہ خاص تعویذ منگوائیں۔ یہ آخری منگل کو ہی لکھا جاتا ہے اور پرانی قبر میں دفن کرنا ہوتا ہے۔

زبان بندی

اگر کوئی زبان سے تکلیف دیتا ہو، سازشیں کرتا ہو، چغلیاں کرتا ہو تو اس کی زبان اپنی مخالفت میں بند کرنے کے لیے یہ خاص تعویذ حاصل کریں۔

دشمن کی ہلاکت

اگر کسی کا کوئی دشمن ہو اور اس کا ظلم و ستم حد سے بڑھ چکا ہو، یہاں تک کہ مفتیانِ کرام اس کو ہلاک کرنے کا فتویٰ دے دیں تو یہ خاص وظیفہ حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، سات یوم تک دشمن ہلاک ہوجائے گا۔

دشمن سے حفاظت

اکیس یوم پر مشتمل ایک خاص وظیفہ جس کو کرنے سے دشمن سے حفاظت ہوجاتی ہے۔ خاص کر ان مریضوں کے لیے مفید ہے جن پر ان کے دشمن بار بار جادو کرواتے رہتے ہیں۔

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف فروری ۲۰۲۲ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی رابطہ فرمائیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

تسخیر روح خود

پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

اسم اللہ کا یہ عمل تسخیر روح خود کا انتہائی جامع اور کمال درجے کا قوی الاثر عمل ہے۔ الامام الکبیر والحکیم الشہیر ابی العباس احمد بن علی البونی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''منبع اصول الحکمۃ'' میں اس عمل کی بے حد تعریف فرماتے ہیں۔ امام موصوف رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس کا عامل جس چیز کی خواہش کرے، اللہ تعالیٰ اس کا تصرف اسے بخشتا ہے۔ اور بے شمار مطالب عامل کے پورے ہوتے ہیں۔ دوران عمل جس مقصد کی طرف توجہ کرے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ مقصد فی الفور پورا ہوجائے۔ عامل کا باطن روشن ہوجائے اور ارواح باطنیہ زندہ ہوجائیں۔ اس جلیل القدر عمل کو عملیات کی جملہ شرائط کی پابندی کے ساتھ ہی بجالایا جائے۔ عمل کی ریاضت کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ نمازِ عشاء کے بعد اسم اعظم ''اللہ''، چھیاسٹھ (66) مرتبہ اور مندرجہ ذیل عزیمت سولہ (16) مرتبہ پڑھی جائے اور اسے اپنا تاحیات معمول بنالے۔ ان شاء اللہ عجائبات کا مشاہدہ ہوگا اور انوار کا مشاہدہ ہوگا۔ عزیمت یہ ہے:

الهی ما اسرع التكوين بكلمتك واقرب الانفعالات بأمرك اسائلك بما اظهرت فی العرش من نور اسمك العلی العظيم الرفيع المجيد المحيط فانتشات ملائكته انتشآءمنا سبا لتلك الحضرة فكل منهم روح وكل نفس من انفاسهم روح وكل ذكر من اذكار روح وكل منهم اذهلته عظمة تجليك فی اسمآئك فانفعلت ذواتهم بتلك الاذكار فهم ذا كرون من الذهلون من الذ كر فذ كرهم من حيث الاسم انت انت ومن حيث الذهول هو هو ومن حيث العظمة آه آه ومن حيث التجلی هاها ومن حيث الستر هی هی ومن حيث التسبيح سبحانك سبحانك ما اعظم سلطانك واعز شانك احاط علمك وسبق تقدير ك ونفذت ارادتك وجهنی وجهة مرضية من تصريف قدرتك فی كل فعل بعزم اورفكر ظاهرا وباطنا فان حضر تك لاتقبل الغير حتی تصدر لی افعال الاكوان ومن فيهن اتصرف فيها بما اريد فانك فعال لما تريد وانت الطف اللطفاء وارحم الرحماء وعلی كلی شیء قدير وبالا جابة جدير وصلی الله علی سيدنا محمد وعلی اله وصحبه وسلم۔

تسخیرِ ھمزاد

قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

ہمزاد کو مسخر کرنے والے کو چاہیے کہ اپنے نام کے اول میں لفظ 'یا' بڑھائے اور نام کے بعد یہ جملہ پڑھے مثلاً ''یا قیصر احمد اِظْهَرْ وَاَحْضُرْ بِحَقِّ رُوْحُ الْاَمِیْن۔''

12 بجے رات بند کمرہ میں، کمرہ بالکل خالی ہو۔ روزانہ گیارہ سو گیارہ (1111) بار پڑھے۔ آنکھیں کھلی رکھے۔ بیٹھ کر یا ٹہلتے ہوئے پڑھے۔ باوضو ہونا شرط ہے۔ اور کوئی پرہیز نہیں۔ ان شاء اللہ اکیسویں روز ہمزاد حاضر ہوگا، تابع اور فرمان ہوجائے گا۔

حسب قانون شریعت کام لیں۔ اگر ناکامی ہو تو دوبارہ، سہ بار کریں۔ کامیابی ضرور ہوگی۔

مجرب روحانی ٹوٹکے

قیصر احمد بی۔ اے (کراچی)

ذیل میں جو ٹوٹکے دیے جارہے ہیں، وہ فوائد میں بہت مفید ثابت ہوں گے۔ ''حب'' اور ''بغض'' کے معاملے میں احتیاط سے کام لیں۔ اگر کسی نے بہت غلط استعمال کیا تو ہم بری الذمہ ہیں۔ اور دعا ہے کہ ایسے شخص کو فائدے کی بجائے سخت نقصان ہو۔

برائے حُب: اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں شخص کو مسخر کروں تو مطلوب کے نام مع والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق اور اس سے ستارہ اخذ کر کے اسی ستارہ کی ساعت میں دواؤں کو پہلے سے حاصل کرے اور مطلوب کا نام لیتا رہے اور کوٹتا رہے صبح و شام سات روز تک۔ مطلوب ان شاء اللہ تعالیٰ طالب کی محبت میں بے چین و بیقرار ہوگا۔ نسخہ یہ ہے:

افیون نیم درم۔ برگ زیتون ۲ دانگ۔ اشق ادرہم۔ کندر ۲ درہم۔ سنبل الطیب نیم درہم۔ عرطینشا نیم درہم۔

ان تمام ادویہ کو کوٹ کر جلائے اور مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کا نام لے کر جلاتا رہے، مطلوب بیقرار ہو کر آئے۔

برائے حُب: ان ادویہ کو بساعت مشتری حاصل کرے اور ساعت مشتری ہی میں بنام چہار کس سات روز تک کوٹے۔ پھر ان کو مطلوب کا نام مع والدہ کے نام لے کر جلائے۔ ان شاء اللہ مطلوب بیقرار ہو کر آئے گا۔ نسخہ یہ ہے: برنج۔ جوز۔ سنبل۔ نوسادر و بیدا نجیر و عرطینشا ہموزن لے کر کوٹے۔ بعدہٗ ملائے اور اپنی دلی مراد پائے۔

برائے حُب: ''دست بستن'' ان ادویہ کو پہلے حاصل کرے اور بروز جمعہ درساعت زہرہ کوٹے اور مطلوب کا نام معہ اس کی والدہ کا لے کر جلائے۔ مطلوبہ شخص کے دونوں ہاتھ بستہ ہو جائیں گے۔ وہ نسخہ یہ ہے: غاریقون ایک درہم۔ کبیرت نیم درم۔ شحم حنظل نیم درم۔

برائے حُب: ان ادویہ کو حاصل کرے۔ پھر ساعت مشتری میں کوٹے اور مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا بھی کوٹے اور کوٹتے ہوئے مطلوب کا نام مع والدہ کے لیتا رہے۔ بعدہٗ اس کو جلائے۔ وہ نسخہ یہ ہے: صندل سفید۔ آبریشم۔ فلفل سفید......ہموزن۔

برائے حُب: ان ادویہ کو پہلے حاصل کریں اور ساعت عطارد میں کوٹ چھان کر جلائے۔ جلاتے وقت مطلوب کا نام مع والدہ لے کر جلاتا رہے کہ مطلوب بیقرار ہو کر آئے اور تو اپنی دلی مراد پائے۔ نسخہ یہ ہے: شونیز ادرم۔ سنبل ادرم۔ بیدا نجیر ۳ درم۔ صندل سفید ادرم۔

برائے حُب: جملہ ادویہ کو حاصل کرے پھر ساعت مشتری میں کوٹے۔ بنام مطلوب جلائے۔ ان شاء اللہ مطلوب بیدام غلام ہوگا۔ نسخہ یہ ہے: برگِ زیتون ادرم۔ کندر ۴ درم۔ نوسادر ادانگ۔ مجرب المجرب ہے۔

برائے حُب: اول طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد مع والدہ کے نام کے اعداد کے حاصل کرے اور اناسی (۷۹) عدد کا اضافہ کر کے نقش مثلث لکھے۔ ۳ عدد نقش تیار کرے۔ اول داہنے بازو میں باندھے۔ دوسرا فلیتہ بنا کر مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے سات روز تک جلائے اور تیسرا مطلوب کی راہگذر میں دفن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب طالب کی محبت میں دیوانہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے غائب: خرما ۵ درم۔ راز یانج ۵ درم۔ عقرقرحا ۵ درم۔ مصطگی ۵ درم۔ ان سب ادویہ کو بساعت عطارد کوٹے اور پھر جلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گریختہ جلد لوٹ آئے گا۔ مجرب ہے۔

برائے غائب: مندرجہ ذیل ادویہ کو درساعت قمر کوٹے اور گریختہ کا نام مع والدہ لیتا رہے اور بعدہٗ اسے جلائے۔ گریختہ جلد واپس آئے۔ نسخہ یہ ہے:

زراوند نیم دانگ۔ مقل ارزق نیم درم۔ غلاف خشخاص نیم درم۔ تخم ترہ بوستاں نیم درم۔ فلفل ادرم۔ شکر ۵ درم۔

برائے خواب بستن: اگر کسی کی خواب بندی کرنا ہو تو تخم بادیان، تخم گاجر، فلفل دراز، تخم حنظل ہموزن لے کر ساعت شمس میں اتوار کی شب کو کوٹے اور مطلوب کا نام مع والدہ لیتا رہے اور بعدہٗ جلائے۔ فوراً خواب بندی ہوگی۔

پوشیدہ باتوں کو جاننے اور خبریں حاصل کرنے کے روحانی اعمال

محمد عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

خفیہ چیز کے اظہار یا ضمائر الناس کا عجیب عمل

یہ عمل مبارک صاحب جواہر المماعہ، صاحب السحر الکہان، صاحب مجموعہ عملیات و مجربات الغزالی الکبیر، صاحب النور الساطع اور صاحب قاہر الارواح کے علاوہ دیگر کئی مصنفین نے اپنی اپنی کتب میں لکھا ہے۔ یہ عاملین فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص خفیہ چیزوں کے اظہار کے لئے یا لوگوں کے قلوب کے رازوں تک پہنچنا چاہے تو اسے چاہیے کہ پرہیز روحانی و صوم صلاۃ کے ساتھ سات (7) ایام کی خلوت اختیار کرے اور ان کلمات عظیمہ کو صبح ورات کو 1000۔1000 مرتبہ اور پانچوں نمازوں کے بعد تین سو دس (310) مرتبہ پڑھتا رہے۔ جب اور جس وقت پڑھائی کرے۔ اس وقت صندل سرخ ولوبان یا پھر کوئی خوشبودار اگربتی کو جلائے رکھے۔ کلمات عظیمہ یہ ہیں۔

کمشٍ کمشٍ۔ مشٍ مشٍ عکشٍ عکشٍ۔ شملاخٍ شملاخٍ۔ زاجب یاجواشٍ واظہرنی علی ضمائر الناس

ساتویں رات کو جب تم تعداد کو پورا کر لو تو صاحب عمل کو ایک آواز آئے گی۔ مگر کوئی دکھائی نہیں دے گا۔ یہ دراصل عمل کے استجابت کی واضح نشانی ہے۔ اس کے بعد جب بھی عامل کسی انسان کے راز کی معرفت حاصل کرنا چاہے۔ تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا سر اپنے دونوں گھٹنوں کے وسط میں رکھ کر یہی کلمات عظیمہ تین (3) مرتبہ پڑھے۔ تو خادم عمل ہذا جواش اس شخص کے بارے میں عامل کے گوش میں خبر دے گا۔ عامل کو چاہیے کہ اس راز کی حفاظت کرے۔ کسی کو بھی اپنا حال بیان نہ کرے۔ تاکہ دائمی کامیابی ساتھ رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اطراف کی خبریں منگانے کا عمل

1 صاحب شموس الانوار کا یہ عمل بھی مذکورہ عمل کی طرح سات (7) روز پر مشتمل ہے۔ شائق کو چاہیے کہ پرہیز روحانی مع صوم وصلاۃ سات ایام کی خلوت اختیار کرے۔ اور ان کلمات عظیمہ کو صبح ورات ان کے اعداد ابجدی قمری (۳۲۶۸) کے مطابق پڑھتا رہے۔ جب اور جس وقت پڑھائی کرے۔ اس وقت صندل سرخ ولوبان یا پھر کوئی خوشبودار اگربتی کو جلائے رکھے۔ کلمات عظیمہ یہ ہیں:

یَاخَبِیْرُ۔ یَامُبِیْنُ۔ یَاعَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ شراھیا برھوتا

ساتوں رات کو اختتام عمل پر واقعات کی طلاع دینے والا آن حاضر ہو گا۔ صاحب عمل کو چاہیے کہ اس ریاضت وخادم کی اطلاع کسی کو نہ دے۔ ورنہ اس قیمتی تصرف کے ضائع ہونے کے علاوہ جان بھی جاسکتی ہے۔

2 یہ عمل مجربہ بہت سارے عاملین نے شموس الانوار سے نقل کیا ہے۔ دس (10) روز پرہیز روحانی مع خلوت (صوم وصیام کے ساتھ) ذیل کی عبارت عمل کو تسمیہ کے ساتھ پانچ ہزار تین سو چوبیس (5324) مرتبہ روزانہ ایک ہی نشست میں بیٹھ کر پڑھنا ہے۔ یہ بات عامل کی صوابدید پر منحصر ہے کہ وہ کون سا وقت اس ریاضت کے لئے مخصوص و مختص اور مقرر کرتا ہے۔ چاہیے کہ ریاضت سے چند یوم بیشتر اس عبارت عمل کو روزانہ ہزار (1000) مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ تاکہ موکل بھی مانوس ہو جائے۔ اور عبارت عمل بھی زباں پر باآسانی رواں ہو جائے۔ اور وقت کا بھی تعین ہو جائے کہ عمل میں کتنا وقت لگ سکتا ہے عبارت عمل یہ ہے۔ اَلْعَلِیْمُ الْعَلَّامُ شموش وطیغوغ وفاغوغ۔ موکل عالم رؤیا میں خبریں دے گا۔

جنات سے خبر حاصل کرنا

حضرت کاش البرنیؒ اپنی کتاب عامل کامل (حصہ دوئم) میں رقمطراز ہیں کہ جو شخص جنات سے خبر حاصل کرنا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ تین روز پے در پے روزے رکھے اور پرہیز عمومی کرے اور کسی خلوت میں لوبان کندر یا کسی اگربتی کا بخور سلگائے۔ بعد ازاں ایک سفید بغیر لائن کورے کاغذ پر ذیل کا نقش بنائے اور اس نقش کے گرد اگر سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین اور سورۂ حشر کا آخر (لو انزلنا ھذا القرآن۔ سورۂ حشر۔ تا آخر) مشک زعفران اور عرق گلاب سے لکھے پھر اس کے نیچے اپنی حاجت لکھے نقش یہ ہے۔

اس کے بعد سو (100) باریوں کہے کہ!

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ

بقیہ ص 61

آسان عملیات وتعویذات

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہٗ (کراچی)

چوری سے حفاظت کا وظیفہ

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا اسکوٹر، کار، سوزوکی، ٹرک یا اور کوئی چیز دکان سے یا بند ٹھکانے سے چوری سے محفوظ رہے۔ چور نہ تالا توڑے، نہ دروازہ کھولے اور نہ دیوار کو توڑ کر گاڑی نکال کرلے جائے۔

اس کے لیے جب اس مکان، دکان، گیراج کو بند کرنے لگے تو پوری ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ'' ایک بار پڑھے۔ اس کے بعد جب تالا لگائے تو تالے کی چابی گھماتے وقت ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ'' ایک بار پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر تصور کر کے دکان، مکان، گیراج کے چاروں طرف پھونک مار کر حصار کردے یعنی چور کا راستہ بند ہوگیا۔ سب سامان ان شاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

آیت الکرسی یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَـىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ۝ (البقرۃ:۲۵۵)

قوت مردمی کی جادوئی بندش کے توڑ کے لئے

اگر کسی شخص کی قوت مردمی...... سحر، جادو، سفلی یا جنات کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو اور وہ بیوی پر قادر نہ ہوسکے تو وہ "القھار" کو چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے اس طرح لکھے کہ پلیٹ پوری بھر جائے کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ یہ عمل باوضو ہو کر قبلہ رخ مصلے پر بیٹھ کر کرے اور باوضو ایک پانی کے بڑے برتن میں پلیٹ کو ڈبو کر ہاتھ سے اس کی لکھائی کو بالکل صاف کردے اور وہ پانی رات کو پی کر بیوی سے ملاقات کرے۔ ان شاء اللہ ضرور کامیاب ہوگا۔ جب تک ضرورت ہو، یہ عمل کرتا رہے۔ جب ضرورت ختم ہوجائے، عمل روک دے۔ اب ضرورت ختم ہوگئی۔

حکام، ظالم، جج، غنڈے، بدمعاش و دیگر ظالم لوگوں کے پاس جانے کا عمل

اگر کسی کا واسطہ ایسے لوگوں سے پڑ جائے اور کوئی مددگار، ساتھی، ہمدرد نہ ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل بڑا کامیاب ہے۔ ان اسماء مبارکہ کو اس کے سامنے پڑھتا رہے، زبان سے۔ پہلے اندر جانے سے پہلے پڑھ کر اندر جائے اور دل میں ان اسماء کو پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو کر واپس آئے گا، وہ کچھ بگاڑ نہ سکیں گے۔ وہ اسماء مبارکہ یہ ہیں:

يَا سُبُّوۡحُ يَا قُدُّوۡسُ يَا غَفُوۡرُ يَا وَدُوۡدُ

ساری عمر ہر قسم کی آفتوں سے حفاظت

جو شخص محرم الحرام کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ (113) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ پاک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو قبلہ رخ، پاک مصلے پر بیٹھ کر لکھے گا اور ہمیشہ اپنے گھر میں اس کو فریم کر کے لگائے گا، وہ ہمیشہ کے لیے ہر قسم کی آفات ومصائب سے محفوظ رہے گا۔

(مجرب) تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔ (جواہر الفقہ جلد ۲ ص ۱۸۷)

گرمی کا بخار دور کرنا

جس کو گرمی کا بخار آتا ہو، عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر ایک سفید اور پاک کاغذ پر ایک مرتبہ لکھے اور مریض کے گلے میں موم کا بھیگا ہوا کپڑا لپیٹ کر ایک پاک کپڑے میں باندھ کر گلے میں ڈال دے۔ جب بخار اتر جائے تو اتار کر رکھ لے۔ جب کسی اور کو بخار آئے تو اس کے گلے میں باندھ دے۔ یہ ہمیشہ کام آتا رہے گا۔ آیت یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ قُلۡنَا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ۝ (الانبیآء:۶۹)

تعویذات لکھنے کے لیے مختلف قسم کے کاغذ

روحانی علاج میں پہننے، جلانے، پینے، لگانے/لٹکانے، دبانے وغیرہ کے لیے مختلف قسم کے کاغذوں پر لکھا جاتا ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

روغنی: پینے کے لیے۔ ان پر سے سیاہی مٹ کر پانی میں حل ہوجاتی ہے۔

نیوز: فلیتے/بتیوں/جسم پر مل کر جلانے والے اعمال کے لیے۔

سفید: پہننے، لگانے/لٹکانے، دبانے کے لیے۔

بٹر پیپر: پہننے کے لیے۔ یہ باریک کاغذ ہوتا ہے۔ بڑی سورتیں یا اعمال اس پر لکھ کر تعویذ بنایا جائے تو بہت چھوٹا بنتا ہے۔ بٹر پیپر دستے کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ تمام قسم کے کاغذ وزن کے لحاظ سے (پاؤ، آدھ کلو، کلو یا زائد) دستیاب ہیں۔ روغنی کاغذ پیڈز کی شکل میں بھی دستیاب ہیں۔

تفصیل کیلئے لنک وزٹ کیجئے https://bit.ly/3fQdbSS

چہل کاف کا دس ہزار (10000) خانوں کا خاص نقش (آرٹ پیپر بڑا سائز)

* یہ نقش نہایت سریع الاثر اور جمیع مقاصد کیلئے مجرب ہے * ترقی پر گامزن ہوجائے گا * ہر قسم کا جادو ٹونا کا اعلیٰ ترین توڑ * ہر طرح کی نظر بد ختم * ہر قسم کی بندشیں ختم * بے برکتی دور ہوگی * اس کی ہیبت سے قوم جنات لرزتی ہے * اعمالِ سفلی اس کی برکت سے فنا ہوجاتے ہیں * جہاں یہ نقش ہوگا قوم جنات اس مقام سے کوسوں دور بھاگ جاتی ہیں

دم شدہ تعویذ کا ہدیہ | برائے عوام: 1100 روپے | برائے شاگرد و عاملین: 700 روپے

حرز دافع البلیات نقش صد در صد یعنی 10000 خانوں والا نقش (بٹر پیپر پر)

حامل ہذا تعویذ خداوند کریم کے فضل سے جادو، حاسدین، نظر بد جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈرنا، وساوس شیطانی، خوف وحراس، دہشت، ناگہانی آفات اور حادثات سفر وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ افسران بالا کے جبر، گھریلو ناتفاقیاں، بے روزگاری، قرض، تجارتی نقصانات، بے اولادی، مہلک امراض اور نفسیاتی مسائل کے حل کے لئے یہ نقش مجرب ہے۔ جو بھی اس نقش کو پہنے گا ان شاء اللہ ہمہ قسم کے مہلک امراض و آفات سے محفوظ رہے گا۔

دم شدہ تعویذ کا ہدیہ | برائے عوام: 700 روپے | برائے شاگرد و عاملین: 500 روپے

نایاب درویشی روحانی مالا لاجورد

لاجورد مشہور پتھر ہے۔ اگر اس کو انگشتری میں جڑوا کر پہنا جائے یا جس کے پاس یہ نگینہ ہو تو مخلوق اس کی عزت کرے گی اور سب کی نگاہوں میں محترم ہوگا۔ اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو لاجورد اپنے پاس رکھے، اس سے اس کی بے خوابی دور ہوجائے گی۔ جس کسی کے پاس یہ پتھر ہوتا ہے اس پر کسی سحر جادو کا عمل، جنات، شیاطین، ارواح بد کا اثر نہیں ہوتا۔ تاریخ میں ہے کہ سکندر اعظم کے لشکر کے ہر سپاہی کے پاس یہ پتھر تھا اور اس کے سبب سے اس کا لشکر ہر جگہ، ہر بلا سے محفوظ رہا اور ہر میدان میں اس کو فتح و کامیابی حاصل ہوتی رہی۔ جس شخص کے پاس یہ پتھر ہو جنات اور شیطان اس کے مطیع ہوجاتے ہیں اور وہ ان سے ہر قسم کی خدمت اور کام لے سکتا ہے۔

قیمت: 11000 روپے

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

طلسمی آلۂ نور

قیمت: 3000 روپے

خوشی و برکت کا روحانی ایٹمی فارمولا

اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا کھلیان ہو یا گودام ہو...... وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت و یگانگت و محبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ دراصل یہ امتزاج ہے صدیوں سے مخفی طلسماتی رازوں کا جس کو جدید ٹیکنالوجی سے ملایا گیا ہے۔ یہ طلسم اردگرد کے ماحول میں موجود تمام ایٹموں کو سیکنڈز میں برکت وخوشی سے بھر دیتا ہے۔

عاملین کے لئے بھی بے حد موثر ہے۔ اپنے آستانے میں رکھنے سے مریضوں کے ساتھ آنے والے برے اثرات کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

قیمت 220 روپے

عطر حفاظت

قرآنی آیات، اسماء الحسنیٰ، درود شریف اور عاملین کے مخصوص اعمال کا دم شدہ خاص حفاظت کا عطر، جس کو استعمال کرنے سے درج ذیل سے حفاظت ہوگی (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔

* جنات * جادو * شیاطین * آسیب * جادوگر * نظر بد * حاسدوں کے شر * بم بلاسٹ * قتل و غارت * اغوا * سفر کے حادثات * ناگہانی آفات و مصائب * زمینی و آسمانی حادثات وغیرہ۔ عاملین حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

چاندی سے بنی ہوئی

حروف مقطعات کی خاص روحانی انگوٹھی

یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:

دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں/اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

عطر تسخیر

قیمت: 360 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بار آور ہوئیں اور روحانی دکان دار العمل چشتیہ کی جانب سے "**عطر تسخیر**" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "**عطر تسخیر**" سریع التاثیر ہے۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر منگوائیں

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

روحانی عرق گلاب

برائے روحانی امراض

قیمت: 220 روپے (750ml)

● جادو، جنات، نظر بد کی وجہ سے رہنے والے سر درد کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے دیگر علاج کے ساتھ استعمال کرنے سے مریض بہت جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے دل کی حرکت بڑھ جانے والے مریضوں کیلئے انتہائی مفید ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے جسم پر رہنے والے بوجھ کو دور کرتا ہے ● جادو، جنات کے مریضوں کی بے چینی اور گھبراہٹ کی کیفیات کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے پیدا ہونے والی پیٹ کی بیماریوں، منہ کی خشکی اور زبان پر رہنے والے کانٹوں کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کی تمام علامات کے علاج میں زبردست فائدہ دیتا ہے ● دار العمل چشتیہ کے روحانی عاملین نے اسے انتہائی محنت اور طویل دم کے بعد تیار کیا ہے

روحانی پرواز

حکیم پیر صوفی عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

جب خاص الخاص طالبوں اور خلیفہ صاحبان پہ اللہ تعالیٰ کا انعام خصوصی ہوتا ہے تو انہیں قوت پرواز عطا ہوتی ہے۔ روحانی پرواز میں روح اور مادی جسم لطافت میں ایک جیسے ہو جاتے ہیں۔ روحانی پرواز جاری کرنے کے لیے مجرب عمل حاضر خدمت ہے۔

درج ذیل نقش 8x6 کے سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے تحریر کریں اور فریم کرالیں۔

۷۸۶

۱۶۹۴	۱۶۹۸	۱۷۰۱	۱۶۸۷
۱۷۰۰ ، ۱۶۸۸	محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم		۱۶۹۳ ، ۱۶۹۹
۱۶۸۹ ، ۱۷۰۳			۱۶۹۶ ، ۱۶۹۲
۱۶۹۷	۱۶۹۱	۱۶۹۰	۱۷۰۲

رات پُرسکون ہو کر کمرے میں علیحدہ بیٹھ کر عمل کریں۔ پہلے دو رکعت نماز نفل برائے نذر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھیں۔ نقش کو تین فٹ کے فاصلے پر رکھ کر سیدھی کمر اور سیدھی گردن کے ساتھ نقش کے دائرہ میں لکھے ہوئے اسم گرامی (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پہ نظر قائم کر کے ستر (70) بار آیت خاص، اول و آخر گیارہ بار درود پاک ضرور پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ۫ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۱۲۹﴾ (سُوۡرَۃُ التَّوۡبَۃِ: ۱۲۸-۱۲۹)

اس کے بعد کچھ دیر مراقبہ کی صورت میں بیٹھیں۔ جب طبیعت بحال ہو جائے تو کمرے میں اندھیرا کر لیں۔ کمر اور گردن سیدھی کر لیں۔ آنکھیں بند کر لیں اور بدرِ کامل (پورے چاند) کا تصور کر کے یا پھر تصور مرشد میں غرق ہو کر پڑھیں۔

سَلَامٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ یَارَسُوۡلَ اللّٰہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

بلا وقف سات سو (700) بار پڑھیں۔ چند دنوں میں ہی آپ روحانی ترقی محسوس کریں گے۔ روحانی پرواز جاری ہو جائے گی۔

چالیس (40) دن کا عمل کریں۔ ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کریں۔ جماع سے سخت پرہیز کیا جائے۔ دورانِ عمل لباس سفید اور خود پاک کردہ زیب تن کریں۔ عمل کے بعد اتار سکتے ہیں۔ مصلیٰ بھی سفید ہو، زیادہ بہتر ہے۔ چند دنوں میں ہی پڑھتے ہوئے اپنے آپ کو ہوا میں اڑتا دیکھیں گے۔ مدینہ طیبہ کی سیر کریں گے۔ سب سے بڑھ کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار مبارک ہوگا۔ دن میں چشمہ لگائیں۔ کسی کو نظر بھر کر نہ دیکھیں ورنہ گلے پڑ جائے گا۔ اس عمل میں بدرِ کامل کے تصور میں زیادہ کوشش کریں، یہی ایک راز ہے۔ اس راز کا انکشاف عامل پر ہوگا۔

العلاج بالسماء بالشعاع الشّمس
(علاج شمسی)

سائیں عبداللطیف دمانی (اسلام آباد)

کئی لوگوں کا خیال ہے کہ سورج کی روشنی سے علاج ایک نئی اختراع ہے لیکن یہ کوئی نئی ایجاد نہیں ہے۔ یہ سب پرانی ایجادیں ہیں۔ صرف ترقی نہ دینے کی وجہ سے معدوم ہوگئیں ہیں۔ اس بات کو ہمیشہ مدِ نظر رکھیں کہ جسم کے امراض اور تندرستی کا دارومدار عنصروں کی کمی بیشی واختلاف پر ہے۔ یعنی امراض بادی وریاحی، صفراوی امراض، بلغمی امراض، دموی یعنی خون کی پیدائش سے پرانے بزرگوں نے سورج کے ذریعے عنصروں کی اصلاح سے چند قاعدے پیش کئے ہیں جو یہاں آپ کی خدمت اقدس میں درج کرتا ہوں۔

پانی کی تیاری

پانچ قسم کی رنگدار بوتلیں لیں جن میں ایک نیلی، دوسری سبز، تیسری سرخ، چوتھی سفید اور پانچویں زرد ہو۔ بوتلیں بالکل صاف ستھری لیں۔ ان بوتلوں میں صاف کنوئیں کا پانی یا صاف نلکے کا پانی نصف نصف بوتل بھر دیں اور کارک سے منہ بند کر کے ان بوتلوں کو دھوپ میں (جہاں خوب دھوپ لگے) لٹکا دیں یا کسی ایسی جگہ رکھیں جہاں کافی دھوپ ہو، کم از کم دو گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے۔ سورج کی کرنیں اپنے اپنے رنگ کے مطابق ان بوتلوں سے گزر کر پانی کے اندر ایک قسم کی کہرائی قوت پیدا کر دیتی ہیں۔ بعد میں بوتلوں کو اٹھا کر ان کے پانی کو جس قسم کی بیماری ہو تو اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔

مختلف رنگ والے پانی کے اثرات

1. نیلی بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں، ان کا اثر سرد ہوتا ہے۔
2. سبز بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں، ان کا اثر معتدل ہوتا ہے۔
3. سرخ بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں، ان کا اثر بہت گرم ہوتا ہے۔
4. سفید بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں، ان کا اثر مائل بہ سردی ہوتا ہے۔
5. زرد بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں، ان کا اثر کم گرم ہوتا ہے۔

کون سے رنگ کا پانی، کون سی امراض کی قسم میں مفید ہے؟

نیلا رنگ آسمان کا ہوتا ہے اور سرخ رنگ آگ کا ہے۔ سفید رنگ پانی کا ہوتا ہے اور زرد رنگ مٹی کا ہوتا ہے۔ سبز رنگ ہوا کا ہوتا ہے۔ بس جب کسی بیماری کا علاج کرنا ہو، گرمی سردی کے لحاظ سے جس رنگ کی بوتل کو مناسب خیال کریں، استعمال میں لائیں۔ اس پانی کی خوراک چھ (6) ماشے سے لے کر پانچ (5) تولے تک، قوت کے لحاظ سے دینی چاہیے۔

1. زیادہ گرم امراض میں نیلگوں بوتل کا پانی استعمال کرنا چاہیے۔
2. بادی اور ریاحی امراض میں سبز بوتل کا پانی بہتر ہے۔
3. زیادہ سرد بیماریوں میں سرخ رنگ کی بوتل کا پانی بہتر ہے۔
4. بدہضمی اور زکام وغیرہ کیلئے سفید رنگ کی بوتل کا پانی استعمال کریں۔
5. قبض اور دردِ معدہ وغیرہ میں زرد رنگ کی بوتل کا پانی بہتر ہے۔
6. بعض تیز بیماریوں میں نیلگوں اور سرخ بوتل کا پانی بہتر ہوتا ہے۔

کن بیماریوں میں کون سے رنگ کا پانی دیں؟

نیلی بوتل کا پانی ایک ہفتہ تک استعمال کر سکتے ہیں اور یہ درج ذیل امراض میں فائدہ دیتا ہے۔ نزلہ، پیچش، سوزش، خارش، معدہ وغیرہ میں کارگر ہوتا ہے۔

سبز بوتل کا پانی مندرجہ ذیل امراض پر اثر انداز ہوتا ہے۔ دردِ سر، دردِ دندان، دردِ سینہ، سوزشِ سینہ، یرقان۔ اس کا پانی صرف دو روز تک استعمال کریں۔

سرخ بوتل کا پانی مندرجہ ذیل امراض میں نفع دیتا ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ، دمہ وغیرہ امراض میں فائدہ دیتا ہے۔

سفید بوتل کا پانی نزلہ، زکام، کھانسی، پھوڑا، پھنسی، بدہضمی اور فسادِ خون کے امراض کیلئے مفید ہے۔

زرد بوتل کا پانی قبض وشکم، ضعف جگر میں دیا جاتا ہے۔ چونکہ قبض ام الامراض ہے، اس لئے اس کا خیال رکھیں۔ معمولی قبض کیلئے یا دائمی قبض کیلئے...... زرد پانی قبض کھولتا ہے۔ علی الصبح دو (2) تولہ اس بوتل کا پانی اور شام دو (2) تولہ۔ چند روز استعمال کریں تو قبض کی شکایت ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دور ہو جاتی ہے۔

”وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جنّ نے شادی کرلی تھی“

قسط نمبر ۴

محمد زبیر اعوان

اس رات ہم نکلنے لگے تو اگلی بار انہوں نے اپنے ساتھ انتہائی قیمتی خوشبو لانے کا بھی عندیہ دیا۔ اسی شام ماورا کی طبیعت بگڑی تو پیر صاحب ملک محمد بشیر سہروردی قادری کو ٹیلی فون کیا گیا، وہ کچھ ہی دیر میں وہاں پہنچ گئے۔ سیدھا ماورا کے کمرے میں پہنچے، معمول کے مطابق اس کے بالوں کو پکڑا اور دم شروع کردیا۔ اسی دوران انہوں نے اہلخانہ سے ایک چراغ، روئی اور تیل منگوالیا۔ اپنی جیب سے ایک تعویذ نکالا اور اس کو روئی کے اندر لپیٹ دیا۔ اب روئی سے بنے اس دیئے کو ماورا سے کچھ فاصلے پر رکھے گئے چراغ میں ڈال کر سلگا دیا گیا۔ ”وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کرلی تھی۔“

پیر صاحب خود اپنا کام جاری رکھے ہوئے تھے، اس دیے نے جیسے ہی جلنا شروع کیا تو ماورا نے چیخیں مارنا شروع کردیں ”مجھے چھوڑ دیں، اسے مت جلائیں، اسے آگ لگ گئی ہے، وہ چلّا رہا ہے، بچنے کی کوشش کررہا ہے، اب پورے جسم کو آگ نے لپیٹ میں لے لیا“۔۔۔

پیر صاحب نے پوچھا ”اب کیا ہورہا ہے؟“ ماورا چراغ کی طرف ٹکٹکی باندھے دیکھے جارہی تھی، اس نے بتایا کہ اب وہ تقریباً مکمل جل چکا ہے، اس دوران پیر صاحب مسلسل اپنا عمل بھی پڑھتے رہے۔ چند لمحوں بعد ہی ماورا غنودگی میں جانا شروع ہوگئی، انہوں نے اس کے سر سے ہاتھ اٹھایا اور اسے لٹا دیا، اس دوران بھی انہوں نے ایک پھونک ماورا پر ماردی۔ مزید چند لمحوں کے بعد ماورا حسب معمول ملک محمد بشیر سہروردی قادری کے ادب میں سنبھل کر اٹھ کر بیٹھ گئی اور آہستہ آہستہ دیا بھی ٹھنڈا ہوگیا۔

یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ عمومی طور پر ایسی کہانیاں سننے کو ملتی ہیں کہ جنات کو جلانے کیلئے پورے گھر یا مریض کو آگ لگادی یا پھر تشدد سے جنات نکالنے کے ڈرامے کے دوران مریض کی جان ہی نکال دی، دراصل جنات کے چنگل سے کسی کو علم کی طاقت سے ہی نکالا جاسکتا ہے اور روحانی شخصیات حتی الامکان جنات کو جلا کر مارنے سے گریز کرتی ہیں لیکن اگر ایسا لازم بھی ہو تو اوپر بیان کیا گیا آنکھوں دیکھا حال اپناتے ہیں۔

ماورا کی حالت ابھی تک گومگو کا شکار تھی، کسی وقت طبیعت بگڑ جاتی تھی اور خرابی صحت کے معمول کے اوقات میں کچھ بھی نہیں ہوتا تھا، اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے پیر صاحب نے بھی اپنی حکمت عملی بدلی، وہ کبھی سختی سے پیش آتے تو کبھی ابتدائی دنوں کا طریقہ اپناتے ہوئے انہیں دم کرکے اور وجہ وغیرہ پوچھنے کے بعد منت سماجت کرکے ہی بھیج دیتے، ایک جن نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ وہ پہلی دفعہ آیا ہے اور جنگل میں جارہا ہے جہاں اچھی خاصی جھاڑیاں ہیں اور کوئی انسان نہیں، وہ جنگل سے کبھی واپس ہی نہیں آئے گا، اگر آیا بھی تو اس لڑکی کو تنگ نہیں کرے گا، شاید یہ شریف جن تھا جس نے فوری جانے اور آئندہ نہ آنے کی یقین دہانی بھی کرادی اور پیر صاحب اور ماورا کے بقول وہ دوبارہ کبھی نہیں آیا۔ ملک محمد بشیر سہروردی قادری نے بتایا کہ ایسے واقعات میں ایسا بھی ہوا کہ ایک دفعہ ایک جن نے کافی تنگ کیا اور سائلہ کے ہاتھ کی صورت میں پیر صاحب کو بھی کلائی کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر جب ان کے علم کی طاقت کے آگے زیر ہوا تو مریضہ کو چھوڑ کر چلے جانے کی بھی یقین دہانی کرائی لیکن وہ کسی صورت اب اس کی بات ماننے کو تیار نہیں تھے، اسے جلا کر مار دینے کی دھمکی بھی دی، جب اس جن نے منت ترلے شروع کیے تو انہوں نے جواب میں اس سے آئندہ ہونے والی قرعہ اندازی کا بانڈ نمبر مانگا۔ اس نے 6 ہندسوں پر مشتمل نمبر دیا۔ اب جب میں یہ لکھ رہا ہوں تو اگر میں غلط نہ ہوں اور جہاں تک یادداشت کام کررہی ہے تو وہ نمبر 970013 تھا، چند دن گزر گئے، جب قرعہ اندازی ہوئی تو بانڈ نمبر 970031 پر پہلا انعام نکلا تھا، یہاں یہ بھی بتاتا چلوں کہ پاکستان میں غیر قانونی طور پر کھیلے جانے والے جوا میں پہلے چار ہندسے ہی یعنی 9700 تھے جو بالکل ہی درست ثابت ہوئے

تھے۔ جوا کھیلنے والے حضرات سے دستیاب معلومات کے مطابق اگر ایسے میں 9700 پر ایک سو روپے کا جوا لگایا گیا ہوتا تو ایک سو روپے کے بدلے میں کم و بیش 70 لاکھ روپے ملنے تھے۔ یہ الگ بات ہے کہ پیر صاحب نے اس نمبر پر اعتبار نہیں کیا تھا اور اسے جنات کی مختلف دیگر معاملات میں الجھانے کی کوشش قرار دیا تھا، بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ واپس اپنی اصل کہانی کی طرف آتے ہیں، جنات کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ ماضی کے بارے میں مکمل بتا سکتے ہیں لیکن حال کے بارے میں ان کی پیشن گوئی درست نہیں ہوتی، واللہ عالم الغیب۔ نمبر دے کر جانے والے جنّ کے چلے جانے کے بعد پیر صاحب نے کانوں کو ہاتھ لگاتے ہوئے بتایا کہ میں بچپن سے ہی وظائف اور نماز وعبادت کا شوقین تھا، نعتیں پڑھا کرتا تھا اور یہاں تک کہ کپڑے بھی پھٹے پرانے ہوتے، ایک مرتبہ مسجد میں (جواب عالی شان مسجد بن چکی ہے لیکن ہمارے زمانے میں صرف کچھ اینٹیں رکھ کر ہی نشانی بنائی گئی تھی) دعا کی کہ یا اللہ نئے کپڑے دلا دے، پھٹے پرانے کپڑوں میں تیرے سامنے کھڑا ہوں، اس کے بعد سے مجھے یاد نہیں کہ کبھی خود کپڑے خریدے ہوں، گھر والے لے آتے ہیں یا پھر کوئی ملنے جاننے والے دے جاتا ہے۔ انہوں نے ہی بتایا کہ جنات سے محو گفتگو ہونا اور اپنی مرضی سے کام کروالینا ہر کسی کے بس کی بات نہیں، اس کیلئے پہلے خود پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں اور فاقے تک برداشت کرنا پڑ سکتے ہیں، لہٰذا اس سے گریز ہی کرنا چاہیے۔ جاری ہے

بقیہ (ص 60): خراب صحت کی سات علامتیں

مناسب نیند کے باوجود تھکن

اگر آپ مناسب نیند لینے کے بعد باوجود دن میں خود کو تھکن کا شکار محسوس کر رہے ہیں تو یہ آپ کے تھائی رائیڈ میں مسئلے کا اشارہ بھی ہوسکتی ہے، میٹابولزم کی شرح کو کنٹرول کرنے والی اس بے نالی غدود میں خرابی کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا جسم بغیر کسی ضرورت کے بھی تمام تر توانائی ایک ساتھ استعمال کر رہا ہے، یہ مسئلہ آپ کے جسم کو گرانے کا سبب بن سکتا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے معمول کا کام کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلین کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہوتا کہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

14 معصومین علیہم السلام کے اسمائے مبارکہ کی لوح

درویش خضر عباس پیاسی (راجن پور)

بزرگان دین نے فرمایا اگر اللہ اور 14 معصومین علیہم السلام کے اسمائے مبارکہ کے عدد جمع کر کے نقش مربع آتشی چال میں پُر کریں، وقت شرف قمر کا ہو، لوح چاندی کی ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ جو شخص یہ لوح اپنے پاس رکھے گا، وہ ہر زمینی و آسمانی بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے، جادو اس پر اثر نہ کرے، جنات اس شخص سے دور بھاگیں، بیماریاں اس کے نزدیک نہ آئیں، آگ اسے جلا نہ سکے، پانی اسے ڈبو نہ سکے، دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے، مال و دولت اس کے غلام رہیں، عزت و شہرت میں کوئی اس کا ثانی نہ ہو۔

اگر کوئی شخص ان اسمائے مبارکہ کو نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیانی وقفہ میں پانچ (5) مرتبہ پڑھ لیا کرے، فرشتے اس کی اطاعت کریں، عذاب قبر سے محفوظ ہو، دوزخ کی آگ اسے جلا نہ سکے۔ غرض یہ کہ یہ انتہا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۹۳۹۱	۱۴۰۵	۱۴۰۲	۱۳۹۹
۱۴۰۳	۱۳۹۸	۱۳۹۲	۱۴۰۴
۱۳۹۷	۱۴۰۰	۱۴۰۷	۱۳۹۳
۱۴۰۶	۱۳۹۴	۱۳۹۶	۱۴۰۱

اسرافیل — عزرائیل

نوٹ نقش با پرہیز دو نفل حاجت ادا کر کے پہن لیں۔ پھر روزانہ دو نفل چہاردہ معصومین علیہم السلام پڑھ کر اس کا ثواب انہیں ہدیہ تحفۃً پیش کر کے ان کے وسیلہ سے دعائیں کرنا معمول بنا لیں۔

اسمائے مبارکہ بمعہ اعداد

اسمائے مبارکہ	اعداد
اللہ جل جلالہٗ	۶۶
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۹۲
حضرت امام علی علیہ السلام	۱۱۰
حضرت بی بی فاطمۃ الزہرہ علیہا السلام	۱۳۵
حضرت امام حسن علیہ السلام	۱۱۸
حضرت امام حسین علیہ السلام	۱۲۸
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام	۲۳۵
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام	۳۹۵
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام	۵۴۸
حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام	۱۰۷۷
حضرت امام علی رضا علیہ السلام	۱۱۱۱
حضرت امام محمد تقی علیہ السلام	۵۹۳
حضرت امام علی نقی علیہ السلام	۲۷۰
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام	۵۶۸
حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام	۱۵۱
ہر مرض کی دوا (ٹوٹل)	۵۵۹۷

چہل کاف (۳) کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف: چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پریشانی دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مشائخِ عظام، بزرگانِ دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔ روحانی علاج میں اس عمل کو بہت زیادہ دخل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ غیر مسنون اعمال میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا اور مجرب عمل چہل کاف ہے تو غلط نہ ہوگا۔ چہل کاف کے پیچھے کثیر تعداد میں غیبی مخلوق ہے جو عامل کی معاونت کرتی ہے۔

عامل بننے کے فائدے: چہل کاف کے عامل بننے کے بہت سے فائدے ہیں۔ چند ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں:

※......دشمن کے ہر قسم کے معاملات	※......مخالفین کی زبان بندی	※......ناجائز محبت ختم
※......حصولِ اولادِ نرینہ	※......ہر طرح کے جادو کے اثرات کا علاج	※......ہر طرح کے جناتی اثرات کا علاج
※......ہر طرح کے آسیب کے اثرات کا علاج	※......ہر طرح کے شیطانی کے اثرات کا علاج	※......ہر قسم کی نظر بد کا علاج
※......ہر مشکل کا حل	※......زہر کا اثر ختم کرنا	اور بہت کچھ

عمل کے کُل درجے: اس عمل کے کُل دو (۲) درجے ہیں۔ ایک ہی فیس میں دونوں درجوں کا عمل کروایا جاتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت: اجازت لینے والا چلہ کشی کے بنیادی اصولوں سے واقف ہو۔

اجازت لینے کا طریقہ: اجازت لینے والے نے روحانی درسگاہ میں داخلہ لیا ہو اور ماہنامہ خزینہ روحانیات کا ممبر بھی ہو۔ پھر عمل کی فیس ادا کر کے اجازت لی جاسکتی ہے۔

فیس
3100
روپے

خاص اجازت: جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، ان کو خاص اجازت بھی دی جاتی ہے، جس میں ضرورت پڑنے پر مختصر مدت میں ریاضت کروا کر عمل جاری کروا دیا جاتا ہے۔ خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دوگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت: جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر ”آگے سکھانے کی خاص اجازت“ حاصل کر کے سکھائیں۔ بصورتِ دیگر ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

اپنی زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے اور ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لئے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ تمام الواح ''کاغذ'' سے تیار کردہ ہیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں

لوح تسخیر مستورات (اہل خانہ)

وقت کا خاص الخاص عمل، گھریلو اختلافات اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنے والا روحانی تحفہ۔

یہ لوح قرآن کریم کے بابرکت کلمات اور اسمائے حسنٰی پر مشتمل ہے۔ تاثیر کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہے۔ دیکھنے اور پڑھنے سے نہیں بلکہ بنوا کر اپنے پاس رکھنے سے آپ بلا اختیار پکار اٹھیں گے کہ یہ لوح واقعی لوح تسخیر ہے۔ فتنہ و فساد، شور شرابے، لڑائی جھگڑے، بلاوجہ الزامات تراشی اور ہر ایک کی زبان کے نکلنے والے تیروں کے زخموں سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے اور دوسروں کو اپنے حق میں مسخر کرنے کیلئے اس لوح کا آپ کے پاس ہونا نہایت ہی ضروری ہے۔ لوح تسخیر کے ساتھ خاص وظیفہ برائے تسخیر بتلایا جائے گا۔

ہدیہ: 1100 روپے

لوح خاص برائے حصول علم و ترقی علم

کامیابی ---- کامیابی ---- کامیابی!

صرف سو فیصد نہیں بلکہ ---- ہزار فیصد کامیابی!

بفضلِ خدا ہر امتحان میں شاندار کامیابی!

تمام ہم عصروں کو رشک پر مجبور کر دینے والی کامیابی!

والدین کا سر فخر سے بلند کر دینے والی کامیابی!

تمام خاندان کا مثالی تعاون بن جانے والی کامیابی!

اپنی کلاس، اپنے ادارے اور اپنے اساتذہ کرام کا نام روشن کر دینے والی کامیابی!

ہر امتحان میں کامیابی دینے والے اللہ کے پیارے پیارے ناموں سے تیار کردہ لوح خاص کی برکت سے آپ بھی فائدہ اٹھائیے اور ہر امتحان میں کامیابی حاصل کیجئے۔

والدین کی طرف سے اپنی اولاد کیلئے زبردست روحانی تحفہ

نقوش پر کورس کا ہدیہ: 1600 روپے | **نقش کا ہدیہ: 600 روپے**

لوح عزت (اوج زہرہ کا خاص تحفہ)

عزت ہر ایک کو پیاری ہوتی ہے۔ عزت انسان کی فطرت میں رکھ دی گئی ہے۔ کوئی بھی شخص اپنی عزت کو برباد ہوتا نہیں دیکھ سکتا۔ خواہ وہ کتنا ہی غریب اور لاچار و مجبور کیوں نہ ہو۔ ہماری یہ لوح عزت اللہ پاک کے فضل و کرم سے واقعی لوح عزت ہے۔ ان شاء اللہ جو بھی اس کو بنوائے گا، جو بھی اس کو پہنے گا، جو بھی اس کو اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ کے فضل سے مخلوق کی نظروں اتنی عزت ملے گی کہ وہ خود حیران رہ جائے گا۔ جدھر جائے گا عزت ملے گی، جس کے پاس جائے گا اس کو عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ اپنے ہوں یا بیگانے، رشتہ دار ہوں یا غیر رشتہ دار دوست ہوں یا دشمن، جاننے والے ہوں یا انجان، ہر شخص لوح عزت کی برکت سے کلام اللہ کی برکت سے اس کی عزت کرے گا۔

ہدیہ: 1600 روپے

لوح مقدمات

اخبارات کے تجزیوں کے مطابق جھوٹے مقدمات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ ہمارے پاس بہت سے ایسے لوگ آتے ہیں کہ جن کو شاطر لوگوں نے مختلف مقدمات میں پھنسا دیا ہے۔ حق پر ہونے کے باوجود پریشان ہیں۔ سچے ہونے کے باوجود پریشان ہیں۔ انصاف چاہنے کے باوجود انصاف نہیں ملتا۔ قارئین ہمارے پاس ایک دو نہیں سینکڑوں لوگوں کے واقعات ہیں جو بے چارے سالہا سال سے جھوٹے مقدمات کی وجہ سے پھنسے ہوئے ہیں۔ ایسے تمام احباب جو کسی بھی جھوٹے مقدمہ میں مبتلا ہیں۔ ان کے لیے قرآنی آیات سے تیار کردہ خاص وقت میں لکھی جانے والی یہ لوح مقدمات، ان شاء اللہ جھوٹے مقدمات کے لیے لوح نجات اور لوح چھٹکارہ اور لوح بریت ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

ہدیہ: 2100 روپے

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

زنانہ امراض کا روحانی علاج

حیض (ماہواری) کی زیادتی

ذیل کی آیت لکھ کر کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ان شاء اللہ ماہواری کی زیادتی آئندہ نہیں ہوگی۔

وَقِيلَ يَاأَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَاسَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (ھود:۴۴)

پیٹ میں سوئے ہوئے بچے کو جگانے کے لئے

آیات ذیل کو کسی صاف برتن میں زعفرانی سیاہی سے لکھیں اور بارش کے پانی سے دھو کر نہار منہ پلائیں۔ان شاء اللہ بچہ بیدار ہو جائے گا۔

أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ (الانعام:۱۲۲)

قَالَ مَنْ يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ۝ (یس:۷۸-۷۹)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ (بنی اسرآئیل:۸۲)

اولادِ نرینہ کے لیے

حمل ٹھہرنے کے تیسرے ماہ گیارہ دن تک سورۂ مزمل روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔ان شاء اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ بہت مجرب عمل ہے۔ایمان ویقین کے ساتھ کریں، ان شاء اللہ مرادیں بر آئیں گی۔

وضع حمل کے وقت آسانی وحفاظت

سورۃ الانشقاق کا دم شدہ پانی، دم شدہ شہد، دم شدہ گڑ وغیرہ عورت کو بوقت وضع حمل (ڈلیوری) کھانے پینے سے ہر قسم کی پیچیدگیوں سے حفاظت رہتی ہے۔

حصولِ اولاد کے لیے وظیفہ

بیوی روزانہ سورۂ یوسف کا پہلا رکوع پڑھے۔اور شوہر بیوی دونوں صبح و شام ایک ایک سو (۱۰۰) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں:

رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ (الانبیآء:۸۹)

رحم کی تکالیف

رحم کی جملہ تکالیف کے لئے سورۂ نجم کو زعفران سے پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پانی بنالیں۔یہ آپ کے لئے دوائی تیار ہوگئی ہے۔اس کو دن میں تین سے چار بار پی لیا کریں۔ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ لکھ کر پانی بنائیں۔اس طرح کم از کم اکیس دن کریں۔نیز طبی علاج بھی ساتھ ساتھ کروائیں۔

اٹھرا کا علاج

جس عورت کے ہاں بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہوں یا مرے ہوئے پیدا ہوتے ہوں تو اس کا علاج اس طرح کریں کہ آبِ زم زم یا صاف بہتا ہوا پانی یا سات مسجدوں کا پانی لے کر اس پر چہل کاف اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کریں۔اور اس طرح تین بار کریں۔اکیس یوم کی روحانی دوا تیار ہے۔ مریضہ کو ہر نماز کے بعد پینے کا کہیں۔اکیس (۲۱) یوم کے بعد ایک اور بار پانی تیار کر دیں۔ان شاء اللہ دو کورس میں مریضہ کو شفاء مل جائے گی۔

برائے بانجھ

حمل قائم رہنے کے لئے ایام سے فارغ ہونے کے بعد چہل کاف کو ۱۴ چھواروں پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور عورت و مرد...... دونوں کو ایک ایک چھوارہ روز رات کو سوتے وقت دودھ سے کھلائیں اور سات رات خاص طور پر یکجائی وتنہائی اختیار کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ امید ہوگی۔اگر پہلے مہینے امید نہ ہو تو مایوس نہ ہوں، تین مہینہ اسی طرح کرے۔ان شاء اللہ تعالیٰ امید ہوگی اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔مجرب ہے۔

شرفِ قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
07-02-2022	07-02-2022
07:45	09:41

نقش حُروف نُورانی

۲۳۴	۲۲۷	۲۳۲
۲۲۹	۲۳۱	۲۳۳
۲۳۰	۲۳۵	۲۲۸

اس نقش کو پاس رکھنے سے روزگار میں برکت، ترقی دشمن کے مقابلہ میں غلبہ اور تمام آفات سے حفاظت رہتی ہے۔

اولاد حکم مانے

اگر کسی کی اولاد اپنے والدین سے بدتمیزی کرتی ہو اور ان سے ناجائز خواہشات کی تکمیل چاہتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے کسی بھی میٹھی چیز میں ملا کر پلایا جائے اور دوسرے کو جتنے بھی بچے ہوں ان کے گلے میں زعفران سے لکھ کر پہنایا جائے۔ اللہ کے حکم سے بچے اپنی ناجائز خواہشات کا خاتمہ کرتے ہوئے اپنے والدین کی عزت کریں گے۔

الٓرٰ

تنزیل	الکتاب	لاریب	فیه
الکتاب	لاریب	فیه	من
لاریب	فیه	من	رب
فیه	من	رب	العلیمن

الٓرٰ

ظالم کے گروہ یا مجمع کو تتر بتر کرنے کے لئے قرآنی نقش

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ صدر)

قمر در عقرب 21 فروری دوپہر 14:19 تا 23 فروری شام 18:28۔

طریقۂ عمل قمر در عقرب میں یا چاند کی بیس تاریخ کے بعد آخری ہفتہ یا منگل کو دن کے بارہ بجے، جنوب کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔ منہ میں کڑوی چیز رکھیں اور مخالف کا تصور کر کے سورۂ عبس (جو تیسویں پارہ میں ہے) ایک بار تلاوت کریں۔ آخر میں اپنے مقصد کا خیال کر کے تین (3) عدد نقش لکھیں۔ اس کے بعد دو عدد کسی پرانی پلیٹ پر یا بازار سے مٹی کا چھوٹا برتن دو عدد خرید کر لکھیں۔ کاغذ پر لکھے گئے ایک نقش کو کیکر کے درخت پر لٹکا دیں، دوسرا دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں۔ پھر وہاں سورۂ فاتحہ اور سورۂ کوثر پڑھ کر اہل قبور کو ثواب پہنچا دیں اور ان دو قبر والوں کے لیے خصوصی دعا کر کے اپنی مطلب کی دعا کریں۔ تیسرا تعویذ چوراستے میں دفن کریں یا کالا کپڑا لپیٹ کر ظالم کے راستے میں دفن کریں یا آگ کے نیچے دفن کریں۔ پرانی پلیٹ والے تعویذ روزانہ ایک تعویذ میں پانی ڈال کر ظالم کے مکان کے سامنے چھڑک دیں۔ زوال کا وقت بہتر ہے۔ دعا اپنے مقصد کی کریں۔ جہاں لوگ برائی کے لئے اکٹھے ہوں، وہاں یہ عمل کریں یا جو دین کے خلاف بولتا ہو، لوگوں کا حق کھاتا ہو۔ ناجائز نہ کریں۔ ناجائز کریں گے تو خود گناہ گار ہوں گے۔ عذاب میں مبتلا ہوں گا۔ چال آتشی ہے۔

بحق اسرافیل   بحق عزرائیل

اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّكَ	لَشَدِيْدٌ
لَشَدِيْدٌ	رَبِّكَ	بَطْشَ	اِنَّ
بَطْشَ	اِنَّ	لَشَدِيْدٌ	رَبِّكَ
رَبِّكَ	لَشَدِيْدٌ	اِنَّ	بَطْشَ

فلاں بن فلاں ظالم آدمی کو فلاں بن فلاں سے دور کر دے، تتر بتر کر دے بحق آیت قرآن

لوحِ دولتمندی (دولت مند بننے کے لیے)

خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ لوح قرآن پاک کی ایک سورت، سورۂ نصر پر مشتمل ہے۔ سورۂ نصر حصولِ دولت، رزق کی فراوانی اور ادائیگی قرض کے لیے ایک خاص اثر رکھتی ہے۔

لوحِ خاص کی تفصیل

لوح کو ۱۰x۱۰ میں بنایا جائے گا۔ طریقہ درج ذیل ہے:

جبرائیل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اذا	جاء	نصر	الله	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین
جاء	نصر	الله	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	الله
نصر	الله	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	الله	افواجا
الله	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	الله	افواجا	فسبح
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد
ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفره
یدخلون	فی	دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفره	انه
فی	دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفره	انه	کان
دین	الله	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفره	انه	کان	توابا

قولہ الحق — ولہ الملک — اسرافیل — کہیعص — عزرائیل — حمعسق

میکائیل

یا اللہ! عرفان بن نصرت کو رزق و دولت کی فراوانی عطا فرما۔ ہر طرح کے قرضوں سے جلد از جلد نجات عطا فرما۔ ترقی کاروبار کے اسباب عطا فرما۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

مریخ مشتری تسدیس کا وقت حصولِ دولت کے لیے ایک خاص وقت ہے۔

اس وقت میں ایسے اعمال تیار کرنے چاہئیں، جو حصولِ مال و زر اور دولت کی فراوانی کے لیے ہوں۔

2 فروری 2022 کو شام 18:31 پر ابتداء ہوگی اور 6 فروری شام 18:44 پر خاتمہ ہوگا۔ اس دوران سعد دن میں ساعتِ مشتری میں بنائیں۔

فیض جاری رہنے کا طریقہ

فیض جاری رہنے کے لیے لازمی ہے کہ روزانہ وظیفہ بھی پڑھا جائے۔ اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ جو لوگ وظیفہ نہیں پڑھتے، ان کو بھی فائدہ ہوتا ہے مگر کچھ عرصہ بعد وہ فائدہ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور جو لوگ وظیفہ باقاعدگی سے پڑھتے رہتے ہیں، ان کا فیض جاری رہتا ہے۔

لوح بنانے کی اجازت

اس عمل کی ہر کسی کو اجازت ہے۔ لوح تیار کرنے کے لوازمات سے واقف ہو۔ خصوصاً بخوارت دینے کا اہتمام کرے۔ بہتر ہے کہ صرف عامل حضرات ہی تیار کریں۔ عوام بخورات اور مخصوص ساعات کا اہتمام نہیں رکھ پاتی۔ پھر شکایت کرتی ہے کہ فائدہ نہیں ہوا۔ فائدہ ہونا نہ ہونا تو اللہ جل جلالہ کی مرضی پر موقوف ہے، مگر چیز بھی تو صحیح تیار کی جائے۔ وظیفہ لوح منگوانے والوں کو ساتھ دیا جائے گا۔

نوٹ جو حضرات وخواتین خود نہ بنا سکیں، وہ ادارے سے رابطہ فرمالیں۔ لوح کا ہدیہ کاغذ پر زعفران سے 1500 روپے ہے۔ ہدیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔

خاص ہدایت

اگر سورۂ نصر کا عامل لوح بنائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ عاملین اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور زیادہ سے زیادہ بنا کر رکھیں۔

لوح تکمیل حاجات

شمس، زحل، قران کے خاص

وقت کا خاص الخاص روحانی تحفہ

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (نائب ناظم روحانی علاج گاہ)

اسباب کی اس دنیا میں ہر شخص ہی اپنے سینے میں لاکھوں حسرتیں، امیدیں، آرزوئیں، تمنائیں، خواہشات اور حاجات لئے پھرتا ہے اور خواہشات وحاجات بھی ایسی کہ بس "ہر ایک خواہش پر دم نکلے"۔ بحیثیت انسان ہر ایک شخص مرد، عورت، بچہ، بچی، جوان ہو یا بوڑھا بزرگ ہو۔ وہ شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ ہو، صاحب اولاد ہو یا بے اولاد ہو، کسی بڑے بنگلے یا عظیم الشان کوٹھی میں رہنے والا ہو یا کبھی جھونپڑی کا مکین ہو، کروڑوں روپے کا بینک بیلنس رکھنے والا ہو یا روزانہ کی دیہاڑی لگا کر اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والا مفلوک الحال انسان ہو، وہ بڑی بڑی مہنگی گاڑیوں میں گھومنے والا بابو ٹائپ ہو یا سائیکل چلانے والا ایک غریب مزدور ٹائپ ہو، وہ بڑی بڑی فیکٹریوں، کارخانوں کا مالک ہو یا چھوٹا سا دکاندار ہو، وہ بہت بڑا زمیندار ہو یا اس زمیندار کا نوکر ہو، وہ کوئی بہت افسر ہو یا پھر ایک ادنیٰ سا ملازم ہو، وہ کوئی وزیر، مشیر، بادشاہ ہو یا فقیر ہو، خواہشات تو ہر ایک انسان ہی رکھتا ہے۔ ضروریات تو ہر ایک انسان کی ہی ہیں، چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کا شوق بھی ہر ایک شخص رکھتا ہے۔ یہ لوح خاص برائے تکمیل حاجات ہر ایک شخص کی ہر قسم کی آرزو، تمنا، خواہش، ضرورت، حاجت کے بہت جلدی پورا ہونے کیلئے اسباب کے درجے میں بہت ہی نادر و نایاب اور بہت ہی قیمتی اور سستا روحانی تحفہ ہے۔ لوح بنوایئے اور پھر دیکھئے کہ اللہ کے خاص فضل وکرم سے آپ کی تمام حاجات کتنی آسانی سے اور کتنا ہی جلدی پوری ہوتی ہیں۔

لوح تکمیل حاجات کا ہدیہ

زعفران اور بخورات کے اہتمام سے تیار کردہ لوح تکمیل حاجات کا ہدیہ صرف اور صرف 1100 روپے ہے۔

لوح تکمیل حاجات بنوانے کیلئے

لوح تکمیل حاجات بنوانے کے خواہش منداور ضرورت منداداره کے اس نمبر پر رابطہ فرمائیں۔ موبائل نمبر: 0334-4312272

لوح بذریعہ ڈاک، کوریئر وغیرہ پورے ملک میں روانہ کی جاتی ہیں۔

ایک یا ایک سے زیادہ حاجات کیلئے ایک لوح ہی کافی ہے۔

لوح تکمیل حاجات بنانے کا وقت

لوح تکمیل حاجات بنانے کا وقت یعنی شمس، زحل، قران کا وقت آغاز 3 فروری 2022 رات 21 بج کر 14 منٹ پر ہوگا اور اس کا اختتام 6 فروری دوپہر 2 بج کر 54 منٹ پر ہوگا۔

لوح تکمیل حاجات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

بحق ربنا اتنا فی الدنیا حسنه	یاقاضی الحاجات اقض حاجتی کله	اللّٰهمّ لاحاجة هی لك رضا الا قضیتها	اللّٰهمّ اصلح لی شانی کله
۶۹۳	۶۹۲	۱۰۱۳	۴۷۴۵
۶۹۳	۲۵۷۰	۲۷۴۲	۱۰۱۲
۲۷۴۳	۱۰۱۱	۶۹۴	۲۵۶۹

میکائیل

الٰہی! اس لوح کی برکت سے فلاں بن فلاں کی فلاں حاجت (حاجت کا نام) پوری فرمادیجئے۔ آمین

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔

نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا تھا جس میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔ اب یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کو بھی دی جا رہی ہے کہ وہ بکرے والے صدقے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ جس ماہ میں صدقہ کیا جائے گا، اس کی اطلاع ماہنامہ خزینۂ روحانیات اور ویب سائٹ میں دی جائے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

** مصیبتیں اور پریشانیاں...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔

** مشکلیں...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔

** حاجت ...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔

** سخت جادو...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔

** جنات اور شیاطین...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔

** رشتے اور شادی کے معاملات ...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔

** بیماریاں...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔

** معاشی معاملات...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔

** ازدواجی وسسرالی مسائل...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات وشیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل وعیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جاتا ہے۔ جو احباب شامل ہونا چاہیں، وہ رجب المرجب 1443ھ کی بیس تاریخ تک **3000** روپے ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام مع والدہ، شہر اور مقصد/ حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام وشہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی واہل وعیال کی حفاظت ونجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

رزق میں برکت کے اعمال

محمد علیم صاحب (رکن علاج گاہ)

رزق میں برکت ہو

روزانہ بعد نمازِ عشاء، مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں اور ان کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے:

1. اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار
2. یَا کَرِیْمُ یَاوَهَّابُ یَاذَاالطَّوْلِ۔ ایک ہزار چھیاسٹھ (۱۰۶۶) بار
3. یَافَتَّاحُ — چار سو نواسی (۴۸۹) بار
4. یَارَزَّاقُ — تین سو اسی (۳۸۰) بار
5. یَاکَافِیُ — ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار
6. یَامُغْنِیُ — ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) بار

ترقی رزق کا خاص عمل

رزق کی ترقی کے لیے حکیم عبدالروف نظامی صاحب نے تحریر کیا ہے کہ رات 12 بجے کے بعد، بعد از غسل، معطر و پاک صاف لباس میں دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ الحمد شریف کے بعد

پہلی رکعت میں سورۂ اخلاص 10 بار

دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص 10 بار

بعد سلام درود شریف 11 بار

پھر بیٹھ کر ننگے سر یَاوَهَّابُ 300 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر یَاوَهَّابُ 400 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر یَاوَهَّابُ 3420 بار، پھر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ پھر سجدے میں گڑگڑا کے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ بتیس (۳۲) شب پڑھنے سے رزق میں بہت فراخی نصیب ہوگی۔

رزق وہاں سے ملے گا، جہاں سے وہم وگمان بھی نہ ہو

حضرت شیخ بونی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان آیات کا جو شخص ورد رکھے گا، اس کو ان کی برکت معلوم ہوگی۔ اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو وہاں سے رزق ملے گا، جہاں سے وہم وگمان بھی نہ ہو اور وہ آیات یہ ہیں:

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ (البقرۃ:۳)

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ (ال عمران:۳۷)

وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ (المآئدۃ:۱۱۴)

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ (الانعام:۱۴)

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ (الاعراف:۱۳۷)

فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ (الانفال:۲۶)

رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ (ابراھیم:۳۷)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ (الاعراف:۱۰)

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَاۗءِ وَهٰٓؤُلَاۗءِ مِنْ عَطَاۗءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَاۗءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ (بنی اسرآئیل:۲۰)

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَاۗىِٕنُهٗ (الحجر:۲۱)

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾ (الکھف:۸۴-۸۵)

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ (طٰہٰ:۱۳۱)

بقیہ ص 61

زوجین کی اصلاح کرنے کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین رُوحانی علاج گاہ

اصلاحِ اخلاق

اگر کسی شخص کی بی بی بدزبان ہو اور بوجہ بدنیتی، مرد کے قابو سے نکل جاتی ہو یا اس طرح کسی عورت کو مرد سے شکایت ہو تو وہ یوں کرے:

اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد نکال کر اتنی مرتبہ

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ (الذّٰریٰت:۴۸)

پاک وصاف زمین پر بیٹھ کر پڑھا کرے۔ اور بعد ختم اس کی طرف تصوّر سے پھونک مار دیا کرے۔ اوّل وآخر درود شریف تین تین مرتبہ بھی پڑھے اور باوضو ہو۔ ان شاء اللہ، گیارہ (11) دن میں فرمانبرداری پر مطلوب آجائے گا۔

شوہر کو باز رکھنے کا عمل

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

(المآئدۃ:۱۰۰)

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لیے گیارہ (11) دن تک ایک سو اکتالیس (141) مرتبہ اس آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

میاں بیوی میں نااتفاقی کا علاج

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہے یا کوئی رنجیدہ ہے تو سورۂ قریش (پوری سورۃ) اکیس مرتبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر کسی شیرینی یا شکر پر پڑھ کر پھونک کر اس رنجیدہ شخص کو کھلا دو، تین دن یہ عمل کرو، خدا چاہے تو وہ رنجش دور ہوگی اور رنجیدہ شخص کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

میاں بیوی کے جھگڑے میں صلح کے لیے ایک دن کا عمل

پیر کبیر شاہ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ اب پریشان نہ ہوں، یہ عمل آزمائیں، صرف ایک ہی بار پڑھیں لیکن خلوص نیت اخلاص کے ساتھ۔

یہ عمل میاں بیوی کے خاص محبت کا عمل ہے۔ الحمدللہ آزمایا ہوا عمل ہے۔ میاں بیوی کے درمیان طلاق کا مسئلہ ہو یا کسی قسم کی رکاوٹ یا ناراضگی ہو تو طالب اس قرآنی عمل کو تین (3) دن یا سات (7) دن کریں۔ اللہ کے حکم سے فوری رزلٹ ملے گا۔ بعد نمازِ عشاء، خوشبو لگا کر اکیلے ہو کر یہ عمل کریں۔ ہر فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پہ یہ جملہ کہتے جائیں "یارحمٰن یاذوالجلال والاکرام الحب مطلوب مع والدہ علی حب طالب مع والدہ وھمہ قسم سحر تفریق انسانی وجنی دفع شود و درمیان محبت والفت شود۔"

زوجین میں جو ناراض ہو کر چلا جائے، اس کو بلانا

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ چالیس (40) دن عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو (1100) مرتبہ "یاودود" پڑھیں۔ اور اس عمل کے اول وآخیر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ نیت اس بات کی رکھیں کہ میرے شوہر (یا میری بیوی) میری طرف متوجہ ہوں اور جلد از جلد رابطہ کریں اور واپس آئیں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے چالیس (40) دن کے اندر اندر رابطہ ہو جائے گا اور محبت کا بھی اظہار کریں گے۔ کامیابی مل جانے پر کسی غریب کی مدد کریں اور اللہ تعالیٰ کا دو نفلیں پڑھ کر شکر ادا کریں۔

نوٹ یہ عمل شوہر اور بیوی، دونوں کر سکتے ہیں۔ بیوی ناراض ہو کر میکے چلی گئی ہو یا شوہر بیوی کو میکے سے واپس لینے نہ آ رہا ہو۔ کچھ خواتین کے شوہر ملک سے باہر ہوتے ہیں۔ وہ رابطہ کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ ایسی صورت حال کے لیے بھی اس وظیفہ سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

عورتوں پر کیے گئے سحر کا علاج

ذیشان نظامی (جہلم)

عورت پر سفلی و ناری علم (بندش) کا خاتمہ

اگر کسی عورت پر بذات سفلی و ناری علم بندش فرج کر دیا گیا ہو اور وہ اپنے مرد سے صحبت کرنے سے انکاری ہو جائے اور وہ اس معاملے میں سخت نفرت کا اظہار کرے تو اس کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع مجرب اور آزمودہ ہے۔

اس کے لئے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر ذیل کی آیت مبارکہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ زعفران وعرق گلاب سے لکھیں اور اس کو پانی والی بوتل میں ڈال کر حل کر لیں اور یہ پانی اسے صبح و شام اس طریق سے پلائیں کہ بوتل میں سے پانی گلاس میں لے کر اس میں ایک چھوٹی چمچ شہد ملائیں اور اچھی طرح حل کر کے عورت کو پلائیں۔

ان شاء اللہ اس عمل کی اکتیس (31) یوم کی مسلسل مداومت سے وہ عورت اس سحر سے مکمل چھٹکارہ پا کر بالکل تندرست ہو جائے گی۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۞ (التحریم:۱۰)

بندش فرج کے توڑ کے لئے

میاں بیوی دونوں کے اوپر کئے گئے سحری بندش فرج کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور آزمودہ ہے۔

اس کیلئے دونوں میاں بیوی بروز اتوار بوقت طلوع آفتاب سورج کی طرف منہ کر کے کچی زمین پر ننگے پاؤں کھڑے ہو جائیں اور اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف ابراہیمی اور درمیان میں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس سات مرتبہ پڑھ کر اپنے سر سے پاؤں کی طرف پھونک لگا دیں۔ تصور یہ ہوگا کہ میرے اوپر موجود تمام تر جادو سر سے پاؤں کی جانب زمین میں جذب ہو رہا ہے۔ اس عمل سے پہلے اپنے سامنے کائلوں کی انگیٹھی سلگا کر رکھیں۔

جیسے ہی عمل ختم ہو پاؤں سے مٹی اٹھا کر فوراً ہی آگ میں جھونک دیں اور تصور کریں کہ میرا سارا سحر اس آگ میں بھسم ہو رہا ہے، بعد ازاں اچھی طرح وضو کریں اور انہی سورتوں کو 7 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ یہ عمل مسلسل پانچ اتوار کریں۔

اب روزانہ بعد از نماز فجر ذیل کا نقش چینی کی سفید طشتری پر زعفران وعرق گلاب سے بنائیں اور اسے پانی سے اچھی طرح دھو کر دونوں میاں بیوی نہار منہ پی لیا کریں۔ اگر یہ بھی ساتھ کریں تو بہتر ہے۔ یہی نقش بعد نماز فجر سفید کاغذ پر دو عدد زعفران وعرق گلاب سے لکھیں، خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے سفید کپڑے میں علیحدہ علیحدہ لپیٹیں، مرد اس کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور عورت اس کو الٹے بازو باندھے۔ ان شاء اللہ عمل ختم ہونے پر قسم کی بندش سے مکمل نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۵۴	۴۸	۵۶
۵۵	۵۳	۵۰
۴۹	۵۷	۵۲

روحانی درسگاہ کے شاگرد متوجہ ہوں

ایسے تمام شاگرد جو ممبر شپ نہیں لیتے یا ممبر شپ ختم ہونے پر تجدید نہیں کرواتے، ان کو ممبران والی رعایت نہیں دی جائے گی۔ اس کے علاوہ روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے بغیر فیس اعمال، خزینہ روحانیات کے ممبران والے اعمال اور روحانی درسگاہ کے شاگردوں والے اعمال کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (انتظامیہ)

رجعت سے نجات اور حفاظت کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

عمل دفع رجعت

حافظ ڈاکٹر سید قمر رضا مشہدی تحریر فرماتے ہیں کہ بہت سے طالب علم جانے انجانے میں بہت سے عملیات غلط طریقے سے انجام دیتے ہیں یا ان کی شرائط میں کوتاہی کرتے ہیں اور نتیجہ ہوتا ہے رجعت۔ جس کی وجہ سے ان کے تمام اعمال رک جاتے ہیں اور چاہے اس کے بعد جتنے بھی عمل یا چلّے کرلیں، کامیاب نہیں ہوتے۔ اس کے علاوہ ان کی زندگی میں ایک طرح سے نحوست سی طاری ہوجاتی ہے، روحانی اور جسمانی بیماریاں بھی لگ سکتی ہیں، گھروں میں لڑائی جھگڑے فسادات وغیرہ وغیرہ۔ بہت سے لوگوں کو ''وقف روحانی'' کا علم بھی نہیں۔ شاید کہ ہوتا کیسے ہے یا کون کون کرسکتا ہے لیکن یہ ہمارا موضوع نہیں۔ یہاں پر ہم اس کے ازالے اور خاتمے کا طریقہ درج کرتے ہیں:

سب سے پہلے باوضو ہوکر اور اگر ہو سکے تو غسل کرلیں۔ اگر نا ہوسکے تو صرف باوضو ہوکر پاک صاف کپڑے پہنیں اور پاک صاف جگہ کا انتخاب کریں جہاں کوئی آپ کو تنگ نا کرے۔ عمل کے دوران تنہائی میں دو رکعات نفل ''عمل کی کامیابی'' کی نیت سے پڑھیں او اس کے فوراً بعد ایک سو (100) مرتبہ استغفار پڑھ کر اللہ سے کامیابی کی دعا مانگیں اور اس کے بعد ایک ہی نشست میں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم 158 مرتبہ

اللّٰھم صل علی محمد و آل محمد 158 مرتبہ

اس کے بعد.........

بسم اللہ الرحمن الرحیم 314 مرتبہ

اللّٰھم صل علی محمد و آل محمد 314 مرتبہ

اس کے بعد.........

بسم اللہ الرحمن الرحیم 358 مرتبہ

اللّٰھم صل علی محمد و آل محمد 358 مرتبہ

اس کے بعد.........

بسم اللہ الرحمن الرحیم 487 مرتبہ

اللّٰھم صل علی محمد و آل محمد 487 مرتبہ

اب آپ کا عمل مکمل ہوا۔ ویسے تو ایک ہی دن کا عمل کافی ہوتا ہے لیکن آپ اپنی تسلی کے لیے اس کو مزید کئی دن اور کرسکتے ہیں تاکہ آپ کا دل مطمئن ہوجائے اور آپ کے دل میں کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہے۔

رجعت بذریعہ عامل جنات کا آزمودہ علاج

سورۂ بقرہ کی آیات الٓمّٓ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ .... وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝۳۳ (البقرۃ:۱-۳۳) کو ایک ہی نشست میں تینتیس (33) بار پڑھیں۔ پانی پہ دم کریں۔ تین گھنٹے کا عمل ہے۔ ہر قسم کے عامل جنات کی لگائی رجعت کا صفایا ہوگا۔

رجعت کا آزمودہ علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ...... ایک سو (100) بار

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ...... ایک سو (100) بار

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝۱۷ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝۱۸ يُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَيُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۹ (الروم:۱۷-۱۹)، ایک سو (100) بار پانی پہ دم کریں، غسل بھی کریں۔ تین (3) دن تک یہ عمل کریں۔ رجعت کا بہترین توڑ ہے، باذن اللہ۔

جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

آنکھوں کے امراض

صبح وشام سات سات مرتبہ یہ آیات پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے اپنی دونوں آنکھوں پر انگلیاں لگائے۔ ان شاء اللہ آنکھوں کی کیسی بھی بیماری ہوگی، فوراً رفع ہوجائے گی۔ دعا یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ۝٣ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیۡرٌ ۝٤ (الملک:۳-۴)

وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ۝٥١ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ۝٥٢ (القلم:۵۱-۵۲)

بدہضمی

جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو، اس کو کھانے کی کسی چیز پر مندرجہ ذیل آیات کو سو (100) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو صرف ایک بار کھلا دے۔ ان شاء اللہ بدہضمی کی شکایت دور ہوگی۔

آیات یہ ہیں: کُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِیۡٓـًٔا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۝٤٣ اِنَّا کَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۝٤٤ (المرسلات:۴۳-۴۴)

بھوک کی زیادتی

❶ اگر کسی کو بھوک زیادہ لگتی ہو تو مندرجہ ذیل آیات گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات (7) دن تک پلائیں۔

آیات یہ ہے: مَا یَفۡتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنۡ رَّحۡمَةٍ فَلَا مُمۡسِکَ لَهَا ۚ وَمَا یُمۡسِکۡ ۙ فَلَا مُرۡسِلَ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ۝٢ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَیۡکُمۡ ؕ هَلۡ مِنۡ خَالِقٍ غَیۡرُ اللّٰهِ یَرۡزُقُکُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ۖ فَاَنّٰی تُؤۡفَکُوۡنَ ۝٣ (فاطر:۲-۳)

❷ بھوک کی زیادتی کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت گیارہ (11) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

آیت یہ ہے: وَفِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَمَا تُوۡعَدُوۡنَ ۝٢٢ (الذاریات:۲۲)

بھوک نہ لگنا

اگر بھوک کم لگتی ہو تو کھانے پر مندرجہ ذیل آیت اکتالیس (41) مرتبہ لگاتار سات (7) دن تک پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔

آیت یہ ہے: هُوَ یُطۡعِمُنِیۡ وَیَسۡقِیۡنِ ۝٧٩ (الشعراء:۷۹)۔

دانت اور داڑھ میں درد

اگر کسی کے دانت یا داڑھ میں درد ہو تو یہ آیات ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ چند منٹ کے بعد ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَقُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ کَانَ زَهُوۡقًا ۝٨١ وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ وَلَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ۝٨٢

(بنی اسرائیل:۸۱-۸۲)

دمہ کا روحانی علاج

❶ سورۂ بقرہ کا آخری رکوع لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ مریض ٹھیک ہوجائے گا۔

❷ دس گرام السی لے کر اس پر نماز فجر کی سنت و فرض کے درمیان اکتالیس (41) مرتبہ سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ کے میم کو الحمد میں ملا کر پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ چند دانے لے کر ایک پیالی میں ڈال کر پانی کو ابالیں۔ پھر پانی کو چھان کر پی لیں۔ ان شاء اللہ چند دن میں دمہ ٹھیک ہوجائے گا۔

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تاکہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

مورخہ **20** مارچ **2022**ء بروز اتوار کو **20:35** پر **نوروز** کا وقت شروع ہو رہا ہے۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۂ اخلاص
- سورۂ جن
- سورۂ قریش
- **اَفَحَسِبۡتُمۡ** کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۂ اخلاص باموکل 1
- سورۂ اخلاص باموکل 2
- سورۂ مزمل باموکل
- سورۂ یٰسین باموکل
- سورۂ فیل باموکل
- سورۂ جن باموکل
- سورۂ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کرسکتے ہیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

دوسری شادی

مرسلہ: مولانا عبدالرحمٰن مدظلہٗ (قطر)

یہ 2018ء کی ایک شام تھی جب میرے موبائل کی بیل بجی، کال ریسیو کی....ایک صاحب نے سلام دعا کے بعد پوچھا پروفیسر عبداللہ صاحب! کیا آپ رشتے کرواتے ہیں؟ میں نے کہا جی الحمد اللہ.. تو اگلا سوال غیر متوقع تھا کہ سر میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں، میں نے پوچھا کس سلسلے میں، تو جواب ملا کہ بہن کے رشتے کے سلسلے میں مدد درکار ہے۔ تین سال ہو گئے ہیں، کوئی رشتہ نہیں مل رہا، میں نے مکمل تفصیل مانگی تو انہوں نے مجھے تفصیل واٹس ایپ کر دی۔ اس کے ساتھ ہی ملاقات کرنے کی اِستدعا بھی کی۔ مزید معلومات لینے سے پتہ چلا بھائی کریانہ کی دکان کرتے ہیں اور میرے علاقے کے نزدیک ہی تھے، تو ملاقات کے لئے چلا گیا، کافی اچھے شریف النفس انسان تھے، بہن کے متعلق پوچھنے پر بتایا کہ چار سال پہلے اس بھائی کے بہنوئی ایک حادثے میں اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں، تین بچے ہیں اور ستم یہ کہ ایک بچی معذور ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ پاکستان میں دوسرے کے بچے کوئی نہیں پالتا۔۔۔ یہ سن کر اس کی آنکھوں میں آنسو آ رہے تھے اور کہنے لگے پروفیسر صاحب میری بیوی نے میری بہن اور اس کے بچوں کا جینا حرام کر رکھا ہے، عورت ہی عورت کی دشمن ہے۔ آپ کسی طریقے سے کسی بھی طرح رشتہ کروا دیں، احسان مند ہوں گا، ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا...... میں حالات کو مکمل سمجھ چکا تھا لیکن مسئلہ بچوں کا تھا، پھر ایک معذور بچی کا ساتھ، بات کچھ سمجھ سے باہر تھی، خیر کوشش اور تسلی دے کر واپس آیا۔ کافی سارے لوگوں سے بات کی سب تیار، مگر بچوں کا سنتے ہی سب انکار کر جاتے تھے۔ تنگ آ کر پہلی بیوی کی موجودگی میں شادی کرنے والوں سے بات کی، تو اندازہ ہوا کہ اُن کو صرف جسم کی ضرورت تھی اور بات یہاں بچوں کی بھی تھی، جو بھی سنتا کہتا بچے نہیں چاہئیں بھائی مجھے، سُنت پوری کرنی ہے، بچے نہیں پالنے، میں دوسرے کی اولاد کیوں پالوں؟

دوسرے کی اولاد کون پالتا ہے، دو ماہ اسی طرح گزر گئے۔ میرا ایک دوست، جو ہول سیل کا کاروبار کرتا تھا، کافی مالدار بھی تھا، ماشاء اللہ۔۔۔۔۔ ایک دن اس کی دکان پر بیٹھے بیٹھے خیال آیا، میں نے کہا رضوان بھائی! یار دوسری شادی کیوں نہیں کر لیتا؟ اس نے غور سے مجھے دیکھا، میری طرف جھانکنے لگا، تو میں نے کہا کیا ہوا؟ جواب ملا کہ عبداللہ بھائی دیکھ رہا ہوں آپ نشہ تو نہیں کرنے لگ گئے؟ کیوں مجھے مروانا چاہتے ہو؟ میں نے کہا رضوان یہ سنت ہے، آپ ماشاء اللہ سے اچھا کماتے ہیں، اللہ نے آپ کو بہت ساری نعمتوں سے نوازا ہے..... آپ کو ضرور شادی کرنا چاہئے اور کسی کا سہارا بننا چاہیے، تو اس کے انکار سے بھی مایوسی ملی، خیر چند دن بعد رضوان سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو کافی مایوس لگ رہے تھے، میں نے پوچھا کیا بات ہے؟ کچھ پریشان دکھائی دے رہے ہیں۔ کہنے لگے دکان میں چوری ہو گئی۔ حالات خراب ہو گئے ہیں، میری بیوی بھی جھگڑا کر کے میکے جا بیٹھی ہے اور مسلسل طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے۔ اولاد نہیں تھی، میں نے افسوس کیا اور تسلی دینے کے ساتھ ہی کہہ دیا کہ رضوان اسی لئے آپ سے کہا تھا کہ دوسری شادی کر لیں، آج دوسری بیوی ہوتی تو آپ کو پہلی بھی نہ چھوڑ کر جاتی، اگر نہیں یقین تو دوسری شادی کر کے یتیم بچوں کے سر پر ہاتھ رکھیں، دیکھیں اللہ کی قدرت، پہلی بیوی بھی واپس آئے گی اور خوشحالی بھی، میری طرف دیکھنے کے بعد رضوان بھائی نے کچھ سوچا اور پوچھا کتنے بچے ہیں ان کے؟ میں نے کہا دو، ایک بیٹا ایک بیٹی، معذور بچی کا ذکر میں بھول چکا تھا، اس نے کہا ٹھیک ہے، آپ بات کریں جو میرے اللہ کو منظور، میں نے لڑکی کے بھائی کو کال کی اور شام کو اس کی دکان پر ہی بلا لیا، ملاقات کروائی، گھر بار کاروبار دیکھنے کے بعد ہاں کر دیا، یوں قصہ مختصر ان کا نکاح پروفیسرز ریسرچ اکیڈمی ٹیم کے بھائی پروفیسر شیخ الحدیث ابوتراب مکی حفظہ اللہ نے پڑھایا اور ریحانہ اپنے بچے لے کر رضوان کی زندگی میں خوشگوار جھونکے کی طرح شامل ہو گئی، رضوان بھائی نے ایک مکان جو کرایہ پر دیا ہوا تھا، خالی کروا کر ریحانہ اور بچوں کو وہاں شِفٹ کر دیا، تب پہلی بیوی کو پتہ چلا تو وہ آندھی کی طرح گھر آئی، گھر خالی

دیکھ کر رضوان بھائی کو کال کر کے گھر بلایا اور میاں اور پہلی بیوی کی نوک جھونک ہوئی تو رضوان نے کہا تم نے نہیں رہنا تو بے شک مت رہو، طلاق لینی ہے، بے شک لے لو، اگر یہاں رہنا ہے، عزت سے رہو، جیسے پہلے رہتی تھی، لیکن یہ نہ کہنا کہ ریحانہ کو چھوڑ دو، یہ ممکن نہیں، پہلی بیوی نے جب دیکھا کہ تیر کمان سے نکل چکا ہے، تو وہ بھی خاموش ہوگئی، اب رضوان بھائی کی زندگی میں بہاریں آ چکی تھیں، ریحانہ نے اس کی زندگی میں رنگ بھر دیئے تھے، بچے شہر کے بہترین سکول میں داخل ہو گئے، لیکن رضوان بھائی ریحانہ کی آنکھوں میں اَب بھی اُداسی دیکھتے اور شک کر چکے کہ کوئی بات ضرور ہے، ایک دن اس نے مجھ سے ذکر کیا، تو میں نے کہا اُداسی کیوں نہ ہو؟ اس کی ایک بچی اس سے دور ہے۔ رضوان نے کہا بچّی، کون سی بچّی، تو میں نے سب کچھ بتا دیا، رضوان نے سب سن کر مجھے ایک نظر دیکھا تو میں نے سر جُھکا لیا۔ اسی دن شام کو رضوان بھائی، بیوی سے کہنے لگے تیار ہو جاؤ، بچوں کو بھی تیار کرو، آج ہم نے آپ کے بھائی کے ہاں جانا ہے، ضروری کام ہے، بیوی کا دل دھڑک اُٹھا، پوچھا تو جواب ملا جتنا کہا ہے، اتنا کرو، کچھ دیر کے بعد ہی وہ لوگ بھائی کے گھر تھے، وہاں رضوان نے ریحانہ کو کہا کہ معذور بیٹی کہاں ہے؟ اتنا سننا تھا کہ اسے لگا شاید کچھ غلط ہونے جا رہا ہے، وہ دوسرے کمرے میں ہے۔ رضوان نے دوسرے کمرے میں جا کر دیکھا تو غلاظت سے لت پت بچّی انتہائی کمزوری کی حالت میں پڑی تھی، رضوان بھائی اشارہ کرتے ہوئے کہنے لگے ریحانہ بچی کے کپڑے بدلو یہ ہمارے ساتھ جائے گی۔۔۔ ریحانہ نے یہ سنا تو رضوان کے قدموں میں گر گئی، بھائی نے رضوان کو گلے لگا لیا، یوں وہ بچی رضوان اپنے گھر لے آیا، اب وہ بچّی اور دوسرے دونوں بچّے رضوان، ریحانہ اور اس کی پہلی بیوی کی جان ہیں، رضوان دن دُگنی رات چگنی ترقّی کر رہا ہے، ایک دن رضوان اور اس کی بیگم نے میری دعوت کی تو ریحانہ بھابی نے ہاتھ جوڑ کر کہا سر عبداللہ صاحب کبھی زندگی میں رشتے کروانے کا کام مَت چھوڑنا، میری رضوان سے شادی نہ ہوتی، تو میں آج بچوں کو قتل کر کے خودکشی کر چکی ہوتی، لوگوں کو بتاؤ عبداللہ بھائی، دوسری شادی وہ نعمت ہے جو شرطیہ خوشیاں دیتی ہے، خوشحالی لاتی ہے، میری جیسی لاکھوں ہیں جو دُکھوں بھری زندگی گزار رہی ہیں، اُن کو بھی خوشیاں دینی ہیں، کاش کہ یہ نعمت معاشرے میں عام ہو جائے۔ یہ واقعہ فرضی نہیں حقیقی ہے، نام ضرور تبدیل کئے گئے ہیں، اس میں کچھ شک نہیں۔۔۔ دوسری شادی واقعی ایک نعمت ہے اور ایسی عورت سے دوسری شادی جس کے بچے ہوں، زندگی میں حقیقی خوشیاں بھر دیتی ہے، مگر کیا کیا جائے ایسے لوگوں کا، جو دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں، مگر بچے نہیں پالنا چاہتے، جو دوسری شادی کے مزے تو لینا چاہتے ہیں مگر کسی کے سر دستِ شفقت نہیں رکھنا چاہتے، کیا یہ ہے سُنت؟ کہاں لے کے جائے وہ عورت ان بچوں کو قتل کر دے یا کسی دریا میں پھینک دے؟ کیا کرے؟ زندگی موت کا کس کو علم، کب کس کو موت اپنے شکنجے میں لے لے؟ علم ہے نہیں نہ تو تمہارے بعد تمہارے بچوں کے ساتھ ایسا ہو، پھر کیا کرو گے؟ دیر مت کرو، آگے بڑھو اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے، دوسری شادی کرنا چاہتے ہو، تو بچوں والی سے کرو، پہلی بیوی کو بھی کہنے کے قابل ہو گے کہ سہارا دینے کی خاطر شادی کی ہے، بے سہارا بچوں کو باپ کا سہارا دو، یہ مت کہو کسی کے بچے نہیں پال سکتا، کیا تم پالتے ہو بچوں کو؟ ارے پالنے والی ذات تو اللہ کی ہے، اللہ سے ڈرو، ڈرو اس وقت سے جب اللہ تمہیں خود دکھائے کہ دیکھو کون پالتا ہے؟

دجال سے حفاظت کا انمول تحفہ

مولانا محمد عمر عاصم مدظلہٗ

عن حذیفة رضی اللہ عنہ قال انی سمعتہ یقول ان مع الدجال اذا خرج ماء ونارا فاما الذی یری الناس انھا النار فماء بارد واما الذی یری الناس انہ ماء بارد فنار تحرق فمن ادرك منکم فلیقع فی الذی یری انھا نار فانہ عذب بارد۔

(بخاری، ج: ۳، ص، ۱۲۷۲)

ترجمہ حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دجال اپنے ساتھ پانی اور آگ لے کر نکلے گا۔ جس کو لوگ پانی سمجھیں گے حقیقت میں وہ جھلسا دینے والی آگ ہوگی اور جس کو آگ خیال کریں گے، وہ حقیقت میں ٹھنڈا پانی ہوگا۔ سو تم میں سے جو شخص دجال کو پائے تو وہ اپنے آپ کو اس چیز میں ڈالے جس کو اپنی آنکھوں سے آگ دیکھتا ہے۔ اس لیے کہ وہ حقیقت میں میٹھا اور ٹھنڈا پانی ہے۔

اسے آگ نہ سمجھو کود پڑو گلزار تم اس کو پاؤ گے
کیوں جل مرتے ہیں شمع پر یہ پوچھو ذرا پروانوں سے

فتنۂ دجال سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ

(بخاری شریف)

نوٹ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا اپنے صحابہ کو سکھلایا کرتے تھے اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ ''جب تم (نماز میں) التحیات پڑھ چکو تو پھر یہ دعا مانگا کرو۔'' چنانچہ بعض ائمہ نے اس دعا کو نماز میں واجب قرار دیا ہے۔ البتہ اکثر ائمہ وجوب کے قائل نہیں ہیں۔ لیکن اس پرفتن دور میں تمام مسلمانوں کو اس دعا کا خوب اہتمام کرنا چاہیے۔ نیز روزانہ سورۂ کہف کی ابتدائی یا آخری دس آیات کی تلاوت بھی کرنی چاہیے۔ اور ہر وہ تدبیر ابھی سے اختیار کر لینی چاہیے جو فتنۂ دجال سے حفاظت کے لیے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو سکھلائی ہے۔ سورۂ کہف کی ابتدائی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۟ؕ﴿۱﴾ قَیِّمًا لِّیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَیُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۟ۙ﴿۲﴾ مَّاكِثِیْنَ فِیْهِ اَبَدًا ۟ۙ﴿۳﴾ وَّیُنْذِرَ الَّذِیْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۟ۗ﴿۴﴾ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآىِٕهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ یَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰۤی اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ یُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَسَفًا ﴿۶﴾ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَی الْاَرْضِ زِیْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَیُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَیْهَا صَعِیْدًا جُرُزًا ؕ﴿۸﴾ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِیْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَی الْفِتْیَةُ اِلَی الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

ماہنامہ طلسماتی دنیا (دیوبند انڈیا) کے پرانے نایاب شمارے جن کا ایک ایک عمل تیر بہدف ہے

طلسماتی دنیا

(اگست 2003ء)

قیمت: 300 روپے — صفحات: 98

☆علاج بالقرآن ☆اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی اور روحانی علاج ☆علم اعداد ☆علم الحروف ☆روحانی ڈاک: میں حروف تہجی کی زکوۃ نکالنا چاہتا ہوں ☆خواب کی تعبیر ☆بندش کا شکار ☆عمل کی اجازت ☆عمل موکل کی اجازت چاہیے ☆پتھروں کی خصوصیات ☆اعداد کا جادو: میرے دشمن کس قدر ہیں؟ ☆ پیارے نبی ﷺ کی پیاری باتیں: بدنظری کا نبوی ﷺ علاج ☆ دعائے فقر ☆ دردسر کی دعا ☆ دانت کے درد کی دعا ☆ دواؤں سے علاج ☆ اسم الٰہی "الفتاح" ☆تصوف: انسان فوقیت کا طالب رہتا ہے ☆ چار چیزوں سے عمر بسر کرنی چاہیے ☆ نیک کاموں میں اغراض کو شامل نہ کرو ☆ جادو کا توڑ کیجئے ☆ سحر کی تعریف ☆ جادو قرآن وسنت کی روشنی میں ☆ جادو کے وجود پر دلائل ☆ امام رازیؒ کے نزدیک جادو کی اقسام ☆ تسدیس زہرہ ومشتری ☆عمل خاص ☆ ہبوط شمس ☆ الہام ☆ قرص زہ ☆ سورتیں اور ان کے فضائل ☆فن حاضرات پر ایک مضمون ☆ خواب ایک حقیقت ☆ آسیب زدہ حویلی ☆ اذان بت کدہ ☆ سیاروں کا انسانی زندگی پر اثر وغیرہ

02 طلسماتی دنیا

(ستمبر 2003ء)

قیمت: 300 روپے — صفحات: 98

☆علم الحروف ☆علم الاعداد ☆ اعداد کا جادو ☆ روحانی ڈاک: مؤکل تابع کرنے کی خواہش ☆ روتے ہیں یہ بھی دکھڑا عاملوں کا ☆قوت حافظہ کی کمی ☆ قرض وصولیابی کا عمل ☆ چوتھے دن کا بخار ☆ خارش کا روحانی علاج ☆ یرقان کا روحانی علاج ☆ اعوذ باللہ کے خواص وفضائل ☆ خواب ایک حقیقت: خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت کا عمل ☆ تسدیس عطارد ومشتری ☆ حاضرات کا ایک روزہ عمل ☆ جادو کا توڑ خود کیجئے ☆ شریعت اسلامیہ میں جادو کا حکم ☆ اہل کتاب کے جادوگر کا حکم ☆ کیا جادو کا علم سیکھنا درست ہے؟ ☆ کیا جادو کا علاج جادو سے کیا جاسکتا ہے؟ ☆ جادو، کرامت اور معجزہ میں فرق ☆ ہفت گوہر: دعاء فراغ ☆ دعاء اخلاص ☆ دعاء خضرؑ ☆ دعاء نصرت ☆ دعاء نجات ☆ دعاء معروف ☆ کرشمات صدری عملیات: عمل صدری نادعلی ☆ اسمائے الٰہی "الغفار" ☆ نظرات کے اثرات وغیرہ

03 طلسماتی دنیا

(اکتوبر نومبر 2004ء)

قیمت: 300 روپے — صفحات: 98

☆ روحانی ڈاک: ایک سنجیدہ اعتراض ☆ چکر دفینے اور جنات کا ☆ آبی تعویذوں کو کہاں بہائیں؟ ☆ نقش علم جفر کے بارے میں ☆ تعلقات اعداد: شوہر اور بیوی کی حیثیت ☆ اعداد کا جادو: کیا میرا قرض مجھ سے ادا ہو جائے گا؟ ☆ کشکول عملیات: دفینہ کا پتہ لگانا ☆ حاکم اور افسر کو مسخر کرنے کیلئے ☆ ظالم کے شر سے حفاظت ☆ محفلوں میں عزت پانے کیلئے ☆ عزت وہیبت کیلئے ☆ بیوی کی محبت حاصل کرنے کیلئے ☆ تسخیر جنات کیلئے ☆ دشمن کے خوف سے نجات کیلئے ☆ پورے ماہ محفوظ رہنے کیلئے ☆ تقریر اور مناظرہ میں کامیابی کیلئے ☆ محبوبیت اور ازالہ مرض کیلئے ☆ مریض کو مرض سے نجات کا عمل ☆ ناف ٹلنے کیلئے ☆ کثرت حیض کو روکنے کیلئے ☆ گردے کی تمام بیماریوں کیلئے ☆ مرگی کو دفع کرنے کیلئے ☆ برص کا مرض دور کرنے کیلئے ☆ اگر کوئی بچہ نہ بول پاتا ہو ☆ ہر حاجت کی تکمیل کیلئے ☆ دولت حاصل کرنے کا عمل ☆ پیغام نکاح کیلئے ☆ جنات کی دنیا ☆ لڑکیوں کی شادی کا مجرب ترین عمل ☆ شرف قمر ☆ تسدیس قمر ومشتری ☆ نقش عظیم وغیرہ

04 طلسماتی دنیا

(دسمبر 2004ء)

قیمت: 300 روپے — صفحات: 98

☆ روحانی ڈاک: جادو کے دیرپا اثرات ☆ بغیر رہنمائی کے روحانی سفر ☆ سماعت کی کمزوری کا روحانی علاج ☆ اولاد نرینہ کیلئے ☆ تبادلہ رکوانے کیلئے ☆ قوت حافظہ کیلئے ☆ اعداد کا جادو ☆ آئینہ اعداد ☆ یرقان کے مرض کو دفع کرنے کیلئے ☆ مرتبہ کی بلندی کیلئے ☆ دینی ودنیاوی کامیابیوں کیلئے ☆ تسخیر خلائق کیلئے ☆ مہلک امراض سے نجات ☆ آدھے سر کے درد کیلئے ☆ زیارت رسول اللہ ﷺ کیلئے ☆ باہمی محبت اور صلح کیلئے ☆ مرض نسیان ☆ لوح قرآنی ☆ شاہ جنات کو مسخر کرنے کا عمل ☆ علم النفس ☆ کرشمات جفر: ملازمت میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے ☆ اسم الٰہی "یا قہار" اعداد کی دنیا ☆ حیرتناک طلسمات: پل بھر میں غائب ہونا ☆ زمین اور آسمان مٹھی میں ☆ جنات کی دنیا ☆ محبت اور دوستی کا انجام کیا ہوگا؟ ☆ فوائد چاندنی ماہتاب وغیرہ

پریشانیوں سے نجات کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

سورۂ فاتحہ سے پریشانیوں سے نجات

شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ نے فرمایا کہ یہ دُنیا راحت کی جگہ نہیں، بلکہ راحت کی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔ اس لئے جیسے بھی حالات ہوں، صبر و شکر کے ساتھ وقت گزارنا چاہئے۔ پانچ وقت کی نماز کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔ یہ سب سے بڑا وظیفہ ہے۔ اپنے بچوں کو دینی تعلیم دِلائیں، ٹی وی وغیرہ ہے تو اس کو گھر سے نکال دیں۔

ختم خواجگان برائے ہر مشکل

یہ کوئی عام یا معمولی عمل نہیں ہے۔ یہ عمل سلسلۂ چشتیہ کا خاص عمل ہے۔ مشائخِ چشت کا بہت ہی مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔ اس مبارک عمل سے لاکھوں لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے اور لاکھوں لوگ ہی اب تک اس عمل سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ بڑی بڑی خانقاہوں، بڑے بڑے مدارس، بڑے بڑے دینی اداروں، بڑے بڑے دینی مراکز میں یہ عمل سالہا سال سے پڑھا جا رہا ہے۔

قارئین! اس عمل کو ’’ختم خواجگان شریف‘‘ کہتے ہیں۔ الحمد للہ، جنہوں نے بھی پڑھا، جب پڑھا، جس موقع پر بھی پڑھا، جہاں بھی پڑھا، جس مقصد کیلئے پڑھا، خوب فیض پایا، خوب نفع اٹھایا، بہت کامیاب ہوئے۔ مشکلات میں پڑھا تو سب مشکلات ختم ہوئیں۔ پریشانیوں میں پڑھا تو سب پریشانیاں دور ہوئیں۔ سخت آزمائش میں پڑھا تو تمام آزمائشوں سے جان چھوٹ گئی۔ مقدمات کے خاتمے کیلئے پڑھا تو سخت سے سخت مقدمات سے بری ہو گئے۔ تنگیوں میں پڑھا تو تنگیاں آسانیوں میں بدل گئیں۔ غم اور مصیبتوں میں پڑھا تو ہر قسم کے غم اور دکھ اور ہر قسم کی مصیبتیں ختم ہوئیں۔ قرضوں سے چھٹکارے کیلئے پڑھا تو قرضوں سے نجات ملی...... الغرض جس نے پڑھا، اللہ تعالیٰ نے اس مبارک عمل کی برکت سے آسانیوں کے دروازے کھول دیے۔ عمل یہ ہے:

11 مرتبہ درود شریف

360 مرتبہ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ

360 مرتبہ سورۂ الم نشرح پارہ نمبر ۳۰

360 مرتبہ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ

11 مرتبہ درود شریف

ہر مشکل کے حل کے لیے

نمازِ فجر کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ سات (۷) بار نادِ علی پڑھ کر دعا مانگیں۔

تمام آفات و مشکلات سے نجات

يَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَاعَزِيْزُ

بعد از نمازِ فجر، اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ، ہر طرح کی آفات و مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔

تمام مشکلات کا حل ’’یَا لَطِیْفُ‘‘ سے

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم يَالَطِيْفُ بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

حل المشکلات

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ ہر روز بعد از نماز عشاء پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ بلا ناغہ کریں۔

مخفی گناہوں پر مخفی تعزیر

اظہر عنایت شاہ (کوہاٹ)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے جس طرح ظاہری گناہوں سے بچنے کا حکم دیا ہے اسی طرح باطنی گناہوں سے بھی بچنے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ﴿١٢٠﴾ (الانعام: ۱۲۰)

ترجمہ ''تم ظاہری اور باطنی سب گناہوں کو چھوڑ دو، بے شک جو لوگ گناہ کرتے ہیں، اپنے کئے کی سزا پائیں گے۔''

جس طرح ظاہری گناہوں کا ارتکاب موجب عتابِ خداوندی وباعث نحوست ہے۔ اسی طرح باطنی گناہوں کا ارتکاب بھی موجب عتاب خداوندی وباعث نحوست ہے۔

شیطان ہر شخص کو اس کی حیثیت کے مطابق گناہوں میں مبتلا کرتا ہے۔ کسی کو ظاہری گناہوں میں مبتلا کیا ہوتا ہے تو کسی کو باطنی گناہوں میں مبتلا کیا ہوتا ہے۔

تلبیس ابلیس میں ہے کہ آدمی ظاہری گناہوں کو گناہ سمجھتے ہوئے اُن کے قریب بھی نہیں جاتا لیکن مخفی گناہوں کو گناہ نہ سمجھ کر اپنی سوچ وفکر کو بے لذت گناہوں میں مبتلا کر کے اپنی رُوح وقلب میں سیاہی وظلمت کے انجکشن لگا لگا کر رُوح وقلب کی نورانیت ختم کر کے اپنے آپ کو بے سکونی، بے چینی، اضطراب، اندیشے، پریشانیوں، تشویش، انجانا خوف، گھبراہٹ و وحشت کے تاریک کنویں میں دھکیل دیتا ہے۔ الامان الحفیظ

سوچ وفکر کی پاکیزگی ہی تصوف کی اصل رُوح ہے۔ مراقبہ کیا ہے؟ یہی تصور کرنا کہ فیض الٰہی میرے قلب پر آ رہا ہے اور میرا قلب کہہ رہا ہے اللہ اللہ اللہ۔

حدیث جبریل ''أَنْ تَعْبُدَ اللهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ۔'' (صحیح بخاری ج اول: کتاب الایمان: حدیث 50)

ترجمہ ''تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو۔ اگر یہ درجہ حاصل نہ ہو تو پھر یہ سمجھو کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔'' خیال وتصور کی اعلیٰ معراج یہی تو ہے۔

بدنظری

جس طرح ظاہری بدنظری کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔ اسی طرح باطنی بدنظری یعنی خیال وسوچ کی بے راہ روی صوفیاء کرام کے نزدیک اکبر الکبائر میں سے ہے۔ اور ابلیس یہ زہریلہ تیر سالکوں پر بہت چلاتا ہے جس کے شکار اکثر سالکین ہو بھی جاتے ہیں۔

نظر بد اور بدنظری میں الفاظ کی تقدیم وتاخیر سے جہاں معنی ومفہوم بدل جاتا ہے، وہاں شرعی احکام بھی بدل جاتے ہیں۔

نظر بد کی تباہ کاریاں تو اپنی جگہ مُسلّم، آپ نے پڑھی، دیکھی اور سُنی بھی ہیں۔ لیکن بدنظری کی تباہ کاریاں بھی اپنی جگہ مُسلّم ہیں۔

بدنظری چاہے ظاہری ہو یا باطنی...... اس کا اثر براہِ راست دل پر ہوتا ہے۔ جو بعض اوقات زوالِ ایمان کا سبب بن جاتی ہے۔ اس بارے میں شیخ ابو عبداللہ اُندلسیؒ (جو شیخ شبلیؒ کے شیخ ہیں) کا قصہ مشہور ہے۔

بدنظری کی تباہ کاری، بربادیاں ونحوست اور اس پر خدائے ذوالجلال کی

پکڑ کے مطالعہ کے لئے علامہ عبدالرحمٰن ابن الجوزیؒ کی کتاب ذَمُّ الھویٰ جس کا ترجمہ ''عشق مجازی کی تباہ کاریاں'' کے نام سے کیا گیا ہے، مطالعہ کی جاسکتی ہے۔ یہ اس موضوع پر بہترین کتاب ہے۔

بدنظری کی نحوست پر ایک بزرگ اپنا واقعہ یوں بیان کرتے ہیں کہ میں ایک ناجائز مقام پر نظر لگا بیٹھا اور پھر اس کے انجام کی انتظار لگ گئی۔ چنانچہ مجھے مجبوراً ایک طویل سفر کرنا پڑا جس کے لئے میرا کوئی ارادہ نہ تھا۔ بڑی مشقتیں اٹھائیں۔ اس کے بعد ایک انتہائی قریبی عزیز کی موت واقع ہو گئی۔ اور بہت سی ایسی چیزیں بھی ضائع ہوئیں جو میرے نزدیک بہت ہی قابل قدر تھیں۔ پھر میں نے توبہ کے ذریعے تلافی کی تو حال بنا۔ ایک بار پھر خواہش کا غلبہ ہوا اور پھر اس بدنگاہی میں مبتلا ہو گیا جس سے دل بے نور ہو گیا، رقت ختم ہوگئی اور سابق نقصان سے کہیں زیادہ نقصان ہوا اور مجھے ان نقصانات کے عوض ایسی چیزیں ملیں جو نہ ملتی تو بہتر تھا۔ جب میں نے غور کیا کہ میں نے گنوایا کیا ہے اور اس کے عوض کیا پایا ہے تو ان تازیانوں کی چوٹ سے میں چیخ اٹھا۔ سو خبردار! ساحل پر کھڑا پکار رہا ہوں۔ میرے بھائیو! اس سمندر کی گہرائی سے بچو، اس کی سطح کا سکون دیکھ کر دھوکہ مت کھاؤ۔ ساحل کو لازم پکڑو اور تقویٰ کے قلعہ کو لازم پکڑ لو کہ سزا بہت سخت سنگین اور تلخ ہے اور یہ بھی جان لو کہ تقویٰ کی پابندی میں اغراض وخواہشات کے پورا نہ ہونے کی تلخیاں ضرور ہیں مگر ان کی مثال علاج اور پرہیز کی ہے جس کا انجام صحت ہے اور بدپرہیزی کبھی اچانک موت تک پہنچا دیتی ہے۔

اور بخدا! اگر تم مصیبت بھیجنے والے کی رضا کے لئے کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں پر کتوں کے ساتھ سو جاؤ تو اس کی رضا کے مقابلہ میں یہ کچھ بھی نہیں اور اگر تم دنیاوی اغراض وخواہشات کی انتہا تک کو پالو اور وہ تم سے ناراض ہے اور اعراض کئے ہوئے ہے تو تمہاری سلامتی ہلاکت ہے اور عافیت مصیبت ہے اور صحت بیماری ہے اور انجام پھر خاتمہ پر ہے اور عاقل وہ ہے جو انجام کو پیشِ نظر رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ مصیبت کی دوپہر میں خوب صبر کرو کہ وہ جلد ڈھل جانے والی ہے اور توفیق خُدا تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے کہ ہمت وطاقت اس کے فضل کے بغیر نہیں۔

(کتاب نفیس پھول ترجمہ صید الخاطر صفحہ، ۱۸۵)

بدنظری کی وجہ سے نامعلوم ہم کتنی پریشانیوں، مصیبتوں اور تکالیف میں گھرے رہتے ہیں جس کا ہمیں احساس بھی نہیں ہوتا کہ یہ سب بدنظری کی نحوست ہے۔ متنبی نے کہا ہے:

ومن بلیة الدنیا خطاب مع من لا یفھمہ

''یہ بھی خدا کے عذاب میں سے ہے کہ سزا مل رہی اور عقل نہیں ہے۔''

نقصان کا پتہ چلنا کہ میرے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے اور کیوں ہو رہا ہے؟ یہ بھی تو غیرت اور عقلمندی کی بات ہے

اے چشمِ اشک بار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **''نظر کھٹک پیدا کرتی ہے، کھٹک سوچ کو وجود بخشتی ہے، سوچ شہوت کو ابھارتی ہے اور شہوت ارادہ کو جنم دیتی ہے۔''**

میرا موضوع تو اصل میں مخفی گناہوں، بدنظری کے متعلق تھا لیکن اس میں ظاہری بدنظری کا ذکر بھی آ گیا۔

چلو اچھا ہوا کام آ گئی دیونگی اپنی
وگرنہ ہم زمانے بھر کو سمجھانے کہاں جاتے

اب خطبات حکیم الاسلام سے مخفی گناہوں پر ایک گراں قدر تحریر پیش

خدمت ہے۔

ہاں پھر جیسے افعال زنا وشراب پر حد شرعی اور تعزیرات جاری ہوں گی، ایسے ہی ان باطنی حدود کی خلاف ورزی پر بھی آدمی مواخذہ سے بچ نہیں سکتا۔ قضاءً نہ سہی تو دیانۃً ہی سہی۔ اگر آفاقی سزائیں نہ دی جائیں تو انفسی (ذاتی) ہی سہی یعنی فعل زنا وشراب پر اگر سنگساری اور درّہ زنی کی حد جاری ہوتی، تو اس ذہنی زناکاری اور شراب خوری پر انفسی بیماریاں، آفات غم والم، تشویش و پراگندگی، فتنے اور پریشانیاں باطن پر ہجوم کر آئیں گی۔

اور پھر اس سے بھی بڑھ کر سزا یہ کہ قلب کی نورانیت زائل ہو کر اس میں ظلمت و کدورت کے بادل امنڈ آئیں گے جو اس کے سکون کو زائل کر کے قلب کی بڑی سے بڑی بیماری کا دروازہ کھول دیں گے۔

نیست بیماری چو بیماری دل

پس یہ تشریعی رنگ کی سزائیں نہ ہوں گی تو تکوینی رنگ کی ہوں گی۔ ظاہری آلات سے نہ دی جائیں گی تو باطنی وسائل سے دی جائیں گی کیوں کہ یہ جرائم ہی باطنی آلات (فکر وخیال) سے عمل میں آئے تھے۔

وہ کھلی سزائیں من اللہ تھیں اور یہ مخفی سزائیں بھی جن کا تعزیر ہونا مخفی ہے، من اللہ ہی ہیں۔

بہر حال ظاہر و باطن میں سے کسی سے بھی شراب خوری وزنا کاری کا صدور ہوگا تو ان میں سے کسی پر بھی مواخذۂ خداوندی سے بری نہیں رہ سکتا۔

وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ (البقرۃ:۲۸۴)

ترجمہ ''اور جو باتیں تمہارے نفسوں میں ہیں، ان کو اگر تم زبان وغیرہ سے ظاہر کرو گے یا دل میں پوشیدہ رکھو گے، حق تعالیٰ دونوں حالتوں میں تم سے حساب لیں گے۔ (پھر بجز کفر وشرک کے) جس کو بخشنا ہوگا، بخش دیں گے۔ اور جس کو منظور ہوگا، سزا دیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔''

حاصل یہ نکلا کہ قانون الٰہی دنیوی سلطنتوں کے قوانین کی طرح فقط آدمی کے ظاہر اور جسم پر ہی نہیں چلتا بلکہ بدن سے لے کر قلوب وارواح اور نیات پر لاگو ہوتا ہے۔ پس ظاہری شریعت کی رُو سے تو شراب وزنا......کبیرہ گناہ تھے اور ان کے ظاہری وسائل ......صغیرہ گناہ، جن پر ظاہری حدود و تعزیرات جاری ہوتی تھیں۔ لیکن حاکم حقیقی حق تعالیٰ شانہٗ کی عظمت وجلال اور ظاہر و باطن میں اس کے حاضر وناظر ہونے کی حیثیت سے یہ خیالی زنا و شراب بھی اہل باطن کے نزدیک اکبر الکبائر کہلائے گا، جس پر باطنی سزا مرتب ہوگی۔ (خطبات حکیم الاسلام، ج ۸، ص ۲۰۸-۲۰۹، ناشر: بیت السلام، کراچی)

آخر میں بدنظری سے بچنے کے لئے ایک وظیفہ دیا جا رہا ہے۔ جو حضرات کسی بھی قسم ظاہری و باطنی بدنظری یا نیت کی غلاظت میں مبتلا ہیں اور باوجود کوشش کے اس سے چھٹکارا نہیں پا رہے، وہ حضرات اس وظیفے کو معمول بنا لیں۔ ان شاء اللہ ضرور اُن کو بدنظری کی لعنت سے نجات ملے گی۔

نیت پر بات یاد آئی کچھ عرصہ قبل بندہ نے خواب دیکھا، ایک کہنے والا (دجال) کہہ رہا ہوتا ہے کہ **''میں انٹرنیٹ کے ذریعے لوگوں کے گھروں میں داخل ہوتا ہوں''۔**

ہم (مسلمان) کتنی غفلت میں پڑے ہوئے ہیں جو اس انتظار میں ہیں ہے کہ دجال کا خروج کب ہوگا؟ دجال تو کب کا انٹرنیٹ کے ذریعے ہمارے گھروں میں آیا ہوا ہے۔

بدنظری سے بچنے کا وظیفہ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ.

پڑھنے کی ترکیب: پورا دن کُھلا ورد بھی کر سکتے ہیں۔ صبح وشام ایک ایک تسبیح بھی پڑھ سکتے ہیں۔ ہر نماز کے بعد سات (7)، گیارہ (11) کی تعداد میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ظاہری و باطنی ہر قسم کی بدنظری سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ آپ کا اور میرا حامی وناصر ہو، آمین۔

جادو، جنات، نظر بد کے سخت اثرات سے متاثرہ

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا روحانی عمل کروائیے

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی رہائش ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی آمد و رفت ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے جادو جنات کا مسلط ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے سخت جادو کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے شدید نظر بد کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں مسلسل نقصانات کا ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں آگ لگتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب افراد کا اکثر بیمار رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب کا آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کے رشتے نہ آنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کا پڑھائی میں دل نہ لگنا

خون، تیل، یا پانی کے چھینٹے آتے ہوں، ہڈیاں، سوئیاں، کیل وغیرہ پڑے ملنا
ریت، مٹی، کوئلے وغیرہ کا پڑے ملنا، تعویذات کا یا پتلے وغیرہ کا پڑے ملنا۔
چاول، دال یا دیگر کسی چیز کا اکثر پڑے ملنا
چھت یا سیڑھیوں پر دوڑنے، چلنے، اترنے کی آوازیں آنا، بچوں یا بڑوں کو ڈر لگنا
پکارنے کی آوازیں یا رونے یا ہنسنے کی آوازیں آنا
پوری عمارت یا کسی خاص کمرے یا کسی خاص حصے میں ڈر محسوس ہونا
کھڑکیوں، دروازوں، برتنوں وغیرہ کا بجنا یا حرکت کرنا
حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کا بہت زیادہ ہونا
سانپ، کتے، بلیاں وغیرہ بہت کثرت سے موجود ہونا

وجوہات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر آسیبی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر بندش کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر بندش کے اثرات۔

علامات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کرایہ پر نہ جانا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا کرایہ نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا گاہک نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا فروخت نہ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر گاہکوں، خریداروں کا نہ آنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کھولنے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جانے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا اچاٹ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا خراب ہو جانا ○ دکان مارکیٹ پر جا کر اداس ہو جانا۔

جماعت العالمین: جو لوگ عاملین کو گھر پر یا جگہ پر بلوا کر عمل نہیں کروا سکتے وہ پاکستان اور پاکستان سے باہر گھر بیٹھے خاص عمل کروائیں۔

ذہنی صحت برقرار رکھنے کے سادہ اصول......جو کہ آپ کی زندگی میں خوشی اور سکون لے آئیں گے

ڈاکٹر اختر احمد

کیا آپ شدید مایوسی کے شکار ہیں اور اپنی اس کیفیت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں؟ کیا آپ کسی دکھ سے دو چار ہیں اور دکھ کی کیفیت میں اپنا ذہن صحت مند رکھنا چاہتے ہیں؟ کیا آپ اپنا جسم صحت مند رکھنے کے لیے ذہن صحت مند رکھنے کے طریقوں کی تلاش میں ہیں؟ ذہنی صحت ایک پیچیدہ موضوع ہے۔ یہ طے کرنا مشکل ہے کہ ذہنی صحت کیا ہے؟ ذہنی صحت کے تمام پہلوؤں کو سمجھنا دشوار ہے۔ بہر حال چند سادہ اصولوں پر عمل کر کے آپ اپنی ذہنی صحت برقرار رکھ سکتے ہیں۔ ذہن کو صحت مند رکھنے کے لیے درج ذیل اصولوں پر عمل کیجیے۔ آپ اپنی ذہنی صحت میں فرق محسوس کریں گے۔

1۔ سکون کی نیند سوئیے

نیند کے ذریعے جسم اپنی توانائی بحال کرتا ہے۔ نیند نہ صرف آپ کی توانائی میں اضافہ کرتی ہے بلکہ یہ آپ کی ذہنی صحت کو بھی واقعتاً بہتر بناتی ہے۔

2۔ اپنے جذبات کا برملا اظہار کیجیے

اپنے جذبات کو دبانے کی کوشش نہیں کیجیے بلکہ جیسے بھی جذبات ہوں انہیں ویسا ہی بیان کیجیے۔ لوگوں کے مطالبات کے تحت کسی خاص انداز سے محسوس کرنے کی بجائے اپنے جذبات کے اظہار پر توجہ دیجیے۔

3۔ اپنی غلطیاں "معاف" کر دیجیے

ہر انسان غلطیاں کرتا ہے۔ اگر آپ بھی ماضی میں کوئی غلطی کر چکے ہیں اور اس کے بارے میں ہر وقت پریشان رہتے ہیں تو ایسا مت کیجیے۔ جو ہوا سو ہوا۔ اپنی غلطیاں معاف کرنے اور پچھتاوے کا بوجھ اپنے سر سے اتار دینے سے آپ کی ذہنی صحت پر مثبت اثرات پڑیں گے۔ مگر اپنی غلطیوں سے سبق ضرور لیں۔

4۔ اپنے اعزاز میں تقریب برپا کیجیے

آپ نے حال ہی میں جو کامیابی حاصل کی ہے، خود کو اس پر شاباش دیجیے۔ انعام دینے کے لیے اپنے آپ کو کوئی تحفہ دیجیے۔ زندگی میں صرف ناکامیوں کے بارے میں سوچتے رہنا بہتر نہیں۔ اپنی کامیابیوں کو اہمیت دینا بھی ضروری ہے۔

5۔ اپنے لیے ہمدرد تلاش کیجیے

اپنے خاندان اور دوستوں میں ایسے افراد کو تلاش کیجیے جو آپ کو جیسے آپ ہیں ویسا ہی قبول کریں اور آپ سے محبت کریں۔ اس سے لچک پیدا ہوتی ہے اور ذہنی تناؤ اور کرب سے نجات پانے میں مدد ملتی ہے۔

6۔ صحت بخش غذائیں کھائیے

غور کیجیے کہ کون کون سی غذائیں آپ کی ذہنی کیفیت بہتر کرتی ہیں اور کون کون سی غذائیں آپ کی ذہنی کیفیت پر برا اثر ڈالتی ہیں۔ جو غذائیں آپ کے لیے فائدہ بخش ہیں، انہیں مستقلاً کھانے سے آپ ہمیشہ اچھا محسوس کریں گے۔ اچھے کھانے آپ کی اچھی ذہنی صحت کے لیے سب سے زیادہ ضروری ہیں۔

7۔ دھوپ سے فائدہ اٹھائیے

سرد موسم میں دھوپ انسان کا مزاج خوش گوار بنا دیتی ہے۔ دھوپ شدید مایوسی سے بچاتی ہے اور ذہن کو صحت مند رکھتی ہے۔

8۔ اپنے حواس کو مصروف رکھنے والے کام کیجیے

ہر روز کوئی نہ کوئی ایسا کام کیجیے جس میں آپ کے تمام حواس دیکھنا، چھونا، سونگنا، سننا اور چکھنا شامل ہوں۔ آپ اپنے حواس کو مصروف رکھیں گے تو موجود لمحے میں جی سکیں گے اور زمانہ حال پر توجہ مرکوز کر سکیں گے۔

9۔ تھوڑا وقت تفریح کیجیے

اپنے روزمرہ کاموں میں سے تفریح کے لیے بھی تھوڑا سا وقت نکالیے۔ اس سے آپ کا ذہنی تناؤ ختم ہو جائے گا۔ تفریح کے لیے آپ کوئی مووی دیکھ سکتے ہیں، مُعمّہ حل کر سکتے ہیں یا کسی پارک میں چہل قدمی کر سکتے ہیں۔ اُن مشاغل اور کاموں کے لیے وقت نکالیے جو آپ کو ذہنی سکون دیتے ہوں۔

10۔ نشہ آور چیزوں سے دور رہیے۔

سگریٹ، نشہ آور چیزیں اور الکوحل آپ کی ذہنی صحت پر بہت برا اثر ڈالتی ہیں۔ یہ چیزیں ذہن کو عدم استحکام کا شکار بنا دیتی ہیں۔ سب سے نقصان دہ بات یہ ہے کہ یہ چیزیں آپ میں نقصان دہ محسوسات پیدا کرتی ہیں جو حقیقت میں آپ کی ذہنی صحت کے لیے نہایت مضر ہوتے ہیں۔

11۔ دوسروں کی مدد کیجیے

آپ اپنی توانائی اور فطری استعداد دوسروں کی مدد کرنے میں استعمال کر کے اپنے اندر اپنی وقعت اور عزت کا احساس پیدا کر سکتے ہیں۔ ماہرین نفسیات کہتے ہیں کہ دوسروں کی مدد کرنے سے آپ کو اپنی ذات قابل قدر محسوس ہوتی ہے۔

12۔ نظم وضبط اپنائیے

اپنے آپ پر قابو رکھنے سے آپ میں اپنے قابل قدر ہونے کا احساس پیدا ہوتا ہے کیوں کہ اس طرح آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ اپنی زندگی کے تمام پہلوؤں کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھال سکتے ہیں۔

13۔ کوئی نئی بات سیکھیے

انسان کو یہ وصف دوسرے جان داروں سے ممتاز بناتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو چیلنج دیتا رہتا ہے۔ اپنے آپ کو چیلنج دیجیے کہ آپ نے کچھ نیا سیکھنا ہے۔ یہ کوئی نیا ہنر بھی ہو سکتا ہے اور کوئی کھیل بھی۔

14۔ فنونِ لطیفہ میں سے کوئی فن سیکھیے

جب ہم کسی فن پارے پر وقت صرف کرتے ہیں تو اس سرگرمی سے ہمارے ذہنوں کی ورزش ہوتی ہے اور ہم تخلیقی انداز میں سوچنے لگتے ہیں۔ اپنی ذہنی صحت اچھی رکھنے کے لیے کسی آرٹ گیلری کی سیر کیجیے یا مصوری کی نمائش دیکھنے جائیے۔ یہ بات یقینی ہے کہ اس سے آپ اپنی صورت حال کے بارے میں کوئی نئی سوچ لے کر لوٹیں گے۔

15۔ اپنے لیے اچھا سامع تلاش کیجیے اور خود بھی اچھا سامع بنیے

کوئی ایک فرد ایسا تلاش کیجیے جو آپ کی ہر بات سننے پر راضی ہو۔ اس فرد سے پوری آزادی کے ساتھ باتیں کیجیے۔ اسے اپنے دل کی ہر بات بتا دیجیے۔ آپ بھی اس فرد کی ہر بات پوری توجہ اور ہمدردی سے سنیے۔ ایسا کرنے سے آپ کا ذہنی تناؤ ختم ہو جائے گا۔

16۔ دوستوں سے رابطہ برقرار رکھیے

اپنے حلقہ احباب سے رابطہ برقرار رکھنے کے لیے ہر وہ کام کیجیے جو ممکن ہو۔ اپنے دوستوں کو تواتر کے ساتھ دوپہر یا رات کے کھانے پر مدعو کیا کیجیے۔ ان کے ساتھ مل کر محافل اور تقریبات کا انعقاد کیجیے۔ گہری دوستی ہمیں دوسرے انسانوں سے جُڑنے کا احساس دیتی ہے۔

17۔ پریشان مت رہیے

اگر آپ پریشانی کو اپنے ذہن پر حاوی ہونے دیں گے تو وہ آپ کے ذہن کو ''کھا'' جائے گی۔ اپنی تربیت کیجیے کہ پریشانی کو کسی صورت اپنے ذہن پر حاوی نہیں ہونے دینا۔ فیصلہ کیجیے کہ آپ نے اندیشگی (anxlety) سے پاک زندگی بسر کرنا ہے۔ اللہ سے مدد مانگیے کہ وہ آپ کو پریشانی اور فکر و تشویش سے محفوظ رہنے میں مدد دے گا۔ (بشکریہ محمد احسن بٹ)

بچوں کی اخلاقی تربیت کیسے کریں؟

حضرت مولانا محمد عبدالمعبود مدظلہ

سابقہ شماروں میں دو بری عادتوں ''جھوٹ کی عادت'' اور ''چوری کی عادت'' کا ذکر ہو چکا ہے۔ اب مزید آگے پڑھیے:

بدزبانی کی عادت

گالی گلوچ، بدزبانی اور فحش گوئی...... ان قبیح ترین عادات میں سے ہیں جو بچوں میں عام طور پر جلد رائج ہو جاتی ہیں۔ اس کا سبب دو بنیادی باتیں ہیں:

برا نمونہ جب بچہ ماں باپ کی زبان سے گالی گلوچ سنے گا تو لازمی طور پر وہ بھی ان کلمات کی نقل اتارے گا۔ پھر بری باتیں، گالیاں اور جھوٹ ہی اس کے منہ سے نکلے گا۔

بری صحبت جب بچہ گلیوں میں، سڑکوں پر، آزاد چھوڑ دیا جائے گا، برے بدکردار لڑکوں کے ساتھ اس کی نشست و برخاست ہوگی۔ پھر ان کی زبان سے لعن طعن، گالی گلوچ اور گندی باتیں سنے گا اور ان کی بری صحبت کی وجہ سے یہ برائیاں اس میں بھی اتر جائیں گی۔

اس لئے ماں باپ اور تربیت کرنے والوں پر لازم ہے کہ اپنی اولاد کے لئے نہایت پیار بھرا، میٹھا انداز، شائستہ زبان، پیار سے اور اچھے الفاظ سے بہترین نمونہ پیش کریں اور ساتھ ہی یہ بھی لازم اور ضروری ہے کہ اپنے ان جگر گوشوں کو گلیوں میں، سڑکوں پر کھیلنے والے گندے لوگوں کی صحبت اور بدترین ساتھیوں کی رفاقت سے بچائیں۔

والدین کا یہ بھی فریضہ ہے کہ بچوں کو زبان کی آفات اور برے نتائج، جو انسانی شخصیت کے لئے مضر اور نقصان دہ ہیں اور اس کے وقار کو مجروح کرتے ہیں، سے آگاہ کریں۔ اور حضور انور ﷺ کی اس سلسلہ میں مبارک احادیث بتائیں اور سکھائیں تاکہ بچہ ان بری عادات سے بچ سکے۔

1. رحمت عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

سباب المسلم فسوق وقتاله کفر

''مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔''

2. رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''مومن نہ طعنہ دینے والا ہوتا ہے، نہ لعنت کرنے والا، نہ فحش گو، گندی اور بیہودہ باتیں کرنے والا۔''

3. حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کبیرہ گناہوں میں سے سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ انسان اپنے ماں باپ پر لعنت بھیجے۔'' آپ ﷺ سے پوچھا گیا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! کوئی شخص اپنے ماں باپ پر کس طرح لعنت بھیج سکتا ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''جب ایک شخص کسی کے والد کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کے جواب میں اس کے والد کو گالی دے گا۔ اور ایک شخص کسی کی ماں کو گالی دے تو وہ اس کے جواب میں اس کی ماں کو گالی دے گا۔''

بے راہ روی اور آزادی

اس دور میں جو بدترین چیز مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں میں بہت زیادہ پائی جاتی ہے، وہ بے حیائی اور آزادی ہے۔ بہت سے قریب البلوغ اور نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو دیکھیں، وہ اندھی تقلید کے پیچھے بری طرح پڑے ہوئے ہیں اور گمراہی اور آزادی کے سیلاب میں ڈوب رہے ہیں۔

ایسے بہت سے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کا مقصودِ حیات صرف یہ ہے کہ وہ ظاہر کے اعتبار سے ''ہپی'' بن جائیں۔ ان کی چال میں لڑکھڑاہٹ، گفتگو میں فحاشی اور بے حیائی جھلکتی ہے۔ نشے میں بدمست، کسی آزاد اور آوارہ لڑکی کی تلاش میں سرگرداں ہوں گے۔ جس کے قدموں میں اپنی مردانگی ذبح کر دیں گے۔ اس طرح ایک بے حیائی سے دوسری بے حیائی اور ایک فساد سے دوسرا فساد جنم لے گا۔ اور آخر کار ایک ایسے ہولناک گڑھے میں گر جاتے ہیں جو ان کی تباہی و بربادی کا سبب بن جاتا ہے۔

اللہ جل جلالہ، سب والدین کو اولاد کی صحیح تربیت کرنے کی توفیق دیں۔

خراب صحت کی سات علامتیں

نیویارک ہم اکثر بیمار ہونے کے بعد سوچتے ہیں کہ آخر یہ بیماری کسی قسم کی علامات ظاہر کیے بغیر ہم پر حملہ آور کیسے ہوگئی جبکہ ہم تو بالکل صحت مند تھے؟

مگر یہ سوچ ٹھیک نہیں کیونکہ ایسی متعدد علامات ہوتی ہیں جنھیں ہم معمولی سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں جو کہ درحقیقت ظاہر کر رہی ہوتی ہیں کہ جسم کے اندر سب کچھ ٹھیک نہیں چل رہا، ایسی ہی چند علامات کے بارے میں جانئے جو آپ کو کسی سنگین مرض سے بچانے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔

ہونٹوں کا پھٹنا یا کریکس

ہوسکتا ہے کہ ایسا موسم کی شدت کی وجہ سے ہو، مگر ہونٹوں کا پھٹنا خاص طور پر کونوں سے درحقیقت یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کے اندر وٹامن B12 کی کمی ہے، اس وٹامن کی کمی متعدد طبی مسائل جیسے خون کی کمی کے مرض کا سبب بھی بن سکتی ہے، اس وٹامن کی کمی سے قبل از وقت آگاہ ہوکر آپ خود کو کافی مسائل سے بچاسکتے ہیں۔

جسمانی قد یا قامت میں کمی

سننے میں ہوسکتا ہے کہ عجیب لگے مگر عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ ہمارا قد گھٹنے لگتا ہے، مگر اس کی رفتار میں تیزی اس بات اشارہ ہوتی ہے کہ آپ کی ہڈیوں میں کچھ خرابی ضرور ہے، یہ وہ آسٹیو پوروسز جیسے مرض کا شکار ہو رہی ہیں، ہڈیوں کے امراض کا مطلب یہ ہے کہ کسی بھی وقت فریکچر کا خطرہ گرنے کی صورت میں سامنے آسکتا ہے، تو اس کی قبل از وقت شناخت سے ہمیں اپنی غذا تبدیل کر کے صورتحال کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔

زیادہ ٹھنڈ لگنا

اگر آپ کو کچھ زیادہ ہی سردی لگتی ہے تو یہ اس بات کا عندیہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو اپنے جسمانی دفاعی نظام کو بڑھانے کی ضرورت ہے یا اس کو مسائل درپیش ہیں۔

یہ علامت وٹامن سی کی کمی یا کسی وائرس کے حملے کی نشانی بھی ہوسکتی ہے جس سے آپ آگاہ نہ ہو، تو ایسی صورت میں ایک خون کے ٹیسٹ کے ذریعے خود کو مسائل سے قبل از وقت بچاسکتے ہیں اور اپنی عام صحت کو بہتر بنانے کی کوشش کرسکتے ہیں۔

پیشاب زیادہ زرد ہونا

یہ بہت اہمیت رکھتا ہے کہ آپ اپنے پیشاب کی رنگت پر توجہ دیں کیونکہ یہ ہماری عام صحت کے بارے میں آگاہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہوتا ہے، اگر آپ کے جسم میں پانی مناسب مقدار میں ہو تو اس کی رنگت لگ بھگ شفاف ہوتی ہے، تاہم اگر اس کی رنگت زیادہ زرد یا پیلی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہوسکتی ہے کہ گردوں میں کوئی مسئلہ ہے اور وہاں جمع ہونے والا کچرا مناسب طریقے سے پراسیس نہیں ہو رہا۔

جلد میں مسائل

اگر آپ کو بار بار جلد میں خارش یا کسی اور قسم کے مسئلے کا سامنا ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ الرجی کا ردعمل ہے یا آپ کا جسم آپ کو بتانے کی کوشش کر رہا ہے کہ آپ بہت زیادہ تناؤ کا شکار ہیں اور حالات کو درست کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری جلد جسم کا سب سے بڑا عضو ہوتا ہے تو اس کی بات سننا بہت ضروری ہوتا ہے کیونکہ جسم اکثر اسے مدد کی پکار کے لیے استعمال کرتا ہے۔

معمول کی نیند سے محرومی

اگر آپ کو معلوم ہو کہ آپ کی نیند مسائل کا شکار ہے اور آپ کو بے خوابی کی شکایت ہو رہی ہے تو یہ جسم اور ذہن کے تناؤ کا شکار ہونے کی علامت بھی ہوسکتا ہے، جب ہم سوتے ہیں تو ہمارا جسم تناؤ کا سبب بننے والے ہارمون کورٹیسول کی شرح کو کم کر دیتا ہے، مگر جب ہم تناؤ کا شکار ہوتے ہیں تو ایسا نہیں ہوتا اور بے خوابی کی شکایت پیدا ہوا تی ہے، ایسا ہونے سے جسم اپنی مرمت خود کرنے سے قاصر ہوتا ہے اور متعدد امراض کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ بقیہ ص:30

بقیہ (ص 23): پوشیدہ باتوں کو جاننے اور خبریں حاصل کرنے کے روحانی اعمال

الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ (الاحقاف:۲۹)

پھر اس کاغذ کو گھر کے درخت یا گھر میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں یا دھاگے سے باندھ دیں۔ اور لٹکاتے یا باندھتے وقت صرف گیارہ مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری آیات (افحسبتم انما خلقنکم ۔تا آخر) پڑھیں۔ اس کے بعد عامل کو چاہیے کہ وہ وہاں سے چلا جائے۔ کچھ توقف (تقریباً ایک گھنٹہ) کے بعد جا کر کاغذ کو دیکھے۔ کاغذ پر جنات کی جانب سے لازماً جواب لکھا ہوا ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بقیہ (ص 41): رزق میں برکت کے اعمال

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ (مریم:۶۲)

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ (الانبیاء:۱۰۵)

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ (المؤمنون:۷۲)

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۗ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ (النور:۳۸)

قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۟ فَمَآ اٰتٰنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰكُمْ ۚ (النمل:۳۶)

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ (النور:۶۴)

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵﴾ (قصص:۵)

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ (قصص:۲۴)

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا (قصص:۵۷)

فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ (العنکبوت:۱۷)

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَاۗبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ڰ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾ (العنکبوت:۶۰)

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ (لقمان:۲۰)

كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ (سبا:۱۵)

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲﴾ (فاطر:۲)

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ (سبا:۳۹)

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ (فاطر:۴۴)

اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ (ص:۵۴)

هٰذَا عَطَاۗؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ (ص:۳۹)

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ (النحل:۹۶)

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ (الروم:۴۰)

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ (الطلاق:۲-۳)

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ (النور:۳۸)

نوٹ روحانی علاج گاہ میں یہ تعویذ خاص اوقات میں احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ جو لوگ خود سے نہ لکھ سکیں، وہ رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ تعویذ روحانی دکان پر بھی دستیاب ہے۔ رابطہ: 0334-4312272

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ بغیر کسی فیس والے درج ذیل اعمال کے عامل آپ بن سکتے ہیں۔

مورخہ 20 مارچ 2022ء بروز اتوار کو 20:35 پر نوروز کا وقت شروع ہو رہا ہے۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بد اثرات و کئی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بد اثرات و مختلف بیماریوں کا علاج و حفاظت۔

نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورۂ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تاکہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراھیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلٰم قولا من رب رحیم: حب و تسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لاعلاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لاحول ولاقوۃ الاباللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہدیدی نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جٹھانی، دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتے، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظر بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن لے لئے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۂ مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرھن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ اعمال منگوانے کے لئے روحانی درسگاہ میں کم از کم ایک ہفتہ پہلے اطلاع کرنا ضروری ہے۔ مزید تفصیلات ویب سائٹ پر دیکھیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

جادو جنات کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بد اثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بد اثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروا لیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

ذیل میں چند علامات درج کی جا رہی ہیں۔ یہ علامات سحر و جنات سے متاثرہ معمولی اثرات کے مریض سے لے کر سخت سے سخت سحری و جناتی اثرات کے مریضوں میں پائی جاتی ہیں۔ معمولی اثرات میں ان کی شدت کم ہوتی ہے جب کہ سخت اثرات میں شدت زیادہ ہوتی ہے۔

جسمانی علامات

● پورے جسم یا کسی خاص حصے خاص کر سر، کندھے، کمر، ٹانگوں اور گردوں میں درد ہونا ● جسم کا کوئی خاص حصہ گرم رہنا ● جسم میں آگ کی تپش محسوس ہونا ● جسمانی رنگت کا تبدیل ہو جانا، خصوصاً چہرے کا رنگ سیاہ پڑ جائے ● ہر وقت بخار کی کیفیت رہنا ● کسی سبب کے بغیر سر درد ہونا یا کنپٹیوں پر بوجھ رہنا ● آنکھیں لال رہنا یا آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا ● ناک اور منہ سے گرم ہوا یا خون نکلنا ● کندھوں پر بوجھ رہنا ● دل کی دھڑکن کا تیز یا کم ہو جانا ● گھبراہٹ محسوس کرنا ● سانس مشکل سے آنا اور سینے میں درد ہونا ● عورتوں کی ماہواری میں بے قاعدگی ● ہمبستری کے وقت عورت کا انتہائی گھٹن محسوس کرنا ● شوہر یا بیوی میں ہمبستری کی خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ

گھر کی علامات

● زمین، دیوار یا چیزوں پر خون، تیل، پانی، رنگدار پانی کے چھینٹیں آنا ● چیزوں کا اِدھر اُدھر ہونا (یعنی اپنی جگہ نہ ملنا بلکہ کہیں اور رکھے ہوئے ملنا) ● زہریلے جانوروں کا نکلنا مثلاً سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر دال/ چاول/ انڈے وغیرہ پڑے ملنا ● تعویز/ سوئیاں/ بال/ دھاگہ/ مٹی/ ریت/ راکھ وغیرہ پڑے ملنا ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر جانور کا سر/ کچا گوشت/ ہڈیاں/ پتھر/ کنکر پڑے ملنا ● الماری/ بند بکس میں، باہر رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا ● چارپائی، بستر، دروازوں، کھڑکیوں، برتنوں وغیرہ کا ہلنا یا کھڑکنا ● چھت پر چلنے یا دوڑنے کی آوازیں آنا (خصوصاً رات کو) ● بتی (لائٹ) کا خود بخود جلنا بجھنا ● گھر میں کسی کے چلنے پھرنے کی آوازیں آنا۔

اگر درج بالا حالات کسی کے ساتھ ہوں تو یہ کورس ایسے ہی فرد کے لیے پیغامِ شفاء ہے۔ اس کورس میں روحانی دکان کی بہت سی مجرب تیار شدہ اشیاء کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے اس کورس کی افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کورس میں روحانی اگربتی، روحانی آبِ شفاء، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، روحانی شہد، روحانی تیل، روحانی نمک، روحانی چینی، روحانی صابن اور بہت سی چیزیں بھی اس میں مریض کو استعمال کروائی جاتی ہیں۔

اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔

ھدیہ فی کورس (40 یوم)

ابتدائی (4500) درمیانہ (6500) انتہائی (8500)

ھدیہ فی کورس (21 یوم)

ابتدائی (2300) درمیانہ (3300) انتہائی (4300)

مراقبہ رُوحانی پرواز یعنی جسمِ لطیف کی عالمِ بالا کی سیر

اس کورس کی عملی تربیت انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز، اسلام نگر حویلی لکھا میں پیر صوفی غلام سرور شباب کی زیر نگرانی دی جاتی ہے۔ یہ کورس ایک مراقبہ پر مشتمل ہے۔ اس مراقبہ میں رُوحانی طالب علم کو عملی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ کیسے اپنے پیکرِ رُوحانی (جسمِ لطیف) کو اپنے مادی جسم سے عالمِ بالا کی طرف بھیج کر دیگر رُوحانی جہانوں کی سیر کر سکتا ہے۔ یہ کورس تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں کورس کی تفصیل اور تھیوری دی گئی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں۔

رُوحانی گائیڈ (ملک خضرائیل) اور (یوشاہ ملک) اور (شاعون خاتون) اُس کی کس طرح رہنمائی کرتے ہیں۔ روضہ رسول ﷺ پر حاضر ہو کر کس طرح رُوحانی فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بغداد شریف میں جناب غوث الاعظم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کیسے فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ رُوحانی مخلوق سے ملاقات کر کے کس طرح اُن سے قدیم ترین علوم کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہے۔ یہ کورس اُن کے لیے بھی مفید ہے جو کسی خاص قسم کے مسائل کا شکار ہوں یا کسی ایسی بیماری میں گھرے ہوں جس کی تشخیص نہ ہو پا رہی ہو۔ یا علاج سمجھ میں نہ آ رہا ہو۔ مثلاً عورتوں کے چہرے کی خوب صورتی، چہرے پر بال وغیرہ سیلز مین اور مارکیٹنگ سے متعلقہ افراد اپنی شخصیت کو پرکشش اور بارعب بنانا چاہتے ہوں۔ ڈاکٹر اور حکیم شفا بخشی کی قوتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں۔ طالب علم جو کند ذہنی و نسیان سے چھٹکارا پانا چاہتے ہوں۔ اور اپنی یادداشت میں خاطر خواہ اضافے کے طالب ہوں۔ رُوحانی طالب علم کو اس کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔ چند گھنٹوں کے اس مراقبہ میں رُوحانی طالب نئے جہانوں سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔

جب کہ حصہ سوم میں ''کوہ کاف میں ملکِ جنات اور پرستان کی سیر''۔ جنات کے بادشاہ (دَمرُیاطُ الصَّندِیُد) کی بارگاہ میں شرف یابی''۔ ''سات سو بادشاہوں کی ملکۃ الجمال کی بارگاہ میں شرفِ زیارت''، مشرقی، مغربی، سمندری اور خشکی کے جنات کے بادشاہ ملک طارش کی بارگاہ میں حاضری کا مراقبہ شامل ہے۔

کورس کی فیس: 10,000 روپے

سیکھنے والے فرد کا ادارہ میں حاضر ہونا ضروری ہے

خیر اندیش
علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

جعفریہ جنتری 2022ء

ہر گھر کی ضرورت آئمہ معصومین کے اوراد و وظائف آپ کے تمام مسائل کا مکمل حل

چیف ایڈیٹر: محمد ایاز مزمل حسین شاہ | صفحات: 152 | قیمت: 250 روپے

☆ دعائے اختتام و آغاز سال کی دعا ☆ نماز استغاثہ ☆ مناجات شکر خدا ☆ مناجات طلب حوائج ☆ چالیس احادیث ☆ خواص سورۂ مزمل ☆ نوروز عالم افروز ☆ آداب و اعمال نوروز ☆ احکامات زائچہ نوروز ☆ تقویم (کیلنڈر) ☆ اہم نظرات سیارگان (یونانی) ☆ کسوف وخسوف ☆ قرآن کریم سے مسائل کا حل ☆ جادو کا توڑ ☆ کنز الوظائف ☆ تسخیر ابو یوسف ☆ اعمال مجربہ ☆ نظر بد سے حفاظت ☆ نایاب عمل تسخیر حب ☆ ناخوشگوار ازدواجی تعلقات ☆ نایاب حاضرات ☆ لوح تحفظ کیمیائی ☆ حاضری موکلات الارواح ☆ عمل برائے حصول انعام ☆ مجربات روحانی ☆ شادی خانہ آبادی ☆ دفع بندش نکاح ☆ خاتم تسخیر ☆ قبولیت دعا کے اوقات ☆ عمل نایاب حاضرات ☆ تسخیر خلائق ☆ استخراج حسابی جدول ☆ دائمی جعفری فالنامہ ☆ اہم امور، آغاز سفر ☆ جائیداد خریدنا، ملازم رکھنا ☆ مقدمہ کی ابتداء، قرض لینا ☆ بچے کا نام رکھنا، بچے کا عقیقہ ☆ رنگ اور لباس ☆ پتھر اور نگینے ☆ سعد تاریخیں اور نکاح ☆ صدقات ☆ رواں سال کیسا رہے گا؟

عبقری روحانی جنتری 2022ء

جمع و ترتیب: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی | عام قیمت: 240 روپے | صفحات: 144

☆ پہلی مرتبہ جنتری کا حصہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشکل کشا دعا ☆ 2022ء میں زندگی کو خوبصورت بنانے والے اعمال ☆ رزق کی تنگی ختم، بابا جی کا عطا کردہ خاص تعویذ ☆ چند منٹ یہ کلمات پڑھے اور جنات ہمیشہ کیلئے چلے گئے ☆ خواتین کے مسائل کیلئے خاص تعویذ ☆ دست غیب سے رزق پانے کا عمل ☆ عشق مصطفیٰ ﷺ کیلئے نہایت مجرب عمل ☆ پریشان حال ماؤں کیلئے خاص تحفہ ☆ میاں بیوی کی آپس کی ناچاقی لڑائی جھگڑوں سے نجات ☆ ناف ٹل جانے کا طلسماتی تعویذ سے علاج ☆ اسقاط حمل کا علاج سورۂ یٰسین سے کیجئے ☆ نقش لکھ کر جلائیں، چوری اور گمشدہ چیز کی واپسی یقینی ☆ 2022ء میں مقروض لوگ گھبرانا چھوڑ دیں ☆ سخت خوف اور پریشانی میں مبتلا افراد کیلئے ☆ بوڑھے کو جوان کر دینے والا ٹوٹکہ ☆ دمہ اور کھانسی سے نجات کا زبردست ٹوٹکہ ☆ صاحب کمال درویش کا عطا کردہ خاص عمل ☆ کپڑے کٹتے ہوں یا خون کے چھینٹے پڑتے ہوں ☆ شوگر کا آسان اور سستا علاج ☆ آیت الکرسی اور آیت کریمہ کا عددی نقش ☆ ہر قسم کے وبائی امراض سے حفاظت کا نقش ☆ فالج کے مرض سے نجات پائیں ☆ کمر درد اور مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے۔

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

فروری 2022ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

فروری 2022ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ علاج ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35410586